جَدٌّ: بزرگی۔ شان۔ بزرگ ہونا۔ عظمت۔ بے نیازی۔

جِدَارٌ: دیوار۔ جُدُرٌ جمع

جِدَالٌ: جھگڑا۔ بحث۔ لڑائی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جُدَدٌ: راہیں۔ گھاٹیاں۔ دھاریاں۔ علامات۔ نشانات۔ راستے۔ جُدَّةٌ واحد۔

جُدُرٌ: دیواریں۔ جِدَارٌ واحد

جَدَلًا: جھگڑا کرنے کیلیے۔ لڑائی کے واسطے۔ برائے جھگڑا۔

جَدَلٌ: لڑائی۔ جھگڑا کرنا۔

جَدِيْدٌ: نیا۔ تازہ۔ جُدُدٌ جمع

جُذَاذًا: ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزہ ریزہ۔

جِذْعٌ: تنا۔ درخت کا گدا۔

جَذْوَةٌ: چنگاری۔ شعلہ جُذًى جمع

جُذُوْعٌ: تنے۔ شاخیں۔ جِذْعٌ واحد

جَرَادٌ: ٹڈیاں۔ جَرَادَةٌ واحد

جَرَحْتُمْ: تم نے زخمی کیا۔ کمایا۔

جُرُزٌ: بنجر زمین۔ چٹیل میدان۔

جُرُفٌ: غار آبگیری۔ یعنی پانی جمع ہونے کی جگہ۔ سیلاب سے ٹوٹ جانے والا کنارہ۔ کمزور کھوکھلی جگہ۔ جُرُفٌ جمع

لَاجَرَمَ: ضرور۔ ناچار۔ یقیناً۔ کوئی مضائقہ نہیں۔

جُرُوْحٌ: کئی زخم۔ جُرْحٌ واحد

جَرَيْنَ: وہ بہیں۔ جاری ہوئیں۔ بہہ نکلیں۔ جَرْيٌ مصدر

جُزْءٌ: ٹکڑا۔ اولاد۔ حصہ۔ لڑکے۔ اَجْزَاءٌ جمع

جَزٰى۔ جَزَا: اس نے بدلہ دیا۔ جزا دی۔

جَزَآءٌ: بدلہ۔ اجر۔ انعام۔ مزدوری۔

جَزِعْنَا: ہم بے قرار ہوئے۔ جَزْعٌ مصدر

جَزُوْعٌ: بے قرار۔ گھبرانے والا۔ آہ و زاری کرنے والا۔ بے صبر۔

جَزَيْتُ: میں نے بدلہ دیا۔ انعام دیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جِزْیَۃٌ: خراج جو اسلامی حکومت میں کافروں سے لیا جاتا ہے جِزًی جمع

جَزَیْنَا: ہم نے بدلہ دیا۔ انعام دیا۔

جَسَدٌ: دھڑ۔ بدن۔ اَجْسَادٌ جمع

جِسْمٌ: بدن۔ جسم۔ اَجْسَامٌ جمع

جَعَلَ: اس نے بنایا۔ کیا۔ تیار کیا۔ گھڑا۔ ٹھیرایا۔ شروع کیا۔ مقرر کیا۔

جُعِلَ: وہ مقرر کیا گیا۔ لازم کیا گیا۔

جَعَلَا: ان دونوں نے ٹھیرایا۔ بنایا۔

جَعَلَتْ: اس نے کر دیا۔ بنا دیا۔ (مؤنث)

جَعَلْتُ: میں نے کیا۔ بنایا۔ پیدا کیا۔ جَعْلٌ مصدر

جَعَلْتُمْ: تم نے ٹھیرایا۔ بنایا۔

جَعَلْنَا: ہم نے کیا۔ بنایا۔ تیار کیا۔

جَعَلُوْا: انہوں نے ٹھیرایا۔ بنایا۔

جُفَاءٌ: کوڑا کرکٹ۔ جھاگ۔ باطل۔

جِفَانٌ: لگن۔ بڑے پیالے۔ دیگیں۔ جَفْنَۃٌ واحد

جَلَاءٌ: اُجڑنا۔ جلاوطن ہونا۔ جلاوطنی۔ (مصدر)

جَلّٰی: اس نے روشن کیا۔ ظاہر کیا۔

جَلَابِیْبُ: عورتوں کا چوڑا چکلا لباس۔ چادریں۔ جِلْبَابٌ واحد

جَلَالٌ: بزرگی۔ شان۔ عظمت۔

جَلْدَۃٌ: کوڑا۔ ہنٹر۔ تازیانہ۔ کوڑے کی ایک مار۔ چمڑے کا ٹکڑا۔

جُلُوْدٌ: کھالیں۔ جلدیں۔ جِلْدٌ واحد۔

جَمًّا: بہت زیادہ۔ شدید۔ انتہائی۔

جَمَالٌ: خوبی۔ خوبصورتی۔ شان۔

جِمٰلَتٌ: کئی اونٹ۔ (جمع الجمع)۔ جِمَالَۃٌ جمع۔ جَمَلٌ واحد۔

جَمَعَ: اس نے جمع کیا۔ اکٹھا کیا۔

جُمِعَ: وہ اکٹھا کیا گیا۔ جمع کیا گیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جَمْعٌ : جمع کرنا۔ جمع ہونا۔ جماعت۔ فوج۔ جُمُوْعٌ جمع۔

جَمْعَانِ : دو فوجیں۔ دو گروہ۔

جُمُعَةٌ : روزِ جمعہ۔ (یَوْمُ الْجُمُعَةِ)

جَمَعْنَا : ہم نے اکٹھا کیا۔ جمع کیا۔

جَمَعُوْا : وہ جمع ہو گئے۔ اکٹھے ہو گئے۔ انہوں نے جمع کیا۔

جَمَلٌ : نر اونٹ۔ جِمَالٌ جِمَالَةٌ جمع

جُمْلَةً : ایک بارگی۔ ایک دم۔ تمام۔

جَمِيْعٌ : سب کے سب۔ تمام۔

جَمِيْلٌ : بہتر۔ خوبصورت۔ نیک۔

جَنَّ : اس نے ڈھانپ لیا۔ چھپا لیا۔

جِنٌّ : جن۔ پریاں۔ شیطان۔ آگ سے پیدا شدہ مخلوق۔ (اسمِ جمع)

جَنًا : (تازہ) میوہ۔ پھل۔ اَجْنَاءٌ جمع

جَنَّاتٌ : باغ۔ جنتیں۔ جَنَّةٌ واحد

جُنَاحٌ : گناہ۔ حرج۔ جرم۔ مضائقہ۔

جَنَاحٌ : بازو۔ ہاتھ۔ پہلو۔ پَر۔ اَجْنِحَةٌ جمع

جَنَاحَيْ : دو بازو۔ دو پَر۔ (ن آخر سے گر گیا)۔

جُنُبٌ : ناپاک۔ دور۔ غسل کا محتاج۔

جَنْبٌ : طرف۔ جانب۔ پہلو۔ جُنُوْبٌ جمع۔

جِنَّةٌ : جن۔ جنوں کی جماعت۔ جِنِّيٌّ واحد۔ دیوانگی۔ پاگل پن۔

جُنَّةٌ : ڈھال۔ آڑ۔ جُنَنٌ جمع

جَنَّةٌ : باغ۔ جنت۔ جَنَّاتٌ جمع

جَنَّتَانِ : دو باغ۔ دو بہشتیں۔

جَنَّتَيْنِ : دو باغ۔ دو بہشتیں۔

جَنَحُوْا : وہ جھکے۔ پست ہوئے۔ انہوں نے بازو گرایا۔ جُنُوْحٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

جُنْدٌ: فوج۔ لشکر۔ جُنُوْدٌ جمع

جَنَفٌ: بے جا طرفداری۔ ظلم۔ کجی۔

جُنُوْبٌ: پہلو۔ کنارے۔ جَنْبٌ واحد

جُنُوْدٌ: فوجیں۔ لشکر۔ جُنْدٌ واحد

جَنِيٌّ: تازہ چُنا ہوا (میوہ)۔ (صفتِ مشبہ)

جَوٌّ: آسمان اور زمین کا درمیانی حصہ۔ فضا۔ خلا۔ جِوَاءٌ جمع

جَوَابٌ: جواب۔ بولنا۔ اَجْوِبَةٌ جمع

جَوَابٍ: حوض۔ تالاب جَابِيَةٌ واحد

جَوَارٍ: کشتیاں۔ جہاز۔ جَارِيَةٌ واحد

جَوَارِحُ: شکاری جانور۔ زخمی کرنے والے۔

اَلْجُوْدِيُّ: وہ پہاڑ جس پر حضرت نوحؑ کی کشتی ٹھیری تھی۔ کوہ ارارات۔

جُوْعٌ: بھوک۔ فاقہ۔ مَجَاعِةٌ جمع

جَوْفٌ: پیٹ۔ اندر۔ اندرونی حصہ۔

جِهَادٌ: لڑنا۔ کوشش۔ محنت۔

جِهَارًا: برملا۔ کھلم کھلا۔ پکار کر۔

جَهَازٌ: اسباب۔ سامان۔ اَجْهِزَةٌ جمع

جَهَالَةٌ: نادانی۔ بے وقوفی۔ بے سمجھی۔

جُهْدٌ: کوشش۔ محنت۔ جاں فشانی۔

جَهْدٌ: پختہ۔ پکی (قسم)

جَهْرٌ: پکارنا۔ ظاہر کرنا۔ کھلی بات۔

جَهَرَ: اُس نے پکارا۔ وہ زور سے بولا۔ اس نے ظاہر کیا۔ جَهْرٌ مصدر

جَهْرًا: ظاہرا۔ ظاہر طور پر۔

جَهْرَةً: بلا حجاب۔ صاف طور پر۔ عیاں۔ خبر ہونے پر۔

جَهَّزَ: اس نے تیار کر دیا۔ تَجْهِيْزٌ مصدر

جَهَنَّمُ: دوزخ۔ دوزخ کا ایک طبقہ

جَهُوْلٌ: بڑا نادان۔ بڑا بے سمجھ۔

جِيَادٌ: بہت اچھے۔ عمدہ۔ تیز رَو۔

جَيْبٌ: گریبان۔ دل اور سینہ۔ جُيُوْبٌ جمع

جِيْدٌ: گردن۔ اَجْيَادٌ جُيُوْدٌ جمع

جُيُوْبٌ: سینے۔ گریبان۔ جَيْبٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

جِئَ (بِ): وہ لایا گیا۔ مَجِیْءٌ مصدر

ح

حَاجٌّ: حاجی۔ حج کرنے والے۔ (اسم جمع)

حَاجَّ: اس نے جھگڑا کیا۔ حجت کی۔

حَاجَةٌ: ضرورت۔ حاجت۔ خواہش۔ خیال۔ خطرہ۔ غرض۔ حَوَائِجُ جمع

حَاجَجْتُمْ: تم نے جھگڑا کیا۔ حجت کی۔

حَاجِزٌ: آڑ۔ روک۔ حجاب۔ روکنے والا۔ منع کرنے والا۔ حَوَاجِزُ جمع

حَاجِزِیْنَ: روکنے والے۔ باز رکھنے والے۔

حَاجُّوْا: انھوں نے جھگڑا کیا۔ بحث کی

حَادَّ: اس نے مقابلہ کیا۔ مخالفت کی۔

حَاذِرُوْنَ: ڈرنے والے۔ خطرہ رکھنے والے۔ حَاذِرٌ واحد

حَارَبَ: اس نے لڑائی کی۔ جنگ کی۔

حَاسَبْنَا: ہم نے حساب کر لیا۔ حساب لے لیا۔ ہم نے گن لیا۔ مُحَاسَبَةٌ مصدر

حَاسِبِیْنَ: گننے والے۔ حساب لینے والے۔ حَاسِبٌ واحد

حَاسِدٌ: بدخواہ۔ برا چاہنے والا۔ حسد کرنے والا۔ حَسَدٌ مصدر

حَاشَ لِلّٰهِ: سبحان اللہ۔ (کلمۂ تنزیہ) توبہ توبہ۔

حَاشِرِیْنَ: جمع کرنے والے۔ نقیب۔ ڈھنڈورا پیٹنے والے۔ اکٹھا کرنے والے۔ حَاشِرٌ واحد

حَاصِبٌ: سخت ہوا۔ پتھر برسانے والی ہوا۔ سخت آندھی۔

حَاضِرًا: حاضر۔ روبرو۔ موجود۔

حَاضِرَةٌ: کنارے۔ روبرو۔ نقد، ہاتھوں ہاتھ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَاضِرِیْ: رہنے والے۔ باشندے۔
حَافِرَۃٌ: اُلٹے پاؤں۔ پہلی حالت۔
حَافِظٌ: نگہبان۔ اللہ کا صفاتی نام۔
حَافِظَاتٌ: نگاہ رکھنے والیاں۔ حفاظت کرنے والیاں۔
حَافِظُوْا: تم نگاہ رکھو۔ دھیان رکھو۔
حَافِظُوْنَ: تھامنے والے۔ نگاہ رکھنے والے۔ حفاظت کرنے والے۔
حَافِظِیْنَ: نگہبانی کرنے والے۔ حفاظت کرنے والے۔
حَآفِّیْنَ: گرداگرد کھڑے رہنے والے۔ گھیرا باندھے ہوئے۔ حَفٌّ مصدر
حَاقَ: اس نے گھیر لیا۔ اُلٹ پڑا۔ ثابت ہوا۔ آپڑا۔ حَیْقٌ مصدر
حَاقَّۃٌ: ثابت ہونے والی۔ سچ مچ ہونے والی۔ قیامت۔ ضرور ہونے والی۔ آپڑنے والی۔

حَاکِمِیْنَ: فیصلہ کرنے والے۔ حکم دینے والے۔ حَاکِمٌ واحد
حَالَ: وہ حائل ہوگیا۔ بیچ میں آپڑا۔ درمیان میں آگیا۔ حَوْلٌ مصدر
حَامٍ: وہ اونٹ جس نے دس بچے جنوائے ہوں۔ (جاہلیت میں، اہلِ عرب ایسے اونٹ کو بار برداری یا کسی دوسرے کام میں استعمال نہیں کرتے تھے بلکہ کھانے پینے کے لیے بتوں کے نام پر آزاد چھوڑ دیتے)۔ ممنوع الاستعمال۔ بوڑھا اونٹ۔ حُمَاۃٌ جمع
حَامِدُوْنَ: سراہنے والے۔ تعریف کرنے والے۔ حمد کرنے والے۔ حَامِدٌ واحد۔ حَمْدٌ مصدر
حَامِلَاتٌ: اُٹھانے والیاں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَامِلِيْنَ : اُٹھانے والے۔
حَامِيَةٌ : گرم ہونے والی۔ دہکتی ہوئی۔
حَبٌّ : اناج۔ دانہ۔ بیج۔ حُبُوْبٌ جمع
حُبٌّ : دوستی۔ محبت۔ پسند۔
حَبَّ : اس نے دوستی کی۔ پسند کیا۔ محبت کی۔ حُبٌّ مصدر
حُبًّا جَمًّا : جی بھر کر۔ بہت چاہ کر۔
حِبَالٌ : رسیاں۔ حَبْلٌ واحد
حَبَّبَ : اُسنے محبت ڈال دی۔ محبوب بنا دیا۔ پسندیدہ بنا دیا۔ تَحْبِيْبٌ مصدر
حَبَّةٌ : اناج کا ایک دانہ یا بیج۔ حُبُوْبٌ جمع
حَبِطَ : وہ اکارت ہوگیا۔ ضائع ہوگیا۔
حَبِطَتْ : وہ ضائع ہوئی یا ہوئے۔
حُبُكٌ : راہیں۔ برج۔ ستاروں کے مجموعے یا دائرے۔ حِبَاكٌ واحد
حَبْلٌ : رسّی۔ عہد۔ پیمان۔ حِبَالٌ جمع

حَبْلُ الْوَرِيْدِ : رگِ جان۔ شہ رگ۔
حَتّٰى : جب تک کہ۔ یہاں تک کہ۔
حَتْمٌ : ضرور۔ لازم۔ آخری فیصلہ۔
حَثِيْثًا : دوڑتا ہوا۔ تیزی سے۔
حَجٌّ : حج۔ زیارتِ کعبہ۔ سال۔ برس۔
حِجٌّ : ارادہ کرنا (زیارت کا)۔ حج کرنا۔
حَجَّ : اس نے حج کیا۔ زیارت کی۔
حِجَابٌ : پردہ۔ اوٹ۔ حُجُبٌ جمع
حِجَارَةٌ : کنکریاں۔ پتھر۔ حَجَرٌ واحد
حُجَّةٌ : دلیل۔ جھگڑا۔ شبہ حُجَجٌ جمع
حِجَجٌ : کئی حج۔ برس۔ سال۔ حِجَّةٌ واحد
حَجَرٌ : پتھر۔ حِجَارٌ۔ حِجَارَةٌ جمع
حِجْرٌ : ممنوع عقل۔ ایک بستی کا نام ہے جہاں قوم ثمود رہتی تھی۔
حُجُرَاتٌ : کوٹھڑیاں۔ چار دیواری۔ کمرے۔ حُجْرَةٌ واحد
حُجُوْرٌ : گودیں۔ آغوش۔ حِجْرٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَدَآئِقُ : باغات۔ چہار دیواری سے گھرے ہوئے باغیچے۔ حَدِیْقَۃٌ واحد

حِدَادٌ : تیز غضبناک۔ حَدِیْدٌ واحد

حَدَبٌ : مکانِ بلند۔ ٹیلے۔ اونچی جگہ۔

حَدِّثْ : تُو بات کہہ۔ تو بتا۔ بیان کر۔

حُدُوْدٌ : حدیں۔ احکام۔ قاعدے۔ انتہا۔ حَدٌّ واحد

حَدِیْثٌ : بات۔ خبر۔ افسانہ۔ اَحَادِیْثُ جمع

حَدِیْدٌ : لوہا۔ تیز (نگاہ) اَحِدَّآءُ جمع

حَذَرٌ : ڈر۔ خوف۔ بچنا۔ ڈرنا۔

حِذْرٌ : بچاؤ۔ ہتھیار۔

حُرٌّ : آزاد۔ جو غلام نہ ہو۔ اَحْرَارٌ جمع

حَرٌّ : گرمی۔ تپش۔ حُرُوْرٌ جمع

حَرَامٌ : ناروا۔ ممنوع۔ غیر حلال۔ عزّت و حرمت والا۔ حُرُمٌ جمع

حَرْبٌ : لڑائی۔ جنگ۔ حُرُوْبٌ جمع

حَرْثٌ : کھیت۔ کھیتی۔ زراعت۔

حَرَجٌ : تنگی۔ تکلیف۔ گناہ۔ حرج۔

حَرْدٌ : تیزی اور غصہ سے منع کرنا۔

حَرَسٌ : نگہبان لوگ۔ چوکیدار۔ باڈی گارڈ۔ حَرَسِیٌّ واحد

حَرَصْتَ : تونے آرزو کی۔ خواہش کی۔ تو چاہے۔ حِرْصٌ مصدر

حَرَصْتُمْ : تم نے آرزو کی۔ خواہش کی۔ (اگرچہ) تم چاہو۔

حَرَضٌ : بیمار۔ مضمحل۔ بیماری سے گھل جانا۔ ہلکان ہو جانا گھل مرنا۔

حَرِّضْ : تُو برانگیختہ کر۔ ترغیب دلا۔ اُبھار۔

حَرْفٌ : کنارہ۔ طرف۔ ہر اِحْرِفٌ جمع

حَرِّقُوْا : تم جلا دو۔ جھلس دو۔ تَحْرِیْقٌ مصدر

حُرُمٌ : ممنوع چیزیں۔ احرام باندھے ہوئے۔ ادب و احترام والے۔ پناہ والے۔ حَرَامٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَرَّمَ : اس نے منع کیا۔ حرام کیا۔
حُرِّمَ : وہ منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔
حَرَمٌ : پناہ کی جگہ۔ ادب کا مقام۔ مکہ شریف۔
حُرُمَاتٌ : عزت کی چیزیں۔ حُرْمَةٌ واحد
حُرِّمَتْ : وہ منع کی گئی۔ حرام کی گئی۔
حَرَّمْنَا : ہم نے منع کیا۔ حرام کر دیا۔
حَرَّمُوْا : انہوں نے منع کیا۔ حرام ٹھیرایا۔
حَرُوْرٌ : لُو۔ گرم ہوا۔ دھوپ۔
حَرِيْرٌ : ریشم۔ ریشمی کپڑا۔
حَرِيْصٌ : بڑا لالچی۔ خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔ حِرَاصٌ جمع
حَرِيْقٌ : جلانے والا۔ آگ۔ (صفتِ مشبہ)
حِزْبٌ : گروہ۔ جتھا۔ فوج۔ جماعت۔ پارٹی۔ اَحْزَابٌ جمع
حِزْبَيْنِ : دو گروہ۔ دو جتھے۔
حُزْنٌ : غم۔ رنج۔ افسوس۔ بیقراری۔
حَزَنٌ : غم۔ رنج۔ اندوہ۔
حَزَنًا : بوجہ غم۔ باعثِ غم۔
حِسَابٌ : شمار کرنا۔ گننا۔ حساب۔ شمار۔
حِسَابِيَهْ : میرا حساب۔ (حِسَابِیْ تھا بحالتِ وقفی آخر میں "ہ" بڑھائی گئی)
حِسَانٌ : خوبصورت۔ نفیس۔ پسندیدہ۔ حَسَنٌ۔ حَسْنَاءُ واحد
حَسْبُ : بس ہے۔ کافی ہے۔ (اسمِ فعل)
حَسِبَ : اس نے خیال کیا۔ گمان کر لیا۔ وہ کافی ہوا۔ حِسْبَانٌ مصدر
حُسْبَانٌ : اندازہ۔ عذاب۔ آفت۔ مقررہ حساب۔
حَسِبَتْ : وہ سمجھی۔ اس نے خیال کیا۔
حَسِبْتَ : تو نے خیال کیا۔ گمان کیا۔
حَسِبْتُمْ : تم نے خیال کیا۔ تم نے جانا۔
حَسِبُوْا : وہ سمجھے۔ انہوں نے خیال کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَسَدَ: اس نے حسد کیا۔ عداوت کی۔
حَسَدًا: کینہ کی حالت میں۔ عداوت میں۔
حَسَرَاتٌ: پشیمانیاں۔ حَسْرَةٌ واحد
حَسْرَةٌ: افسوس۔ پچھتاوا۔ پشیمانی۔
حَسْرَتٰى: ہائے افسوس۔ کم بختی۔
حُسْنٌ: خوبصورتی۔ نیکی۔ بھلائی۔
حَسَنٌ: نیک۔ عمدہ۔ خوبصورت۔
حَسُنَ: وہ خوب ہوا۔ اچھا ہوا۔
حُسْنٰى: بھلائی۔ خوبی۔ اچھی۔ خوبصورت (مؤنث) اَحْسَنُ مذکر
حَسَنَاتٌ: نیکیاں۔ بھلائیاں۔
حَسَنَةٌ: نیکی۔ بھلائی۔ نعمت۔
حَسُنَتْ: وہ نیک ہوئی۔ اچھی ہوئی۔
حُسْنَيَيْنِ: دو خوبیاں۔ دو بھلائیاں۔ (یعنی فتح یا شہادت)
حُسُومًا: لگاتار۔ پے در پے۔
سخت منحوس۔ جڑ سے کاٹتے ہوئے
حَسِيْبٌ: حساب لینے والا یا کرنے والا۔ اللہ کا صفاتی نام۔
حَسِيْرٌ: عاجز۔ تھکا ہوا۔ ماندہ۔
حَسِيْسٌ: ہلکی آواز۔ بھنک۔ آہٹ
حَشْرٌ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ جلا اٹھانا۔ (مصدر)
حَشَرَ: اس نے جمع کیا۔ اکٹھا کیا۔ جلا اٹھایا۔ حَشْرٌ مصدر
حُشِرَ: وہ جمع کیا گیا۔ اٹھایا گیا۔
حَشَرْتَ: تو نے جلا اٹھایا۔ تو نے جمع کیا۔ حَشْرٌ مصدر
حُشِرَتْ: وہ جمع کی گئی۔ جلا اٹھائی گئی۔ حَشْرٌ مصدر
حَشَرْنَا: ہم نے جلا اٹھایا۔ جمع کیا۔
حَصَادٌ: کٹائی۔ کاٹنا (فصل کا)

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَصَبٌ : ایندھن۔ آگ سُلگانے کی چیز۔
حَصْحَصَ : وہ ظاہر ہوگیا۔ کھل گیا۔
حَصَدْتُمْ : تم نے کاٹا (فصل کو)
حَصِرَتْ : وہ تنگ ہوئی۔ رُک گئی۔
حُصِّلَ : وہ حاصل کیا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔ وہ لیا گیا۔ فراہم کیا گیا۔
حَصُوْرٌ : رُکنے والا۔ وہ مرد جو عورت کے پاس نہ جائے۔ پاکباز۔
حُصُوْنٌ : محل۔ قلعے۔ حِصْنٌ واحد
حَصِيْدٌ : کٹا ہوا (کھیت)
حَصِيْرٌ : قید خانہ۔ جیل۔ زنداں۔
حَضَرَ : وہ روبرو ہوا۔ آیا۔ حاضر ہوا۔
حَضَرُوْا : وہ آموجود ہوئے۔ حاضر ہوئے۔
حُطَامٌ : ریزہ ریزہ۔ روندی ہوئی گھاس۔
حَطَبٌ : ایندھن۔ لکڑیاں۔
حِطَّةٌ : ہم بخشش مانگتے ہیں۔ ہمارے گناہ جھاڑ دے۔ اُتارنا۔ گرانا۔ توبہ۔ حَطٌّ مصدر
حُطَمَةٌ : جہنم کے ایک طبقہ کا نام ہے۔
حَظٌّ : حصہ۔ قسمت۔ نصیب۔
حَفَدَةٌ : پوتے۔ حَافِدٌ واحد
حُفْرَةٌ : گڑھا۔ حُفَرٌ جمع
حِفْظٌ : نگہبانی۔ حفاظت۔ بچاؤ۔
حَفِظَ : اس نے نگہبانی کی۔ حفاظت کی۔
حَفَظَةٌ : نگہبان فرشتے۔ حَافِظٌ واحد
حَفِظْنَا : ہم نے تھاما۔ حفاظت کی۔
حَفَفْنَا : ہم نے چھپایا۔ گھیر لیا۔
حَفِيٌّ : بڑا مہربان۔ خوب جاننے والا۔ اَحْفِيَاءُ جمع۔ حَفَاوَةٌ مصدر
حَفِيْظٌ : نگہبان۔ اللہ کا صفاتی نام۔
حَقٌّ : سچا دین۔ سچ حصہ۔ درست ٹھیک۔ سچائی۔ یقینی۔
حَقَّ : وہ سچ ہوا۔ ثابت ہوا۔ لازم ہوا۔
حَقُّ الْيَقِيْنِ : یقین کرنے کے قابل۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حُقُبًا: قرنوں۔ برسوں۔ (اسّی برس کا عرصہ) أَحْقَابٌ جمع

حَقَّتْ: وہ ٹھیک ثابت ہوئی۔ لازم ہوئی۔ پوری ہوئی۔ حَقٌّ مصدر

حُقَّتْ: وہ لائق تھی۔ وہ ثابت کی گئی۔ اس کو لازم تھا۔ اس پر واجب تھا۔

حَقِيقٌ: مستحق۔ سزاوار۔ لازم۔ لائق۔

حُكَّامٌ: حاکم حکم کرنے والے۔ حَاكِمٌ واحد

حُكْمٌ: زورِ حکومت۔ حکم۔ دانائی۔ فیصلہ۔ أَحْكَامٌ جمع

حَكَمٌ: منصف۔ ثالث۔ فیصلہ کرنے والا۔

حَكَمَ: اس نے حکم دیا۔ فیصلہ کر دیا۔

حِكْمَةٌ: عقلمندی۔ دانائی۔ سمجھ۔

حَكَمْتَ: تو نے حکم دیا۔ فیصلہ کیا۔

حَكَمْتُمْ: تم نے حکم دیا۔ فیصلہ کیا۔

حَكِيمٌ: دانا۔ پختہ کار۔ حُكَمَاءُ جمع

حِلٌّ: اُترنا۔ حلال ہونا۔ کھلنا۔ حلال۔

حَلَائِلُ: بیویاں۔ حَلِيلَةٌ واحد

حَلَّافٌ: بہت قسمیں کھانے والا۔ بہت حلف اٹھانے والا۔

حَلَالٌ: جائز۔ روا۔ حلال ہونا۔

حَلَفْتُمْ: تم نے قسم کھائی۔ تم نے حلف اٹھایا۔ حَلْفٌ مصدر

حُلْقُومٌ: گلا۔ حلق۔ حَلَاقِيمُ جمع

حَلَلْتُمْ: تم حلال ہوئے۔ احرام سے فارغ ہوئے۔ تم نے احرام کھول لیا حَلَالٌ مصدر

حٰمٓ: یہ حروفِ مقطعات ہیں۔ ان کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں۔

حُلُمٌ: بلوغت۔ بلوغ۔ عقل۔

حُلُّوْا: انکو زیور پہنائے گئے۔ تَحْلِيَةٌ مصدر

حُلِيٌّ: زیورات۔ حَلْيٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

حِلْيَةٌ: زیور۔ شکل۔ صفت۔ حُلًی جمع

حَلِيْمٌ: بُردبار۔ تحمل والا۔ باوقار۔ اللہ کا صفاتی نام۔ حُلَمَاءُ جمع

حَمَأٌ: گارا۔ کیچڑ۔ گیلی مٹی۔

حِمَارٌ: گدھا۔ حُمُرٌ۔ حَمِيْرٌ جمع

حَمَّالَةٌ: اکثر اٹھانے والی۔ ڈھونے والی۔

حَمِئَةٌ: کیچڑ والا۔ دلدلی۔

حَمْدٌ: حمد۔ شکر۔ تعریف۔ خوبی۔

حُمُرٌ: گدھے۔ حِمَارٌ واحد

حُمْرٌ: سرخ۔ لال۔ اَحْمَرُ۔ حَمْرَاءُ واحد

حَمْلٌ: حمل۔ پیٹ کا بچہ۔ مدتِ حمل۔ اَحْمَالٌ جمع

حِمْلٌ: بوجھ۔ اَحْمَالٌ جمع

حَمَلَ: اُس نے اٹھایا۔ حَمْلٌ مصدر

حُمِّلَ: وہ لادا گیا۔ اُس پر بوجھ رکھا گیا۔

حَمَلَتْ: اُس نے اٹھایا۔ پیٹ میں رکھا۔

حَمَلْتَ عَلٰی: تونے (بوجھ) رکھا۔ لادا۔

حُمِلَتْ: وہ لادی گئی۔ حَمْلٌ مصدر

حُمِّلْتُمْ: تم لادے گئے۔ تم پر بوجھ رکھا گیا۔ تَحْمِيْلٌ مصدر

حَمَلْنَا: ہم نے اٹھایا۔ سوار کیا۔

حُمِّلْنَا: ہم پر لادا گیا۔ ہم سے اٹھوایا گیا۔ تَحْمِيْلٌ مصدر

حُمِّلُوْا: اُن پر لادا گیا۔ ان سے اٹھوایا گیا۔ تَحْمِيْلٌ مصدر

حَمُوْلَةٌ: بوجھ اٹھانے والے۔ بار بردار۔ لدّو۔

حَمِيَّةٌ: غیرت۔ ہٹ۔ ضد۔ جوش۔

حَمِيْدٌ: سراہا ہوا۔ تعریف کیا ہوا۔

حَمِيْرٌ: گدھے۔ حِمَارٌ واحد

حَمِيْمٌ: گہرا دوست۔ نہایت گرم پانی۔

حَنَاجِرُ: حلق۔ گلے۔ نرخرے۔ حَنْجَرَةٌ واحد

حَنَّانٌ: شوق والا۔ رحمت والا۔ مہربان۔ اللہ کا صفاتی نام۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَنَانًا: رحمت۔ شفقت۔ مہربانی۔ نرم دلی۔ رزق۔ برکت۔

حِنْثٌ: گناہ۔ قسم توڑنا۔ اَحْنَاثٌ جمع

حُنَفَآءُ: سچے دین والے۔ اللہ کی طرف ہونے والے۔ سیدھے۔ یکسو۔ حَنِيْفٌ واحد

حَنِيْذٌ: تلا ہوا۔ بھونا ہوا۔

حَنِيْفٌ: یکسو۔ نرالا۔ دینِ ابراہیمؑ والا۔ سیدھا۔ ایک طرف ہونے والا۔ حُنَفَاءُ جمع

حُنَيْنٌ: ایک مقام کا نام جو مکہ اور طائف کے درمیان میں ہے۔

حَوَارِيٌّ: دھوبی۔ مدد کرنے والا حضرت عیسیٰؑ کے ساتھیوں کا لقب حَوَارِيُّوْنَ۔ حَوَارِيُّوْنَ جمع

حَوَايَا: چربی کی آنتیں۔ اوجھڑی۔ حَوِيَّةٌ واحد

حُوْبٌ: گناہ۔ جرم۔ وبال۔ قصور۔

حُوْتٌ: مچھلی۔ حِيْتَانٌ جمع

حُوْرٌ: گوریاں۔ یعنی حوریں۔ وہ گوری عورتیں جن کی آنکھ کی پُتلی اور بال بہت سیاہ ہوں۔ حَوْرَاءُ واحد

حِوَلٌ: پھرنا۔ جگہ بدلنا۔ تبدیلی۔

حَوْلٌ: برس۔ گرد۔ آس پاس۔ چاروں طرف۔ گرداگرد۔

حَوْلَيْنِ: دو برس۔ دو سال۔

حَيٌّ: زندہ۔ جاندار۔ اَحْيَاءٌ جمع

حَيَّ: وہ زندہ رہا۔ وہ جیا۔

حَيٰوةٌ: زندگی۔ حیات۔ جان۔ جینا۔

حَيَّةٌ: سانپ۔ اژدہا۔ حَيَّاتٌ جمع

حِيْتَانٌ: مچھلیاں۔ حُوْتٌ واحد

حَيْثُ: جہاں۔ جس جگہ۔

حَيْثُمَا: جس جگہ بھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَیْرَانُ : پریشان۔ سرگردان۔ حَیَارٰی جمع

حِیْلَ : حائل کر دیا گیا۔ جدائی ڈال دی گئی۔ حَوْلٌ مصدر

حِیْلَۃٌ : مکر۔ تدبیر۔ ترکیب۔ حِیَلٌ جمع

حِیْنٌ : وقت۔ زمانہ۔ سال۔ جس وقت۔ اَحْیَانٌ جمع

حِیْنَئِذٍ : اُس وقت۔ اسی وقت۔

حَیُّوْا : تم دعا دو۔ سلام کرو۔ تَحِیَّۃٌ مصدر

حَیَوَانٌ : زندگی۔ جینا۔ زندہ۔ جانور۔ (مصدر)

حَیَّوْکَ : انہوں نے تجھ کو دعا دی۔

حُیِّیْتُمْ : تم کو سلام کیا گیا۔ دعا دی گئی۔ تَحِیَّۃٌ مصدر

خ

خَائِبِیْنَ : ناامید ہونے والے۔ نامراد۔ ناکام۔ خَائِبٌ واحد

خَائِضِیْنَ : گھسنے والے۔ بحث کرنے والے۔

خَائِفٌ : ڈرنے والا۔ خَوْفٌ مصدر

خَائِفِیْنَ : ڈرنے والے۔ خَائِفٌ واحد

خَائِنَۃٌ : دغا کرنے والی۔ خیانت کرنے والی۔ چوری کرنے والی۔

خَائِنِیْنَ : خیانت کرنے والے۔ چوری کرنے والے۔

خَابَ : وہ نامراد ہوا۔ خَیْبَۃٌ مصدر

خَاتَمٌ : ختم کرنے والا۔ مُہر۔ انگوٹھی۔

خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ : نبیوں کی مُہر۔ نبیوں کے آخری۔ یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

خَادِعٌ : دھوکا دینے والا۔ دغا دینے والا۔

خَارِجٌ : نکلنے والا۔ باہر آنے والا۔ خُرُوْجٌ مصدر

خَارِجِیْنَ : نکلنے والے۔ خَارِجٌ واحد۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خَازِنِيْنَ : جمع کرنے والے۔ خزانچی۔ اکٹھا کرنے والے۔ رکھ چھوڑنے والے۔ خَازِنٌ واحد

خَاسِئًا: چُندھیا کر۔ تھک کر۔

خَاسِئِيْنَ : ذلیل وخوار۔ دھتکارے ہوئے۔ خَاسِئٌ واحد

خَاسِرَةٌ: ٹوٹا پانے والی۔ دیوالیہ۔ نقصان اٹھانے والی۔ خُسْرَانٌ مصدر

خَاسِرُوْنَ : نقصان پانے والے۔

خَاسِرِيْنَ : ٹوٹا پانے والے۔ گھاٹا پانے والے

خَاشِعٌ : عاجزی کرنے والا۔ پست۔

خَاشِعَاتٌ : عاجزی کرنے والیاں۔

خَاشِعَةٌ : پست۔ جُھکی ہوئی۔ ذلیل۔ بنجر۔

خَاشِعُوْنَ : عاجزی کرنے والے۔

خَاشِعِيْنَ : عاجزی کرنے والے۔ ڈرنے والے۔

خَاصَّةً : خصوصی طور پر۔ چُن کر۔

خَاضِعِيْنَ : جُھکنے والے۔ عاجزی کرنے والے۔ خُضُوْعٌ مصدر

خَاضُوْا: وہ گھسے۔ مشغول ہوئے۔ انہوں نے بحث کی۔ خَوْضٌ مصدر

خَاطِئَةٌ: قصداً گناہ کرنے والی۔ جرم کرنے والی۔ خطا۔ گناہ۔

خَاطِئُوْنَ : گنہگار لوگ۔ مجرم۔ خطاکار۔

خَاطِئِيْنَ : گنہگار لوگ۔ مجرم۔ خطاکار۔

خَاطَبَ : اس نے بات کی۔ مخاطب کیا۔

خَافَ : وہ ڈرا۔ اس نے خوف کیا۔

خَافَتْ : وہ ڈری۔ خَوْفٌ مصدر

خَافِضَةٌ : اُتارنے والی۔ جُھکا دینے والی۔ نیچا کر دینے والی۔

خَافُوْا : اُنھیں خوف ہوا۔ وہ اندیشہ کریں۔ تم ڈرو۔

خَافِيَةٌ : چُھپنے والی۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ خَوَافِيُ جمع

toobaa-elibrary.blogspot.com

خَالٌ: ماموں۔ اَخْوَالٌ جمع
خَالَاتٌ: خالائیں۔ خَالَةٌ واحد
خَالِدٌ: سدا رہنے والا۔ ہمیشہ رہنے والا۔ خَالِدُوْنَ۔ خَالِدِيْنَ جمع
خُلُوْدٌ مصدر
خَالِدَيْنِ: دونوں سدا رہنے والے۔
خَالِصٌ: خالص۔ صاف۔ بے میل۔
خَالِصَةٌ: نری۔ خاص۔ صرف۔
خَالِفِيْنَ: پیچھے رہنے والے۔ خَلْفٌ مصدر
خَالِقٌ: بنانے والا۔ پیدا کرنے والا۔
خَالِقُوْنَ: پیدا کرنے والے۔ بنانے والے۔
خَالِقِيْنَ: پیدا کرنے والے۔ خَلْقٌ مصدر
خَالِيَةٌ: گرنے والی۔ گرے ہوئے۔
خَامِدُوْنَ: بجھے ہوئے۔ بیہوش۔ چکنا چور۔ خُمُوْدٌ مصدر
خَامِسَةٌ: پانچویں۔ (عددِ ترتیبی)
خَانَتَا: اُن دو عورتوں نے چوری کی۔ خیانت کی۔ خِيَانَةٌ مصدر
خَانُوْا: اُنھوں نے دغا کی۔ خیانت کی۔
خَاوِيَةٌ: خالی۔ کھوکھلی۔ ویران پڑی ہوئی۔ برباد۔ خَوَاءٌ مصدر
خَبْءٌ: چھپی ہوئی چیز۔ پوشیدہ چیز۔
خَبَآئِثُ: گندے کام۔ ناپاک چیزیں۔ خَبِيْثَةٌ واحد
خَبَالٌ: تباہی۔ بربادی۔ خرابی۔
خَبَتْ: وہ بجھی۔ وہ ٹھنڈی ہوئی۔
خَبُثَ: وہ پلید ہوا۔ ناپاک ہوا۔ گندا ہوا۔ خُبْثٌ مصدر
خَبَرٌ: حال۔ خبر۔ اَخْبَارٌ جمع
خُبْرٌ: آگاہ ہونا۔ خبر رکھنا۔
خُبْزٌ: روٹی۔ روٹیاں۔ نان۔
خَبِيْثٌ: ناپاک۔ گندا۔ غلیظ۔ (مذکر)
خَبِيْثَةٌ: ناپاک۔ خبیث عورتیں۔ خَبِيْثَةٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

خَبِيثَةٌ: گندی۔ ناپاک۔ (مؤنث)
خَبِيثُونَ۔ خَبِيثِينَ: گندے خراب لوگ۔ ناپاک لوگ۔ خَبِيثٌ واحد۔

خَبِيرٌ: اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔ دانا۔ خبردار۔ آگاہ۔ خُبَرَاءُ جمع

خَتَّارٌ: بڑا جھوٹا۔ عہد شکن۔ بے وفا۔

خِتَامٌ: مُہر جمانے کی چیز۔ خاتمہ۔ آخر۔

خَتَمَ: اس نے تمام کر دیا۔ مُہر لگا دی۔

خَدٌّ: گال۔ رُخسار۔ خِدَادٌ جمع

خُذْ: تُو پکڑ۔ تُو اپنا لے۔ تُو اختیار کر۔ تُو لے لے۔ اَخْذٌ مصدر

خُذُوْا: تم لے لو۔ تم پکڑ لو۔ تم اختیار کر لو۔ اپنا لو۔ قبول کر لو اَخْذٌ مصدر

خَذُوْلٌ: وقت پر دغا دینے والا۔ مصیبت میں تنہا چھوڑ دینے والا۔

خَرَّ: وہ گرا۔ وہ گر پڑا۔ خَرٌّ مصدر

خَرَابٌ: ویران کرنا۔ خراب کرنا۔

خَرَاجٌ: اجر و ثواب۔ رزق۔ خزانہ۔

خَرَّاصُوْنَ: اٹکل کرنے والے۔ تخمینہ کرنے والے۔ خَرَّاصٌ واحد

خَرْجٌ: حاصل۔ محصول۔ مال۔ اَخْرَاجٌ جمع

خَرَجَ: وہ نکلا۔ باہر ہوا۔ خُرُوْجٌ مصدر

خَرَجْتَ: تُو نکلا۔ خُرُوْجٌ مصدر

خَرَجْتُمْ: تم نکلے۔ خُرُوْجٌ مصدر

خَرَجْنَ: وہ سب نکلیں۔ خُرُوْجٌ مصدر

خَرَجْنَا: ہم نکلے۔ خُرُوْجٌ مصدر

خَرَجُوْا: وہ نکلے۔ خُرُوْجٌ مصدر

خَرْدَلٌ: رائی۔ خَرْدَلَةٌ واحد

خُرْطُوْمٌ: سُونڈ۔ خَرَاطِيْمُ جمع

خَرَقَ: اُس نے پھاڑا۔ خَرْقٌ مصدر

خَرَقْتَ: تُو نے پھاڑا۔ خَرْقٌ مصدر

خَرَقُوْا: اُنھوں نے تراشا۔ پھاڑا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

توڑا۔ گھڑلیا۔ خَرْقٌ مصدر

خَرُّوْا: وہ گر پڑے۔ خَرٌّ مصدر

خُرُوْجٌ: نکلنا۔ باہر آنا۔

خَزَآئِنُ: خزانے۔ دفینے۔ خِزَانَةٌ واحد

خَزَنَةٌ: خزانچی۔ نگہبان۔ داروغے۔ پہرے دار۔ خَازِنٌ واحد

خِزْيٌ: رسوائی۔ ذلت۔ بربادی۔

خَسَارٌ: ٹوٹا۔ زیان۔ گمراہی۔ نقصان۔

خُسْرٌ: ٹوٹا۔ زیاں کاری۔ نقصان۔

خَسِرَ: وہ گھاٹے میں رہا۔ اس نے گنوایا۔ خُسْرَانٌ مصدر

خُسْرَانٌ: ٹوٹا۔ نقصان۔ گھاٹا۔

خَسِرُوْا: انھوں نے ٹوٹا پایا۔ نقصان اٹھایا۔ خُسْرَانٌ مصدر

خَسَفَ: (چاند کو) گہن لگا۔ خُسُوْفٌ مصدر

خَسَفَ (ب): اس نے دھنسایا۔ وہ دھنسا دیتا۔

خَسَفْنَا (ب): ہم نے دھنسایا۔ خَسْفٌ مصدر

خُشُبٌ: لکڑیاں۔ خَشَبٌ واحد

خُشَّعٌ: عاجزی کرنے والے۔

خَشَعَتْ: وہ دب گئی۔ ڈری۔ پست ہوگئی۔

خُشُوْعٌ: عاجزی۔ ڈر۔ خوف۔

خَشِيَ: وہ ڈرا۔ اس نے خوف کیا۔

خَشِيْتُ: میں ڈرا۔ خَشْيَةٌ مصدر

خَشْيَةٌ: ڈر۔ ڈرنا۔ خوف۔ ہیبت۔

خَشِيْنَا: ہم ڈرے۔ خَشْيَةٌ مصدر

خَصَاصَةٌ: بھوک۔ محتاجی۔ تنگی۔

خِصَامٌ: جھگڑا کرنا۔ جھگڑا کرنے والے۔ خَصْمٌ واحد مصدر

خَصْمٌ: مدعی۔ دشمن۔ جھگڑنے والا۔

خَصْمٰنِ: دو جھگڑنے والے۔ دو دعویدار

خَصِمُوْنَ: جھگڑا کرنے والے۔

خَصِيْمٌ: سخت جھگڑالو۔ خُصَمَآءُ جمع

خُضْتُمْ: تم نے قدم ڈالا۔ آگے بڑھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خُضْرٌ: سبز۔ ہرے۔ اَخْضَرُ واحد

خَضِرٌ: شاخ۔ سبز۔ ترکاری۔ کونپل۔

خِطْأٌ: چوک۔ گناہ۔

خَطَأً: چوک کر۔ بھولے سے۔

خِطَابٌ: بات۔ روبرو بات کہنا۔ کلام۔

خَطَايَا: گناہ۔ خَطِيْئَةٌ واحد

خَطْبٌ: حال۔ مقصد۔ کام۔ معاملہ۔

خِطْبَةٌ: پیغام۔ نکاح۔ بات۔ رائے۔

خَطِفَ: اس نے اُچک لیا۔ جھپٹ لیا۔ خَطْفٌ مصدر

خِطْفَةٌ: اُچک لینا۔ ایک جھپٹ۔

خُطُوَاتٌ: قدم۔ نقشِ قدم۔ خُطْوَةٌ واحد

خَطِيْئَةٌ: خطا۔ گناہ۔ نافرمانی۔

خَطِيْئَاتٌ: خطائیں۔ گناہ۔ نافرمانیاں

خِفَافًا: ہلکے۔ خَفِيْفًا واحد

خِفْتِ: تُو ڈری۔ خَوْفٌ مصدر

خِفْتُ: میں ڈرا۔ مجھے خوف ہے۔

خَفَّتْ: وہ ہلکی ہوئی۔ خِفَّةٌ مصدر

خِفْتُمْ: تم ڈرے۔ تم کو اندیشہ ہوا۔

خَفَّفَ: اس نے ہلکا کیا۔ آسان کر دیا۔

خَفِيٌّ: چھپی ہوئی۔ پوشیدہ۔ سست۔ آہستہ۔

خُفْيَةً: چپکے چپکے۔ پوشیدہ طور پر۔

خَفِيْفٌ ہلکا۔ بہت کم کام۔

خَلَا: وہ اکیلا ہوا۔ تنہائی میں ہوا۔ وہ گزرا۔ ہو چکا۔ خُلُوٌّ مصدر

خَلِيْفٌ: نائب۔ جانشین۔ وارث۔ خَلِيْفَةٌ واحد

خِلَافٌ: ضد۔ اُلٹا۔ اُلٹے سیدھے۔ پیچھے۔

خَلَاقٌ: حصہ۔ فضیلت۔ نصیبہ۔

خَلَّاقٌ: پیدا کرنے والا۔ اللہ کا صفاتی نام۔ (صیغہ مبالغہ)

toobaa-elibrary.blogspot.com

خِلَالٌ: دوستی۔ مُخَالَّةٌ مصدر

خِلَالِ: درمیان۔ بیچ۔ وسط۔ اندرون۔ خَلَلٌ واحد

خَلَتْ: وہ گذری۔ وہ ہو چکی۔

خُلَّةٌ: دوستی۔ گہرا دوستانہ۔

خُلْدٌ: ہمیشگی۔ ایک بہشت کا نام۔

خَلَصُوْا: وہ الگ ہوئے۔ اکیلے بیٹھے۔

خُلَطَآءُ: شرکاء۔ شرکت والے۔ ساجھی۔ خَلِيطٌ واحد

خَلَطُوْا: انہوں نے ملایا۔ جمع کیا۔

خَلَفَ: وہ پیچھے آیا۔ وارث ہوا۔

خَلْفٌ: اولاد۔ نالائق۔ دوسری نسل۔ بُرے جانشین۔ خُلُوْفٌ جمع

خَلْفِ: پیچھے۔ بعد۔ بعدازاں۔

خُلَفَآءُ: سردار۔ جانشین۔ خَلِيفَةٌ واحد

خِلْفَةً: ایک کے بعد ایک آتے ہوئے۔

خَلَفْتُمُوْ: تم نے جانشینی کی۔ نیابت کی۔

خُلِّفُوْا: وہ پیچھے چھوڑ دیے گئے۔

خَلْقٌ: پیدائش۔ پیدا کرنا۔ خلقت۔

خَلَقَ: اُس نے بنایا۔ پیدا کیا۔

خُلِقَ: وہ پیدا کیا گیا۔ بنایا گیا۔

خُلُقٌ: چلن۔ عادت۔ اَخْلَاقٌ جمع

خَلَقْتَ: تُو نے پیدا کیا۔ خَلْقٌ مصدر

خَلَقْتُ: میں نے پیدا کیا۔ بنایا۔

خُلِقَتْ: وہ پیدا کی گئی۔ بنائی گئی۔

خَلَقْنَا: ہم نے پیدا کیا۔ بنایا۔

خَلَقُوْا: انہوں نے پیدا کیا۔ بنایا۔

خُلِقُوْا: وہ پیدا کیے گئے۔ بنائے گئے۔

خَلَوْا: وہ اکیلے ہوئے۔ گذرے۔

خَلُّوْا: تم چھوڑ دو۔ تَخْلِيَةٌ مصدر

خُلُوْدٌ: ہمیشہ رہنا۔ سدا رہنا۔

خَلِيفَةٌ: نائب۔ وارث۔ خُلَفَاءُ جمع

خَلِيلٌ: گہرا دوست۔ دِلی دوست۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خَمْرٌ : شراب۔ نشہ کی چیز۔ خُمُوْرٌ جمع

خُمُرٌ : چادریں۔ اوڑھنیاں خِمَارٌ واحد

خُمُسٌ : پانچواں حصہ۔ ۱/۵

خَمْسَةٌ : پانچ۔ (مذکر کے لیے)

خَمْسِيْنَ : پچاس۔ (مذکر و مؤنث کیلیے)

خَمْطٌ : کڑوا۔ کسیلا۔ بدمزہ۔

خَنَازِيْرُ : سُوَر۔ خِنْزِيْرٌ واحد

خَنَّاسٌ : چھپ جانے والا (شیطان) بُرا کر پیچھے ہٹ جانے والا۔

خِنْزِيْرٌ : سُوَر۔ خَنَازِيْرُ جمع

خُنَّسٌ : چھپنے والے (تارے)۔

خُوَارٌ : بچھڑے یا گائے بیل کی آواز۔

خَوَالِفُ : پیچھے رہنے والیاں۔ خَالِفَةٌ واحد

خَوَّانٌ : بڑا دغاباز۔ خیانت کرنے والا۔ فریبی۔

خَوْضٌ : باتیں بنانا۔ بکواس۔

خَوْفٌ : ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ خطرہ۔

خَوْفًا : خوف سے۔ بوجہ ڈر۔

خَوَّلَ : اس نے بخشا۔ عطا کیا۔

خَوَّلْنَا : ہم نے بخشا۔ عطا کیا۔

خِيَاطٌ : سُوئی۔ خُيُوْطٌ جمع

خِيَامٌ : ڈیرے۔ خیمے۔ تنبو۔ شامیانے۔ خَيْمَةٌ واحد۔ خَيْمَانٌ مصدر

خِيَانَةٌ : چوری۔ خیانت۔

خَيْرٌ : نیکی۔ مال۔ بھلائی۔ اچھا۔ بہتر۔ بہترین۔ اَخْيَارٌ۔ خِيَارٌ جمع

خَيْرَاتٌ : نیکیاں۔ خوبیاں۔ نیک عورتیں۔ خَيِّرَةٌ واحد

خِيَرَةٌ : اختیار۔ پسند کرنا۔ (اسم مصدر)

خَيْطٌ : دھاگا۔ تاگا۔ ڈوری۔ خُيُوْطٌ جمع

اَلْخَيْطُ الْاَبْيَضُ : صبح صادق۔ سپیدۂ سحری۔ فجر۔ پَو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلْخَيْطُ الْاَسْوَدُ: صبح کاذب۔ تاریکیٔ شب۔

خِيْفَةً: ڈرسے۔ ڈرتے ہوئے۔ ڈر

خَيْلٌ: گھوڑے۔ گھوڑے سوار۔ جنگی گھوڑے۔ خُيُوْلٌ جمع

د

دَآئِبَيْنِ: دونوں ایک دستور پر پھرنے والے۔ ایک عادت والے۔ ایک قانون پر چلنے والے۔

دَآئِرَةٌ: گول لکیر۔ گردش۔ گردشِ زمانہ۔ مصیبت۔ دَوَآئِرُ جمع

دَآئِمٌ: ہمیشہ رہنے والا۔ آرام پانے والا۔

دَآئِمُوْنَ: ہمیشہ رہنے والے۔

دَاوٗدُ: پیغمبر کا نام جو بنی اسرائیل میں ایشیا کے بیٹے یہودا کی اولاد سے تھے۔

دَاْبٌ: دائمی عادت۔ رسم۔ حال۔ دستور۔ اَدْؤُبٌ جمع

دَآبًا: متواتر۔ لگاتار۔ بغیر رُکے۔

دَآبَّةٌ: چارپایہ۔ چوپائے۔ مخلوق۔ دَوَابُّ جمع

دَآبَّةُ الْاَرْضِ: زمینی جانور، جو قُربِ قیامت کوہِ صفا سے نمودار ہوگا۔

دَابِرٌ: پیٹھ۔ جڑ دَوَابِرُ جمع

دَاحِضَةٌ: ناچیز ہونے والی۔ باطل۔ لڑکھڑانے والی۔ ناپائیدار۔

دَاخِرُوْنَ: ذلیل ہونے والے۔

دَاخِرِيْنَ: ذلیل ہوکر۔ ذلت میں۔

دَاخِلُوْنَ یا دَاخِلِيْنَ: داخل ہونے والے۔ اندر جانے والے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

دَارٌ : گھر۔ شہر۔ دنیا۔ دِیَارٌ جمع

دَاعٍ : بُلانے والا۔ دعا کرنے والا۔

دَاعِیٌ : بلانے والا۔ پکارنے والا۔

دَافِعٌ : ہٹانے والا۔ دور کرنے والا۔

دَافِقٌ : اُچھلنے والا۔ مَآءٌ دَافِقٌ ، یعنی منی۔ اُچھلنے والا پانی۔

دَامَتْ : وہ ہمیشہ رہی۔ باقی رہی۔

دَامُوْا : وہ ہمیشہ رہے۔ ٹھیرے رہے۔

دَانٍ : نزدیک ہونے والا۔ جھکنے والا۔

دَانِیَةٌ : نزدیک ہونے والی۔ قریب۔

دُبُرٌ : پیٹھ۔ پشت۔ اَدْبَارٌ جمع

دَحٰی : اس نے درست بچھایا۔ برابر کیا۔

دُحُوْرًا : ہنکانے اور نکال دینے کے لیے۔

دُخَانٌ : دھواں۔ دَوَاخِنُ جمع

دَخَلٌ : ذریعہ۔ بہانہ۔ مکر۔ ڈھال۔ فساد۔

دَخَلَ : وہ اندر آیا۔ داخل ہوا۔

دَخَلَتْ : وہ اندر آئی۔ دُخُوْلٌ مصدر

دَخَلْتَ : تُو اندر آیا۔ داخل ہوا۔

دُخِلَتْ : وہ داخل کی گئی۔ (اگر) وہ آگھسیں حملہ کر دیں۔

دَخَلْتُمْ : تم نے جماع کیا۔ تم داخل ہوئے۔

دَخَلْتُمُوْ : تم داخل ہوئے۔ گھس پڑے۔

دَخَلُوْا : وہ اندر آئے۔ دُخُوْلٌ مصدر

دِرَاسَةٌ : پڑھنا۔ پڑھانا۔ تلاوت کرنا۔

دَرَاهِمُ : چونّیاں۔ دِرْهَمٌ واحد

دَرَجَاتٌ : درجے۔ مرتبے۔ دَرَجَةٌ واحد

دَرَجَةٌ : درجہ۔ مرتبہ۔ پایہ۔ رُتبہ۔

دَرَسْتَ : تو نے پڑھا۔ پڑھنا سیکھا۔

دَرَسُوْا : انہوں نے پڑھا۔ سیکھا۔

دَرْكٌ : درجہ۔ طبقہ۔ پکڑے جانا۔ پیچھا کرنا۔ تلاش کرنا۔ پانا۔ دَرَكَاتٌ جمع

دُرِّیٌّ : چمکنے والا۔ چمک دار۔ روشن۔ دَرَارِیُّ جمع

toobaa-elibrary.blogspot.com

دَسّٰی : اس نے خاک میں ملایا۔ گاڑ دیا۔ تَدْسِیَۃٌ مصدر

دُسُرٌ : میخیں۔ کیلیں۔ دِسَارٌ واحد

دَعْ : تو چھوڑ دے۔ ترک کر دے۔

دَعًّا : دھکیل کر۔ دھکے دے دے کر۔

دَعَا : اس نے بُلایا۔ پکارا۔ مانگا۔

دُعَآءٌ : پکارنا۔ بلانا۔ اَدْعِیَۃٌ جمع

دُعَآئِکَ : تجھ سے دعا کرنا۔ تجھ کو پکارنا۔ تیری دعا۔ تیری پکار۔

دُعَآءُکُمْ : تمھاری پکار۔ تمھاری التجا۔

دُعَآءَہٗ : اس کا دعا کرنا۔ اس کا مانگنا۔

دُعَآئِھِمْ : ان کا دعا کرنا۔ ان کی پکار۔

دُعَآئِیْ : میرا بُلانا۔ میرا پکارنا۔

دَعَوَا : ان دونوں نے پکارا۔ دعا کی۔

دَعَوْا : انہوں نے دعویٰ کیا۔ بلایا۔ پکارا۔

دَعَوْا : انھوں نے پکارا۔ دعا کی۔

دُعُوْا : انھیں پکارا گیا۔ بلایا گیا۔

دَعْوٰی : کہنا۔ دعویٰ کرنا۔ پکارنا۔

دَعْوَۃٌ : پکارنا۔ بُلانا۔ بُلاوا۔ دعا۔

دَعَوْتُ : میں نے بلایا۔ پکارا۔ دعوت دی۔

دَعْوَتَکَ : تیری پکار یا بُلاوا۔ تیرا پکارنا۔

دَعَوْتُمُوْ : تم نے بلایا۔ تم نے پکارا۔

دُعِیَ : اسے بلایا گیا۔ پکارا گیا۔

دُعِیْتُمْ : تم کو بلایا گیا۔ پکارا گیا۔

دِفْءٌ : جڑاؤل۔ جاڑے کی پوشش۔ گرم کرنے کا سامان۔ اَدْفَاءٌ جمع

دَفْعٌ : دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔

دَفَعْتُمْ (اِلٰی) : تم نے حوالے کیا۔ دیدیا۔

دَکًّا : ریزہ ریزہ کرنا۔ ڈھا کر ہموار کر دینا۔

دَکَّآءُ : ہموار زمین۔ صاف میدان۔

دُکَّتْ : وہ ریزہ ریزہ کر دی گئی۔ ہموار کر دی گئی۔ توڑ پھوڑ کر برابر کر دی گئی۔

دَکَّۃٌ : ایک دم ڈھا دینا۔ کوٹ کر ہموار کر دینا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

دُكَّتَا: وہ دونوں ڈھا دیے گئے۔ ریزہ ریزہ کر دیے گئے۔

دَلَّ: اس نے بتایا۔ راہ بتائی۔ خبردار کر دیا۔ دَلَالَةٌ مصدر

دَلّٰى: اس نے اُتارا۔ اس نے گرایا۔ اس نے کھینچا۔ تَدْلِيَةٌ مصدر

دَلْوٌ: ڈول۔ دِلَاءٌ۔ دُلِيٌّ جمع

دُلُوْكٌ: (سورج کا) ڈھلنا۔ غروب ہونا۔

دَلِيْلٌ: راہ نما۔ نشانی۔ اَدِلَّةٌ جمع

دَمٌ: خون۔ لہو۔ دِمَآءٌ جمع

دِمَآءٌ: خون۔ لہو۔ دَمٌ واحد

دُمْتَ: تُو رہا۔ تو باقی رہا۔ دَوَامٌ مصدر

دُمْتُ: میں رہا۔ میں باقی رہا دَوَامٌ مصدر

دُمْتُمْ: تم رہے۔ تم باقی رہے۔

دَمْدَمَ: اسنے اُلٹ مارا۔ ہلاک کیا۔ برباد کیا غصہ کیا

دَمَّرَ: اس نے ہلاکت ڈالی۔ اُکھاڑ مارا۔

دَمَّرْنَا: ہم نے ہلاک کر دیا۔ اُکھاڑ مارا۔

دَمْعٌ: آنسو۔ اشک۔ دُمُوْعٌ جمع

دَنٰى: وہ نزدیک ہوا۔ دُنُوٌّ مصدر

دُنْيَا: دنیا۔ نزدیک۔ ذلیل۔ دُنًى جمع

دَوَآئِرُ: گردشیں۔ مصیبتیں۔ دَآئِرَةٌ واحد

دَوَآبُّ: چلنے والے۔ رینگنے والے۔ جانور۔ چوپائے۔ دَآبَّةٌ واحد

دُوْلَةٌ: لین دین۔ غنیمت۔ گردش۔

دُوْنَ: سوائے۔ علاوہ۔ حقیر۔ تھوڑا۔ کمتر۔

دِهَاقٌ: چھلکتا ہوا۔ لبالب۔ بھرا ہوا۔

دِهَانٌ: تیل کی تلچھٹ۔ سرخ چمڑا۔

دَهْرٌ: زمانہ۔ بڑی مدت۔ دُهُوْرٌ جمع

دُهْنٌ: تیل۔ چکنائی۔ اَدْهَانٌ جمع

دِيَارٌ: گھر۔ شہر۔ دَارٌ واحد

دَيَّارٌ: رہنے والا۔ پھرنے والا۔ بسنے والا۔ باشندہ۔

دِيَةٌ: خون بہا۔ دِيَاتٌ جمع

toobaa-elibrary.blogspot.com

دَيْنٌ : اُدھار۔ قرض۔ دُيُوْنٌ جمع

دِيْنٌ : مذہب۔ حساب۔ انصاف۔ بدلہ دینا۔ اطاعت۔ اَدْيَانٌ جمع

دِيْنَارٌ : اشرفی۔ دَنَانِيْرُ جمع

ذ

ذَا : والا۔ صاحب اُولِيْ۔ ذَوِيْ جمع

ذَآئِقَةٌ چکھنے والی۔ ذَوْقٌ مصدر

ذَآئِقُوْا : چکھنے والے۔ (ن آخر سے گر گیا)

ذَآئِقُوْنَ : چکھنے والے۔ ذَوْقٌ مصدر

ذِئْبٌ : بھیڑیا۔ گرگ۔ ذِئَابٌ جمع

ذَاتٌ : صاحب۔ والی۔ ذَوَاتٌ جمع

ذَارِيَاتٌ : اُڑانے والیاں۔ بکھیرنے والیاں۔ (مُراد ہوائیں)

ذَاقَا : اُن دونوں نے چکھا۔ ذَوْقٌ مصدر

ذَاقَتْ : اس نے چکھا۔ (صیغہ مؤنث)

ذَاالْقَرْنَيْنِ : ایک جلیل القدر صالح بادشاہ کا لقب۔

ذَاقُوْا : انہوں نے چکھا۔ ذَوْقٌ مصدر

ذَاكِرَاتٌ : یاد کرنے والیاں۔

ذَاكِرِيْنَ : یاد کرنے والے۔ ذَاكِرٌ واحد

ذَاالْكِفْلِ : ایک پیغمبر کا نام ہے۔

ذٰلِكَ : یہ۔ وہ۔ وہی ہے۔ (واحد مذکر مخاطب کے لیے)

ذٰلِكُمْ : یہ۔ یہی۔ (جمع مذکر مخاطب کے لیے)

ذٰلِكُمَا : یہ۔ یہی۔ (تثنیہ مخاطب کے لیے)

ذٰلِكُنَّ : یہ۔ یہی۔ (جمع مؤنث مخاطب کے لیے)

ذٰلِكَ : یہ دونوں۔ (مذکر)

ذَاالنُّوْنِ : مچھلی والا۔ حضرت یونس علیہ السلام کا لقب ہے چونکہ ایک مچھلی نے آپ کو نگل لیا تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذَاهِبٌ: جانے والا۔ ذَهَابٌ مصدر

ذُبَابٌ: مکھی۔ اَذِبَّۃٌ۔ ذُبَّانٌ جمع

ذِبْحٌ: قربانی۔ ذبح کیا جانے والا جانور جیسے دُنبہ وغیرہ۔

ذُبِحَ: وہ ذبح کیا گیا۔ حلال کیا گیا۔

ذَبَحُوْا: انہوں نے ذبح کیا۔ حلال کیا۔

ذَرْ: تو چھوڑ دے۔ وَذْرٌ مصدر

ذَرَاَ: اس نے بکھیرا۔ پھیلایا۔ پیدا کیا۔

ذَرَاْنَا: ہم نے بکھیرا۔ پیدا کیا۔ پھیلایا۔

ذِرَاعٌ: گز۔ ہاتھ۔ اُنگلی کے سرے سے کہنی تک۔ اَذْرُعٌ جمع

ذِرَاعَیْ: دونوں ہاتھ یا بازو (آخر سے ن گر گیا)۔

ذَرَّۃٌ: چھوٹی سرخ چیونٹی۔ دانۂ ریت جو دھوپ میں چمکتا ہے۔ ذَرَّاتٌ جمع

ذَرْعٌ: گز۔ ناپ۔ طاقت۔ گنجائش۔

ذَرْوًا: اُڑانا۔ بکھیرنا۔ جدا کرنا۔

ذَرُوْا: تم چھوڑ دو۔ وَذْرٌ مصدر

ذُرِّیَّۃٌ: اولاد۔ نسل۔ ذُرِّیَّاتٌ جمع

ذُرِّیَّاتٌ: اولاد۔ نسل ذُرِّیَّۃٌ واحد

ذُقْ: تُو (مزہ) چکھ۔ کھا۔ ذَوْقٌ مصدر

ذِکْرٌ: یاد۔ وحی۔ نصیحت۔ اَذْکَارٌ جمع

ذَکَرٌ: نر۔ مرد۔ ذُکُوْرٌ۔ ذُکْرَانٌ جمع

ذَکَرَ: اُس نے یاد کیا۔ ذکر کیا۔

ذُکِرَ: اسے یاد کیا گیا۔ اس کا ذکر کیا گیا۔

ذُکِّرَ: اس کو خوب نصیحت کی گئی۔ اس کو خوب سمجھایا گیا۔

ذَکِّرْ: تو سمجھا۔ نصیحت کر۔ یاد دلا۔

ذِکْرٰی: نصیحت۔ سمجھانا۔ یاد کرنا۔

ذُکْرَانٌ: سب مرد۔ ذَکَرٌ واحد

ذَکَرْتَ: تو نے یاد کیا۔ ذکر کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذُكِّرْتُمْ: تم کو خوب سمجھایا گیا۔ خوب نصیحت کی گئی۔ تَذْكِيرٌ مصدر

ذَكَرُوْا: انہوں نے یاد کیا۔ ذکر کیا۔

ذُكِّرُوْا: ان کو خوب سمجھایا گیا۔ خوب نصیحت کی گئی۔ تَذْكِيرٌ مصدر

ذَكَرَيْنِ: دو نر۔ دو مرد۔

ذُكُوْرٌ: کئی مرد۔ نر۔ ذَكَرٌ واحد

ذَكَّيْتُمْ: تم نے ذبح کیا۔ حلال کیا۔

ذُلٌّ: ذلت۔ عاجزی۔ فرمانبرداری۔

ذِلَّةٌ: رسوائی۔ خواری۔ ذلت۔

ذُلُلًا: فرمانبردار رہ کر۔ عاجزی کرتے ہوئے۔

ذُلِّلَتْ: وہ مسخر کی گئی۔ نیچی کی گئی۔ جھکا دی گئی۔ تَذْلِيلٌ مصدر

ذَلَّلْنَا: ہم نے تابعدار کیا۔ عاجز کر دیا۔ پست کر دیا۔

ذَلُوْلٌ: فرماں بردار۔ ہموار۔ رام۔ نرم۔ محنت کرنے والی۔ ذُلُلٌ جمع

ذِمَّةٌ: عہد۔ وعدہ۔ ذِمَمٌ جمع

ذَنْبٌ: گناہ۔ جرم۔ ذُنُوْبٌ جمع

ذَنُوْبٌ: حصہ۔ نصیب۔ بھرا ہوا ڈول۔ ذَنَائِبُ۔ ذِنَابٌ جمع

ذُنُوْبٌ: گناہ۔ جرم۔ ذَنْبٌ واحد

ذُوْ: صاحب۔ والا۔ ذَوُوْ۔ اُولُوْا جمع

ذَوَا: دو صاحب۔ والے۔ (ذُوْ کا تثنیہ آخر کا ن گر گیا ہے)۔

ذَوَاتَا: دو صاحب۔ والیاں۔ (ذَاتٌ کا تثنیہ بحالت رفعی۔ آخر کا ن گر گیا)۔

ذَوَاتَيْ: دو صاحب۔ والیاں۔ (ذَاتٌ کا تثنیہ بحالت جری۔ آخر کا ن گر گیا)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذُوْقُوْا : تم چکھو۔ ذَوْقٌ مصدر

ذَوَیْ : دو صاحب۔ والے (ذُوْ کا تثنیہ بحالتِ نصبی)

ذَوِیْ : والے۔ صاحب (ذُوْ کی جمع بحالتِ نصبی وجری)

ذَھَابٌ (ب) : لے جانا۔ غائب کر دینا۔ نابود کر دینا۔

ذَھَبٌ : سونا۔ زر (دھات)

ذَھَبَ : وہ گیا۔ وہ چلا گیا۔

ذَھَبَ (ب) : وہ لے گیا۔

ذَھَبَتْ : وہ گئی۔ وہ چلی گئی۔

ذَھَبْنَا : ہم گئے۔ ہم چلے گئے۔

ذَھَبُوْا : وہ گئے۔ وہ چلے گئے۔

ذِیْ : صاحب۔ والا ذَوِیْ۔ اُولِیْ جمع

ر

رِئَآءَ : دِکھاوا۔ دکھانا۔ خودنمائی۔ اللہ کا کام لوگوں کو دکھانے کے لیے کرنا۔ (مصدر)

رَابِطُوْا : تم باندھو۔ لگے رہو۔ جمے رہو

رَابِعٌ : چوتھا۔ (عددِ ترتیبی)

رَابِیٌ : زیادہ ہونے والا۔ بڑھنے والا۔ پھولنے والا۔

رَابِیَۃٌ : بڑی سخت۔ بہت ہونے والی۔ بڑھنے والی۔ رُبُوٌّ مصدر

رَأَتْ : اس نے دیکھا۔ (مؤنث)

رَاجِعُوْنَ : رجوع کرنے والے۔ واپس لوٹنے والے۔ متوجہ ہونے والے۔

رَاجِفَۃٌ : کانپنے والی۔ ہلنے والی۔

رَاحِمِیْنَ : رحم کرنے والے رَاحِمٌ واحد

رَآدٌّ : پھیرنے والا۔ موڑنے والا۔ لوٹانے والا۔ رَدٌّ مصدر

رَادِفَۃٌ : پیچھے آنے والی۔ رِدْفٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَادُّوْ: پھیرنے والے۔ موڑنے والے۔ لوٹا دینے والے۔ ہٹانے والے۔

رَادِّیْ: پھیر دینے والے۔ موڑنے والے۔ لوٹا دینے والے۔

رَازِقِیْنَ: روزی دینے والے۔ رزق دینے والے۔ کھلانے والے۔

رَاْسٌ: سر۔ رُؤُوْسٌ جمع

رَاسِخُوْنَ: مضبوط۔ بڑے پکے۔ مستحکم۔ باکمال۔ ثابت قدم۔

رَاسِیَاتٌ: ایک جگہ رکھی ہوئیں۔ جڑی ہوئیں۔

رَاسِیَۃٌ واحد

رَاشِدُوْنَ: نیک چال۔ راہ پانے والے۔ ہدایت یافتہ۔

رَاضِیَۃٌ: خوش ہونے والی۔ رضامند۔ من مانی۔

رَاعِنَا: ہماری رعایت کر۔ ہماری طرف توجہ کیجیے۔ مُرَاعَاۃٌ مصدر

رَاعُوْنَ: نگاہ رکھنے والے۔ خیال کرنے والے۔ رعایت کرنے والے۔

رَاعٍ واحد

رَاغَ: وہ جا گھسا۔ پوشیدہ طور پر گیا۔

رَاغِبٌ: رغبت کرنے والا۔ چاہنے والا۔

رَاغِبٌ عَنْ: منہ پھیرنے والا۔ بیزار۔

رَاغِبُوْنَ: رغبت کرنے والے۔ متوجہ ہونے والے۔ چاہنے والے۔

رَاْفَۃٌ: مہربانی۔ نرمی۔ ترس۔

رَافِعٌ: اٹھانے والا۔ بلند کرنے والا۔

رَافِعَۃٌ: اونچا کرنے والی۔ بلند کرنے والی

رَاقٍ: جھاڑ پھونک کرنے والا۔ علاج کرنے والا۔ رُقَاۃٌ جمع

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَاكِعٌ : جھکنے والا۔ پست ہونے والا۔

رَاكِعُوْنَ : جھکنے والے۔ رکوع کرنے والے۔

رَاكِعِيْنَ : جھکنے والے۔ رکوع کرنے والے۔

رَانَ : اس نے زنگ پکڑا۔ وہ زنگ آلود ہوگیا۔ رَيْنٌ مصدر

رَاَوْا : انہوں نے دیکھا۔ رُؤْيَةٌ مصدر

رَاوَدَتْ : اُس (عورت) نے چاہا۔ پھسلایا۔ ورغلایا۔

رَاوَدْتُّ : میں نے چاہا۔ پھسلایا۔

رَاوَدْتُّنَّ : تم (عورتوں) نے خواہش کی۔ پھسلایا۔

رَاوَدُوْا : انہوں نے چاہا۔ پھسلایا۔ بہلایا۔ مُرَاوَدَةٌ مصدر

رُءُوْسٌ : سر۔ اصل۔ رَأْسٌ واحد

رَءُوْفٌ : بڑا مہربان۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔ رَأْفَةٌ مصدر

رَاْيٌ : دیکھنا۔ عقل۔ رائے۔ فیصلہ۔ سمجھ۔ اٰرَاءٌ جمع

رَاٰی یا رَاَ : اس نے دیکھا۔ رُؤْيَةٌ مصدر

رِءْيٌ : نمود۔ منظر۔ نظر آنے والی چیز۔ دِکھاوا۔

رُءْيَا : خواب دیکھنا۔ خواب۔

رَاَيْتَ : تو نے دیکھا۔ رُؤْيَةٌ مصدر

رَاَيْتُ : میں نے دیکھا۔ رُؤْيَةٌ مصدر

رَاَيْتُمْ : تم نے دیکھا۔ رُؤْيَةٌ مصدر

رَاَيْتُمُوْ : تم نے دیکھا۔ رُؤْيَةٌ مصدر

رَاَيْنَ : انہوں نے دیکھا۔ (مؤنث)

رَبٌّ : صاحب۔ پالنے والا۔ مالک۔ آقا۔ پرورش کرنے والا۔ پروردگار۔ اللہ کا صفاتی نام۔ اَرْبَابٌ جمع

رِبٰوا یا رِبًّا : بیاج سُود۔ رِبَاءٌ۔ رُبُوٌّ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَبَائِبُ: بیٹیاں جو پہلے خاوند سے ہوں۔ گیلڑ۔ رَبِیْبَۃٌ واحد

رِبَاطٌ: پالنا۔ پرورش کرنا۔ باندھنا۔

رُبَاعٌ: چار چار۔ چار چار ہو کر۔

رَبَّانِیُّوْنَ / رَبَّانِیِّیْنَ: درویش۔ علماء۔ فقہاء۔ اللہ والے۔ رَبَّانِیٌّ واحد

رَبَتْ: وہ اُبھری۔ بلند ہوئی۔ بڑھی۔ پھلی پھولی۔ رُبُوٌّ مصدر

رَبِحَتْ: وہ فائدہ مند ہوئی۔ کارآمد ہوئی

رَبَطْنَا: ہم نے پالا۔ ہم نے باندھا۔

رُبُعٌ: چوتھائی۔ ¼ اَرْبَاعٌ جمع

رُبَمَا: کبھی کسی وقت۔ اکثر اوقات۔

رَبْوَۃٌ: بلندی۔ ٹیلا۔ اونچی جگہ۔

رَبَّیَا: ان دونوں نے پالا۔ پرورش کی۔

رِبِّیُّوْنَ: اللہ والے لوگ۔ اہل اللہ۔ خدا پرست۔ رِبِّیٌّ واحد

رَتْقٌ: مُنہ بند۔ ملا ہوا۔ جُڑے ہوئے۔

رَتِّلْ: صاف صاف پڑھ۔ آہستہ آہستہ پڑھ۔ ٹھیر ٹھیر کر پڑھ۔

رَتَّلْنَا: ہم نے ٹھیر ٹھیر کر پڑھا۔ آہستہ آہستہ پڑھ کر سُنایا۔

رَجٌّ: کپکپانا۔ لرزانا۔ ہلانا۔

رِجَالٌ: پیادے مرد۔ رَجُلٌ واحد

رِجَالًا: پاپیادہ۔ پیروں چل کر۔ لوگ۔ مرد۔ رَجُلٌ واحد

رُجَّتِ: وہ کپکپائی گئی۔ ہلائی گئی۔ لرزائی گئی۔ رَجٌّ مصدر

رِجْزٌ: عذاب۔ بلا۔ نجاست۔

رُجْزٌ: ناپاکی۔ پلیدی۔ گناہ۔ بُت۔

رِجْسٌ: آفت۔ بلا۔ گندہ۔ ناپاک۔ اَرْجَاسٌ جمع

رَجْعٌ: پھر جانا۔ مال۔ بارش۔ نفع۔

رَجَعَ: وہ پھرا۔ واپس لوٹا۔ دوبارہ آیا۔ واپس ہوئے۔ رَجْعٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

رُجْعٰی : پھر جانا۔ واپس جانا۔ لوٹنا۔

رُجِعْتُ : میں پھیرا گیا۔ لوٹایا گیا۔

رَجَعْتُمْ : تم پھرے۔ واپس ہوئے۔ لوٹے۔

رَجَعْنَا : ہم پھرے۔ ہم واپس لوٹے۔

رَجَعُوْا : وہ پھرے۔ واپس لوٹے۔

رَجْفَةٌ : بھونچال۔ زلزلہ۔ ہلنا۔ لرزش۔

رِجْلٌ : پاؤں۔ پیر۔ اَرْجُلٌ جمع

رَجِلٌ : پیادے۔ پیدل۔ رَاجِلٌ واحد

رَجُلٌ : مرد۔ آدمی۔ رِجَالٌ جمع

رَجُلٰنِ : دو مرد۔ دو آدمی۔

رِجْلَیْنِ : دو پاؤں۔ دو پیر۔

رَجُلَیْنِ : دو مرد۔ دو آدمی۔

رَجْمٌ : سنگسار کرنا۔ پتھر مارنا۔

رَجَمْنَا : ہم نے سنگسار کیا۔ پتھر مارے۔

رُجُوْمٌ : سنگساری کے اسباب۔ سنگسار کرنے کی چیزیں۔ رَجْمٌ واحد

رَجِیْمٌ : لعنت زدہ۔ راندہ ہوا۔ پھٹکارا ہوا۔ شیطان کا ایک نام۔

رَحَالٌ : کجاوے۔ سامانِ سفر۔ پالانِ شتر۔

رَحُبَتْ : وہ کشادہ ہوئی۔ وہ فراخ ہوئی۔ رُحْبٌ مصدر

رَحْلٌ : کجاوہ۔ پالان۔ اسبابِ سفر رِحَالٌ جمع

رِحْلَةٌ : کوچ۔ سفر۔ رحلت۔ روانگی۔

رُحْمًا : قرابت و رشتہ داری اور محبت کے لحاظ سے۔

رَحِمَ : اس نے رحم کیا۔ مہربانی کی۔

رُحَمَآءُ : بہت مہربان۔ رحم دل۔ بہت ہمدرد۔ رَحِیْمٌ واحد

رَحْمَةٌ : مہربانی۔ رحمت۔ بخشش۔

رَحْمٰنُ : بڑا مہربان۔ بخشش کرنے والا۔ اللہ کا صفاتی نام۔

رَحِمْنَا : ہم نے بخشا۔ رحم کیا۔

رَحِیْقٌ : خالص شراب۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَحِیْمٌ : بڑا بخشنے والا۔ نہایت رحم والا۔ اللہ کا صفاتی نام۔ رُحَمَآءُ جمع

رُخَآءً : نرم نرم۔ ہلکی ہلکی۔ رِخْوَۃٌ مصدر

رَدٌّ : پھیر لینا۔ پھیر دینا۔ موڑ دینا۔ لوٹا دینا۔ قبول نہ کرنا۔

رَدَّ : اس نے پھیر دیا۔ لوٹا دیا۔

رِدْاً : یار۔ مددگار کے طور پر۔ اَرْدَاءٌ جمع

رُدَّتْ : وہ لوٹا دی گئی۔ واپس کر دی گئی

رُدِدْتُّ : مجھے پھیرا گیا۔ لوٹایا گیا۔

رَدَدْنَا : ہم نے پھیر دیا۔ واپس کر دیا۔

رَدِفَ : وہ پیچھے ہوا۔ پیچھے لگا۔

رَدْمٌ : موٹی اور مضبوط دیوار۔ بندش۔ سدِّ محکم۔ رُدُوْمٌ جمع

رَدُّوْا : انہوں نے پھیر دیا۔ واپس کر دیا۔

رُدُّوْا : وہ پھیرے گئے۔ تم پھیر دو۔ لوٹاؤ۔ واپس کر دو۔

رَزَّاقٌ : خوب روزی دینے والا۔

رِزْقٌ : روزی۔ رزق۔ اَرْزَاقٌ جمع

رَزَقَ : اس نے روزی دی۔ رزق دیا۔

رَزَقْنَا : ہم نے روزی دی۔ رزق دیا۔

رُزِقْنَا : ہم کو روزی دی گئی۔

رُزِقُوْا : اُن کو روزی دی گئی۔

رَسٌّ : ایک کنوئیں کا نام۔

رِسَالَۃٌ : پیغام۔ خط۔ رَسَائِلُ جمع

رُسُلٌ : پیغمبران۔ رَسُوْلٌ واحد

رَسُوْلٌ : پیغمبر۔ بھیجا ہوا۔ ایلچی۔

رَسُوْلَا : دو بھیجے ہوئے۔ دو پیغمبر۔ (آخر سے ن گر گیا)

رَشَادٌ : نیکی۔ بھلائی۔ راستی۔

رُشْدٌ : سیدھی راہ۔ ہدایت۔ راہِ راست پر ہونا۔

رَشَدٌ : بہتری۔ بھلائی۔ نیکی۔

رَشِیْدٌ : نیک۔ صالح۔ شائستہ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَصَدٌ : نگہبان۔ گھات میں بیٹھنے والے۔
رَاصِدٌ واحد

رَضَاعَةٌ : دودھ پلانے کی مدت۔
ماں کا بچے کو دودھ پلانا۔

رَضُوْا : وہ خوش ہوئے۔ رضامند ہوئے۔
راضی ہوئے۔ رِضًی مصدر

رِضْوَانٌ : خوشنودی۔ رضامندی۔

رَضِیَ : وہ خوش ہوا۔ راضی ہوا۔

رَضِیٌّ : پسندیدہ۔ من بھاتا۔ خوش اطوار۔

رَضِیْتُ : میں نے پسند کیا۔ رِضًی مصدر

رَضِیْتُمْ : تم رہے۔ تم نے پسند کیا۔

رُطَبٌ : پکی اور تازہ کھجوریں۔ رُطَبَةٌ واحد

رَطْبٌ : ہرا۔ تازہ۔ تر۔ رُطُوْبَةٌ مصدر

رِعَآءٌ : چرواہے۔ رَاعِیٌ واحد

رِعَایَةٌ : نباہنا۔ حفاظت کرنا۔

رُعْبٌ : ڈر۔ دھاک۔ دہشت۔ خوف۔
ہیبت۔ رعب۔ اثر۔

رَعْدٌ : گرج۔ کڑک۔ گرجنے والا۔

رَعَوْا : انہوں نے رعایت کی۔ نباہا۔
رِعَایَةٌ مصدر

رَغَبٌ : خواہش۔ توقع۔ طمع۔

رَغَدًا : خوب اچھی طرح۔ بافراغت۔

رُفَاتٌ : چورا۔ ریزہ ریزہ۔ بوسیدہ۔

رَفَثٌ : جماع کرنا۔ بے پردگی۔
ہم بستری۔ مباشرت۔

رِفْدٌ : انعام بخشش۔ اَرْفَادٌ جمع

رَفْرَفٌ : چاندنیاں۔ قیمتی تکیے اور
بچھونے (سبز کپڑے کے)
رَفْرَفَةٌ واحد

رَفَعَ : اس نے اٹھایا۔ بلند کیا۔

رُفِعَتْ : وہ اونچی کی گئی۔ بلند کی گئی۔

رَفَعْنَا : ہم نے اٹھایا۔ اونچا کیا۔

رَفِیْعٌ : بلند ہونے والا۔ بلند کرنے والا۔
اللہ کا صفاتی نام۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَفِيقٌ: یار۔ ساتھی۔ رُفَقَاءُ جمع

رَقٌّ: ورق۔ کاغذ۔ جھلی۔ رُقُوقٌ جمع

رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ: لوحِ محفوظ۔

رِقَابٌ: گردنیں۔ رَقَبَةٌ واحد

رَقَبَةٌ: گردن۔ جان۔ غلام۔ رِقَابٌ جمع

رُقُوْدٌ: سونے والے۔ سوئے ہوئے۔ خفتہ۔ رَاقِدٌ واحد

رُقِيٌّ: چڑھنا۔ اوپر جانا۔ (مصدر)

رَقِيْبٌ: نگہبان۔ راہ دیکھنے والا۔ اللہ کا صفاتی نام۔

رَقِيْمٌ: کتبہ۔ غار۔ گاؤں یا میدان کا نام۔

رِكَابٌ: اونٹ۔ سواری رُكُبٌ جمع

رُكَامًا: تہ بہ تہ۔ اوپر تلے۔ رَكْمٌ مصدر

رَكْبٌ: قافلہ۔ (شتر سوار نو سے زیادہ)

رَكَّبَ: اس نے جوڑ دیا۔ ملا دیا۔

رَكِبَا: وہ دونوں سوار ہوئے۔ رُكُوْبٌ مصدر

رُكْبَانٌ: کئی سوار۔ رَاكِبٌ واحد

رُكْبَانًا: سواری کی حالت میں۔

رَكِبُوْا: وہ سوار ہوئے۔ رُكُوْبٌ مصدر

رِكْزٌ: بھنک۔ پوشیدہ آواز۔ سرسراہٹ

رُكَّعٌ: رکوع کرنے والے۔ رَاكِعٌ واحد

رُكْنٌ: آسرا۔ زور۔ مراد لشکر۔ قلعہ۔ پایہ۔ کونہ۔ اَرْكَانٌ جمع

رَكُوْبٌ: سواری۔ کشتی۔

رَمٰى: تیر چلایا۔ پھینکا۔ رَمْيٌ مصدر

رِمَاحٌ: نیزے۔ رُمْحٌ واحد

رَمَادٌ: راکھ۔ خاکستر۔ اَرْمِدَةٌ جمع

رُمَّانٌ: انار۔ رُمَّانَةٌ واحد

رَمْزٌ: ہاتھ، سر یا آنکھ سے اشارہ کرنا۔ اشارہ۔ رُمُوْزٌ جمع

رَمَضَانُ: روزوں کے مہینے کا نام۔

رَمَيْتَ: تو نے تیر چلایا۔ پھینکا۔ رَمْيٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَمِیْمٌ : سڑی ہوئی (ہڈی)، گلی ہوئی۔ بوسیدہ۔ خاک آلود۔ اَرِمَّاءُ۔ رِمَامٌ جمع

رَوَاحٌ : شام۔ زوال سے شام تک کا وقت۔ شام کی سیر یا منزل۔

رَوَاسِیَ : پہاڑ۔ مضبوط۔ بوجھ۔ رَاسِیَةٌ واحد

رَوَاکِدُ : ایستادہ۔ ٹھیر جانے والیاں۔ تھمی ہوئیں۔ رَاکِدَةٌ واحد

رُوْحٌ : جان۔ وحی۔ قرآن۔ فیضِ غیبی۔ فرشتہ یعنی حضرت جبرئیلؑ۔

رَوْحٌ : اچھی ہوا۔ آرام۔ رحمت۔ سکون۔ ٹھنڈک۔ فیض۔

اَلرُّوْحُ الْاَمِیْنُ : امانت دار فرشتہ۔ حضرت جبرئیلؑ کا لقب۔

رُوْحُ الْقُدُسِ : پاک روح۔ حضرت جبرئیلؑ کا لقب۔

رَوْضَاتٌ : بہت سے باغ۔ باغات رَوْضَةٌ واحد۔

رَوْضَةٌ : باغ۔ سبزہ زار۔ رِیَاضٌ۔ رَوْضَاتٌ جمع

رَوْعٌ : خوف۔ ڈر۔ دہشت۔

رُوْمٌ : رومی لوگ۔ قوم روم۔ رُوْمِیٌّ واحد

رُوَیْدًا : مہلت۔ تھوڑے دن۔ چند روز۔ (رَوْدٌ کی تصغیر)

رِهَانٌ : گروی رکھنا۔ گروی۔ رہن۔

رَهَبٌ : ڈرنا۔ خوف کھانا۔ خوف۔

رُهْبَانٌ : اہلِ کتاب کے درویش۔ نصاریٰ کے زاہد لوگ۔ رَاهِبٌ واحد

رَهْبَانِیَّةٌ : دنیا چھوڑنا۔ یعنی کھانا، پینا، لباس اور نکاح ترک کرنا۔

رَهْبَةٌ : ڈر۔ رعب۔ ہیبت۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَهْطٌ: قوم۔ بھائی بند۔ اَرْهُطٌ جمع

رَهَقٌ: سر چڑھنا۔ سرکشی۔ ظلم کسی کا حق کم کرنا۔ حق تلفی۔ زیادتی۔

رَهْوًا: ساکن۔ تھما ہوا۔ خشک۔

رَهِيْنٌ: گروی کیا ہوا۔ رہن شدہ۔ پھنسا ہوا۔ مرہون۔ رَهْنٌ مصدر

رَهِيْنَةٌ: گروی رکھی ہوئی۔ رہن شدہ۔ پھنسی ہوئی۔ گرفتار۔ رَهْنٌ مصدر

رِيَاحٌ: ہوائیں۔ آندھیاں۔ رِيْحٌ واحد

رَيْبٌ: شک۔ دھوکا۔ گردش۔

رَيْبُ الْمَنُوْنِ: گردشِ زمانہ۔ حوادثِ زمانہ۔

رِيْبَةٌ: شک شبہ۔ خلجان۔ تردد۔

رِيْحٌ: ہوا۔ بُو۔ غلبہ۔ رعب۔ رِيَاحٌ جمع

رَيْحَانٌ: خوشبودار گھاس کا نام، جس کو سپرغم کہتے ہیں۔ ۱۱

خوشبودار پھول۔ رَيَاحِيْنُ جمع

رِيْشٌ: رونق۔ زینت۔ آرائش۔ مال۔

رِيْعٌ: ٹیلا۔ بلند زمین۔ کشادہ راستہ۔ دَرّہ۔ رِيَاعٌ جمع

ز

زَاجِرَاتٌ: ڈانٹنے والیاں۔ گھرکنے والیاں۔ دھمکی دینے والیاں۔ زَاجِرَةٌ واحد

زَادٌ: توشہ۔ زادِ راہ۔ سفر کا خرچ اور کھانا پینا۔ اَزْوَادٌ جمع

زَادَ: اس نے بڑھایا۔ زیادہ کیا۔ زیادہ دیا۔ زیادہ ہوا۔ بڑھا۔ زِيَادَةٌ مصدر

زَادَتْ: اس نے بڑھایا۔ زیادہ کیا۔ (صیغہ مؤنث)

toobaa-elibrary.blogspot.com

زَادُوْا: انہوں نے بڑھایا۔ زیادہ دیا۔

زَارِعُوْنَ: کھیتی کرنے والے۔ کسان۔ اُگانے والے۔ بونے والے۔

زَاغَ: وہ ٹیڑھا ہوا۔ گمراہ ہوا۔ کج رَو ہوا۔ مائل ہوا۔ زَیْغٌ مصدر

زَاغَتْ: وہ گمراہ ہوئی۔ ٹیڑھی ہوئی۔ پھر گئی۔ چُوک گئی۔ بہک گئی۔

زَاغُوْا: وہ پھر گئے۔ انہوں نے کجروی اختیار کی۔ ٹیڑھے ہو گئے۔ مائل ہو گئے۔

زَالَتْ: وہ نہ رہی۔ زائل ہوئی۔

زَالَتَا: وہ دونوں (آسمان زمین) ٹل گئے۔ اپنے مقام سے ہٹ گئے۔

زَانٍ یا زَانٍ: بدکار مرد۔ زنا کرنے والا۔

زَانِیَةٌ: بدکار عورت۔ زنا کرنے والی۔

زَاهِدِیْنَ: بیزار ہونے والے۔ بغیر لالچ کے۔ بے رغبت۔

زَاهِقٌ: بے نور ہونے والا۔ نابود ہونے والا۔ مٹنے والا۔ ناچیز ہونے والا۔ زُهُوْقٌ جمع

زَبَانِیَةٌ: دھکیلنے والے۔ دوزخ کے فرشتے جو عذاب پر متعین ہیں۔ ملائکۂ دوزخ زِبْنِیٌّ واحد

زَبَدٌ: پھین۔ جھاگ۔ اَزْبَادٌ جمع

زُبُرٌ: تختیاں۔ اوراق۔ کتابیں۔ صحیفے زَبُوْرٌ واحد

زُبَرٌ: لوہے کے تختے یا بڑے بڑے ٹکڑے۔ زُبْرَةٌ واحد

زُبْرًا: ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ۔

اَلزَّبُوْرُ: آسمانی کتاب کا نام جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ صحیفہ۔

زُجَاجَةٌ: شیشہ۔ زُجَاجٌ جمع

زَجْرًا: جھڑکی۔ جھڑکنا۔ ڈانٹتے ہوئے

زَجْرَةٌ: جھڑکی۔ ڈانٹ۔ زَجْرٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

زُحْزِحَ : وہ سرکا دیا گیا۔ دور کر دیا گیا۔ بچا دیا گیا۔

زَحْزَحَةٌ مصدر

زَحْفٌ : لڑائی۔ میدانِ جنگ۔ بڑا لشکر۔

زُخْرُفٌ : سونا۔ سنگار۔ آرائش۔ سنہری (جھوٹ سے) ملمع شدہ۔

زِدْ : تو زیادہ دے۔ زیادہ کر۔ بڑھا۔ زیادتی کر۔ مزید دے۔

زِيَادَةٌ مصدر

زِدْنَا : ہم نے بڑھایا۔ زیادہ دیا۔

زَرَابِيُّ : مخمل کے نہالچے۔ نفیس بچھونے۔ گدے۔ مسندیں۔

زِرْبِيٌّ واحد

زُرَّاعٌ : کھیتی والے۔ کسان۔ زَارِعٌ واحد

زُرْتُمْ : تم نے جا کر دیکھا۔ ملاقات کی۔

زَرْعٌ : کھیتی۔ کھیتی کرنا۔ زُرُوْعٌ جمع

زُرْقٌ : نیلے۔ نیلی۔ نیلگوں۔ اَزْرَقُ واحد

زَعْمٌ : گمان۔ دعویٰ۔ خیال۔ زُعُوْمٌ جمع

زَعَمَ : اس نے دعویٰ کیا۔ گمان کیا۔ خیال کیا۔ زَعْمٌ مصدر

زَعَمْتَ : تو نے گمان کیا۔ دعویٰ کیا۔ خیال کیا۔ زَعْمٌ مصدر

زَعَمْتُمْ : تم نے گمان کیا۔ دعویٰ کیا۔ خیال کیا۔ زَعْمٌ مصدر

زَعِيْمٌ : گمان کرنے والا۔ ضامن۔ ذمہ لینے والا۔ دعویٰ کرنے والا۔

زَفِيْرٌ : گدھے کی شروع کی آواز۔ چیخ و پکار

زَقُّوْمٌ : سینڈھ۔ تھور کا درخت۔

زَكٰى : وہ پاک ہوا۔ وہ سنورا۔ درست ہوا

زَكٰوةٌ : پاک کرنا۔ سال میں مال سے چالیسواں حصہ اللہ کی راہ میں دینا۔ زکوٰۃ۔

زَكّٰى : اس نے پاک کیا۔ سنوارا۔

زَكَرِيَّا : بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر کا نام۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

زَكِيٌّ : پاک مرد۔ بے قصور۔ معصوم۔

زَكِيَّةٌ : ستھری۔ پاکیزہ عورت۔ گناہوں سے پاک۔ بے قصور۔

زِلْتُمْ : تم الگ رہے۔ علیحدہ رہے۔ تم نہ رہے۔ زائل ہوئے۔

زِلْزَالٌ : بھونچال۔ ہلانا۔ لرزانا۔

زُلْزِلَتْ : اُسے ہلایا گیا۔ لرزایا گیا۔

زَلْزَلَةٌ : بھونچال۔ زلزلہ۔ ہلا ڈالنا۔

زُلْزِلُوْا : ان کو ہلایا گیا۔ لرزایا گیا۔

زُلَفٌ : رات کی گھڑیاں۔ حصے۔ زُلْفَةٌ واحد

زُلْفٰى : مرتبہ۔ نزدیکی۔ درجہ۔ قربت۔

زُلْفَةٌ : نزدیک۔ قریب۔ اوّل رات میں ایک حصہ۔

زَلَقٌ : صاف۔ چٹیل میدان۔ پھسلواں جگہ۔

زَلَلْتُمْ : تم پھسلے۔ تم ڈگمگائے۔ تم نے ٹھوکر کھائی۔ زَلٌّ مصدر

زُمَرًا : جتھے کے جتھے۔ گروہ در گروہ۔

زَمْهَرِيْرٌ : سردی۔ سخت جاڑا۔ ٹھنڈ۔ ٹھر۔

زِنًى : حرام کاری۔ بدکاری۔ زنا۔

زَنْجَبِيْلٌ : سونٹھ۔ ادرک۔

زِنُوْا : تم تولو۔ وزن کرو۔ وَزْنٌ مصدر

زَنِيْمٌ : زنا سے بدنام۔ حرام زادہ۔ کمینہ۔ بدخُو۔ نیچ قوم۔

زَوَالٌ : نہ رہنا۔ مٹ جانا۔ زائل ہونا۔

زَوْجٌ : خاوند۔ بیوی۔ جوڑا۔ قسم قسم کا۔ جفت۔ جوڑے میں سے ایک۔ اَزْوَاجٌ جمع

زَوْجَانِ : جوڑا۔ دو دو قسم کے۔ دو طرح کے۔

زُوِّجَتْ : وہ ملائی گئی۔ اس کا جوڑ ملایا گیا۔ اسے اکٹھا کیا گیا۔ جوڑے بنائے گئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

زَوَّجْنَا: ہم نے نکاح میں دے دیا۔ بیاہ دیا۔

زَوْجَیْنِ: میاں بیوی۔ جوڑا۔ ایک نر ایک مادہ۔ دو دو قسمیں۔

زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ: ایک ایک جوڑا۔ ایک ایک نر ایک ایک مادہ۔ دو دو قسمیں۔

زُوْرٌ: جھوٹ۔ غلط زُوْرٌ مصدر

زَهْرَۃٌ: تازگی۔ آرائش۔ رونق۔ زینت۔

زَهَقَ: وہ ناچیز ہوا۔ مٹ گیا۔ نابود ہوا۔

زَهُوْقٌ: ناچیز ہونے والا۔ نابود ہونے والا۔ مٹ جانے والا۔ (صفتِ مشبہ)

زِیَادَۃٌ: بڑھوتری۔ زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا۔

زَیْتٌ: تیل۔ زیتون کا تیل۔ جوہر۔ زُیُوْتٌ جمع

زَیْتُوْنٌ: ایک میوہ دار درخت کا نام ہے۔ زیتون کا پھل۔

زَیْتُوْنَۃٌ: زیتون کا درخت۔

زَیْدٌ: مشہور صحابی۔ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متبنّٰی اور حارثہ بن شرحبیل کے بیٹے تھے۔ حضورؐ کے لے پالک بیٹے۔

زَیْغٌ: کجی۔ ٹیڑھاپن۔ اعتدال سے ہٹنا۔

زَیَّلْنَا: ہم نے جدا کیا۔ علیحدہ کر دیا۔ تفریق ڈال دی۔ تَزْیِیْلٌ مصدر

زَیَّنَ: اس نے سنوارا۔ اچھا کر دکھایا۔ مزیّن کر دیا۔ تَزْیِیْنٌ مصدر

زُیِّنَ: وہ سنوارا گیا۔ اچھا کر دکھایا گیا خوبصورت کر دکھایا گیا۔

زَیَّنَّا: ہم نے زینت دی۔ رونق دی۔ اچھا کر دکھایا۔ بارونق بنایا۔

زِیْنَۃٌ: بناؤ سنگار۔ رونق۔ زینت۔ آرائش۔ آراستگی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

زَیَّنُوْا: انھوں نے سنوارا۔ خوبصورت کر دکھایا۔ اچھا کر کے دکھلایا۔

س

سَ: عنقریب۔ اب۔ ابھی۔

سَآءَ: اس نے برا کیا۔ برا ہے۔ سَوْءٌ مصدر

سَآئِبَۃٌ: وہ اونٹنی جس کی اولاد کی اولاد ہو جاتی اور اسے نذر یا منّت مان کر بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے۔ یا وہ اونٹنی جو دس بچے جن دیتی، اور وہ سب مادہ ہوتے تو جاہلیت میں اہلِ عرب اُسے بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے۔

سَآءَتْ: اُس عورت نے بُرا کیا۔ وہ بُری ہے۔ بُری ہوئی۔ سَوْءٌ مصدر

سَآئِحَاتٌ: روزہ رکھنے والیاں۔ ہجرت کرنے والی عورتیں۔ سیاحت کرنے والیاں۔ سَآئِحَۃٌ واحد

سَآئِحُوْنَ: روزے دار۔ عبادت کرنے والے۔ ہجرت کرنے والے۔ پھرنے والے۔ سیاحت کرنے والے۔ سَآئِحٌ واحد

سَآئِغٌ: مزیدار۔ خوشگوار۔ لذیذ۔

سَآئِقٌ: ہانکنے والا، مراد فرشتہ سَوْقٌ مصدر

سَآئِلٌ: پوچھنے والا۔ مانگنے والا۔ دریافت کرنے والا۔ سُؤَالٌ مصدر

سَآئِلِیْنَ: مانگنے والے۔ پوچھنے والے۔ سَآئِلٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

سَابِحَاتٌ: تیرنے والیاں۔ اُڑنے والیاں۔ (مراد فرشتے جو روحوں کو لے کر تیزی سے اُڑتے ہیں) سَابِحَةٌ واحد

سَابِغَاتٌ: کُشادہ اور لمبی چوڑی زرہیں۔ سَابِغَةٌ واحد سُبُوْغٌ مصدر

سَابِقٌ: آگے بڑھنے والا سبقت کرنے والا۔ سَبَاقٌ مصدر

سَابِقَاتٌ: آگے بڑھنے والیاں سبقت کرنے والیاں۔ (مراد فرشتے) سَابِقَةٌ واحد

سَابِقُوْا: آگے بڑھو۔ سبقت کرو۔ دوڑو۔ مُسَابَقَةٌ مصدر

سَابِقُوْنَ: آگے پہنچنے والے۔ سبقت کرنے والے۔ سَابِقٌ واحد

سَابِقِيْنَ: آگے بڑھنے والے۔ سبقت کرنے والے۔ سَبَاقٌ مصدر

سَاجِدًا: سجدہ کی حالت میں۔ سجدہ کرتے ہوئے۔ سُجُوْدٌ مصدر

سَاجِدُوْنَ: پیشانی ٹیکنے والے۔ سجدہ کرنے والے۔ سَاجِدٌ واحد

سَاجِدِيْنَ: سجدہ کرنے والے۔ سُجُوْدٌ مصدر

سَاحَةٌ: آنگن۔ کشادہ جگہ۔ میدان۔ صحن۔ سَاحَاتٌ جمع

سَاحِرٌ: جادوگر۔ جادو کرنے والا سَحَرَةٌ جمع

سَاحِرَانِ: دو جادوگر۔ سِحْرٌ مصدر

سَاحِرُوْنَ: جادوگر لوگ۔ سَاحِرٌ واحد

سَاحِلٌ: کنارہ۔ لبِ دریا۔ سَوَاحِلُ جمع

سَاخِرِيْنَ: ہنسنے والے۔ مذاق اُڑانے والے۔ ٹھٹھا کرنے والے۔ سَاخِرٌ واحد

سَادَةٌ: سردار لوگ۔ لیڈر۔ سَيِّدٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

سَادِسٌ : چھٹا۔ ششم۔ (عدد ترتیبی)

سَارَ : اس نے سیر کی۔ وہ چلا سَیْرٌ مصدر

سَارِبٌ : گلیوں میں پھرنے والا۔ کھلم کھلا چلنے والا۔ سَرْبٌ مصدر

سَارِعُوْا : تم دوڑو۔ جلدی کرو۔ مُسَارَعَةٌ مصدر

سَارِقٌ : چور۔ چُرانے والا۔ سَرِقَةٌ مصدر

سَارِقَةٌ : چُرانے والی۔ چوری کرنے والی۔ سَرِقَةٌ مصدر

سَارِقُوْنَ : چُرانے والے۔ چوری کرنے والے۔ سَارِقٌ واحد

سَارِقِيْنَ : چور لوگ۔ چوری کرنے والے

سَاعَةٌ : گھڑی۔ گھنٹہ۔ وقت۔ زمانہ۔

اَلسَّاعَةُ : قیامت۔ روزِ قیامت۔

سَافِلٌ : نیچے رہنے والا۔ نیچے ہونے والا۔ پست۔ سَفَلَةٌ جمع سُفُوْلٌ مصدر

سَافِلِيْنَ : نیچے رہنے والے۔ پست۔ سُفُوْلٌ مصدر۔ سَافِلٌ واحد

سَاقٌ : پنڈلی۔ سختی۔ سُوْقٌ۔ سِيْقَانٌ جمع

سَاقِطٌ : گرنے والا۔ گرتا ہوا۔ سُقُوْطٌ مصدر

سَاقَيْ : دونوں پنڈلیاں۔ (سَاقَيْنِ تھا، آخر سے ن گر گیا) سُوْقٌ جمع

سَاكِنٌ : ٹھیرا ہوا۔ ساکن۔ تھما ہوا۔

سَاَلَ : اس نے پوچھا۔ دریافت کیا۔ سوال کیا۔ مانگا۔ سُؤَالٌ مصدر

سُئِلَ : اس سے پوچھا گیا۔ مانگا گیا۔ دریافت کیا گیا۔ سوال کیا گیا۔ سُؤَالٌ مصدر

سَاَلْتَ : تو نے پوچھا۔ مانگا۔ دریافت کیا۔ سوال کیا۔ سُؤَالٌ مصدر

سَاَلْتُ : میں نے پوچھا۔ مانگا۔ دریافت کیا۔ سوال کیا۔ سُؤَالٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَمَسُوْا: انھوں نے چھُوا۔ لَمْسٌ مصدر

لَمَمٌ: کچھ آلودگی۔ ہلکے گناہ۔ گناہ کے نزدیک جانا۔ گناہِ صغیرہ لَمٌّ مصدر

لَنْ: ہرگز نہیں۔ (حرف ناصبِ مضارع)

لِنْتَ: تُو نرم ہوا۔ لِيْنٌ مصدر

لَوْ: اگر۔ کاش۔ کیا اچھا ہوتا۔

لَوَّاحَةٌ: مُنھ سیاہ کرنے والی۔ جلا دینے والی۔

لِوَاذًا: پناہ لے کر۔ آنکھ بچا کر۔ آڑ میں ہو کر۔

لَوَاقِحُ: رس بھری ہوئیں۔ مینھ برسانے والیاں۔ لَاقِحَةٌ واحد

لَوَّامَةٌ: بہت ملامت کرنے والا۔ لَوْمٌ مصدر

لَوْحٌ: تختی۔ اَلْوَاحٌ جمع

لَوْحٌ مَّحْفُوْظٌ: ایک تختی کا نام ہے۔

لُوْطٌ: ایک پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیمؑ کے بھتیجے تھے۔

لَوْلَا: اگر نہیں ہوتا۔ اگر نہ ہوتے۔ کیوں نہیں۔

لَوْمَا: کیوں نہیں (حرفِ تحضیض)

لَوْمَةٌ: ملامت۔ ملامت کرنا۔

لُوْمُوْا: تم ملامت کرو۔ لَوْمٌ مصدر

لَوْنٌ: رنگ۔ اَلْوَانٌ جمع

لَوَّوْا: اُنھوں نے پھیرا۔ موڑا۔ مٹکایا۔ لَيٌّ مصدر

لَهٗ: اُس کا۔ اُس کے لیے۔ (مذکر)

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَهَا : اُس کا۔اس کے لیے (مؤنث)

لَهَبٌ : شعلہ۔آنچ۔ لپٹ۔

لَهْوٌ : تماشا۔کھیل۔غفلت۔

لَیٌّ : بَل دینا۔رسّی وغیرہ بٹنا۔ گواہی کے وقت زبان موڑ پھیر کر بات کرنا کہ صاف بات معلوم نہ ہو۔ (لَوٰی یَلْوِیْ سے مصدر)

لَیَالٍ : راتیں۔ لَیْلٌ، لَیْلَةٌ واحد

لَیَالِ عَشْرٍ : دس راتیں۔عشرہ ذی الحجہ یعنی ماہ ذی الحجہ کے شروع کے دس دن۔

لَیَالِیُ : راتیں لَیْلٌ۔لَیْلَةٌ واحد

لَیْتَ : کاش کہ۔ (حرفِ تمنّا)

لَیْسَ : وہ نہیں ہے۔ (مذکر)

لَیْسَتْ : وہ نہیں ہے۔ (مؤنث)

لَیْسُوْا : وہ نہیں ہیں۔ (مذکر)

لَیْلٌ : رات۔لَیَالٍ جمع۔ لَیْلَةٌ واحد

لَیْلَةٌ : رات۔ لَیَالِیُ جمع۔ لَیْلٌ واحد

لَیْلَةُ الْقَدْرِ : شبِ قدر۔ جو اکثر ماہِ رمضان کی ستائیسویں[۲۷] شب ہوتی ہے۔ اِس رات کو عبادت کرنا ہزار مہینے کی عبادت سے افضل ہے۔

لَیْلَةٌ مُّبَارَكَةٌ : برکت والی رات۔ شبِ برات یعنی ماہِ شعبان کی پندرھویں[۱۵] شب یا شبِ قدر

لَیِّنٌ : نرم۔ (لَانَ یَلِیْنُ سے صفتِ مشبّہ)

لَیُنْۢبَذَنَّ : البتہ اس کو ضرور پھینکا جائے گا۔

لِیْنَةٌ : کھجور کا درخت جس کا پھل عُجْوَةٌ کہلاتا ہے۔ تنہ۔ کھجور کا نرم و نازک پودا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

م

مَا : نہیں۔ کیا۔ وہ چیز۔ جو کچھ۔ جس کو۔

مَآءٌ : پانی۔ مِیَاہٌ جمع

مَآءٌ مَّهِيْنٌ : حقیر پانی۔ نطفہ۔

مِائَةٌ : ایک سو۔ مِئَاتٌ جمع

مِائَتَيْنِ : دو سو۔ (مِائَةٌ کا تثنیہ)

مَآئِدَةٌ : آراستہ خوان۔ کھانے کی چیز۔

مَابٌ : پھر آنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ اَوْبٌ مصدر

مَاتَ : وہ مرا۔ وہ مر گیا۔ مَوْتٌ مصدر

مَاتُوْا : وہ مرے۔ وہ مر گئے۔ مَوْتٌ مصدر

مَاتِیٌّ : آنے والا۔ حتمی۔ یقینی۔ اِتْیَانٌ مصدر

مَاجُوْجُ : یَاجُوْجُ کے ساتھی کا نام ہے۔ اور یہ دونوں حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے یافث کی اولاد سے ہیں۔

مَادُمْتَ : جب تک تو رہا۔ جب تک تو رہے۔

مَادُمْتُ : میں جب تک رہا۔ دَوَامٌ مصدر

مَادُمْتُمْ : جب تک تم رہو۔ دَوْمٌ مصدر

مَاذَا : کیا چیز؟ کیا ہے؟ (استفہام کے لیے آتا ہے)

مَارِبُ : ضرورتیں۔ حاجتیں۔ مَارِبَةٌ واحد

مَارِجٌ : شعلہ۔ بے دھوئیں کی آنچ۔

مَارِدٌ : سرکش۔ متکبر۔ مَرَدَةٌ جمع

مَارُوْتُ : ایک فرشتہ کا نام جو ھَارُوْتُ فرشتہ کا ساتھی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَاعُوْنٌ : معمولی چیزیں۔ برتنے کی چیزیں۔ مانگے دینے کی چیزیں جیسے پانی، آگ، نمک، دیگ، پیالہ، رکابی، سُوئی، تاگا، ڈول، رسّی، کلہاڑی وغیرہ۔ اکثر صحابہؓ و تابعینؒ مَاعُوْنٌ زکوٰۃ کو کہتے ہیں۔

مَاكِثُوْنَ : ہمیشہ رہنے والے۔ دیر کرنے والے۔ انتظار کرنے والے۔ مَاكِثٌ واحد

مَاكِرِيْنَ : فریب دینے والے۔ خفیہ تدبیر کرنے والے۔ مَاكِرٌ واحد

مَاكُوْلٌ : کھایا ہوا۔ کھانے کی چیز۔ اَكْلٌ مصدر

مَالٌ : دولت۔ سونا، چاندی، ملکیت وغیرہ جس پر جی میلان کرے۔ اَمْوَالٌ جمع۔ مَيْلٌ مصدر

مَالًا مَّمْدُوْدًا : بہت مال جس کی مدد پے در پے پہنچے۔

مَالِئُوْنَ : بھرنے والے۔ مَالِئٌ واحد

مَالِكٌ : مختار۔ بادشاہ۔ آقا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔ ایک فرشتہ کا نام جو داروغۂ دوزخ ہے۔

مَالِكُوْنَ : مختار۔ متصرف لوگ۔ مَالِكٌ واحد

مَأْمَنٌ : جائے پناہ۔ امن کی جگہ۔ بے خوف کیا ہوا۔ اَمْنٌ مصدر

مَأْمُوْنٌ : پناہ دیا ہوا۔ بے خوف کیا ہوا

مَانِعَةٌ : باز رکھنے والی۔ بچانے والی۔

مَأْوٰى : ٹھکانا۔ مکان۔ لائق رہنے کی جگہ۔ اُوِيٌّ مصدر

مَاهِدُوْنَ : بچھانے والے۔ مَاهِدٌ واحد

مَاهِيَهْ : وہ کیا ہے؟ (ہ سکتہ کی زائد ہے)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُبَارَكٌ: برکت والا۔ مُبَارَكَةٌ مصدر

مُبَارَكَةٌ: برکت والی۔ مُبَارَكَةٌ مصدر

مُبْتَلِيْ: آزمانے والا۔ اِبْتِلَاءٌ مصدر

مُبْتَلِيْنَ: جانچنے والے۔ مُبْتَلِيْ واحد

مَبْثُوْثٌ: بکھرا ہوا۔ پراگندہ۔ بَثٌّ مصدر

مَبْثُوْثَةٌ: پراگندہ کی گئی۔ بچھی ہوئی۔

مُبَدِّلٌ: بدلنے والا۔ تَبْدِيْلٌ مصدر

مُبْدِيْ: ظاہر کرنے والا۔ کھولنے والا۔

مُبَذِّرٌ: اسراف کرنے والا۔ بے اندازہ خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ۔

مُبَذِّرِيْنَ: اسراف کرنے والے۔ مُبَذِّرٌ واحد

مُبَرَّءُوْنَ: پاک کیے جانے والے۔ پاک وصاف۔

مُبْرِمُوْنَ: ٹھیرانے والے۔ مضبوط کرنے والے۔ مُبْرِمٌ واحد

مَبْسُوْطَتَانِ: دو کشادہ۔ پھیلے ہوئے۔ (مَبْسُوْطَةٌ کا تثنیہ) بَسْطٌ مصدر

مُبَشِّرٌ: خوش خبری دینے والا۔

مُبَشِّرَاتٌ: خوش خبری لانے والیاں۔ مُبَشِّرَةٌ واحد

مُبَشِّرِيْنَ: خوش خبری سنانے والے۔

مُبْصِرٌ: دیکھنے والا۔ دکھانے والا۔ روشنی والا۔ اِبْصَارٌ مصدر

مُبْصِرَاتٌ: روشن۔ واضح۔ دکھانے والی۔ دیکھنا۔ اِبْصَارٌ مصدر

مُبْصِرُوْنَ: دکھانے والے اِبْصَارٌ مصدر

مُبْطِلُوْنَ: حق کو مٹانے والے۔ جھوٹے۔ اہلِ باطل۔ مُبْطِلٌ واحد

مُبْعَدُوْنَ: دور کیے جانے والے۔ دور کیے ہوئے۔ مُبْعَدٌ واحد

مَبْعُوْثُوْنَ: اٹھائے جانے والے۔ بھیجے ہوئے یعنی زندہ کیے جائینگے۔ بَعْثٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُبْلِسُوْنَ / مُبْلِسِيْنَ : نا امید۔ آس توڑنے والے۔ شک میں ڈالنے والے۔ رنجیدہ۔

مَبْلَغٌ : انتہا۔ پہنچنے کی جگہ بُلُوْغٌ مصدر

مُبَوَّاَ : جگہ۔ جگہ دیا ہوا۔ ٹھکانا۔ ٹھکانا دینا۔

مُبِيْنٌ : کھلا ہوا۔ ظاہر۔ روشن۔

مُبَيِّنَاتٌ : تفصیل کرنے والیں۔ روشن (نشانیاں) مُبَيِّنَةٌ واحد

مُبَيِّنَةٌ : کھلم کھلا۔ ظاہر۔ کھلی ہوئی۔

مِتَّ : تُو مرا۔ مَوْتٌ مصدر

مِتُّ : مَیں مرا۔ مَوْتٌ مصدر

مَتٰى : کب۔ کب سے۔ کب ہوگا (حرف جازم مضارع)

مَتَابٌ : پھرنا۔ پھرنے کی جگہ۔ توبہ کرنا۔

مَتَاعٌ : پونجی۔ اسباب خانگی۔ سامان۔ برخورداری لینا۔ اَمْتِعَةٌ جمع

مُتَبَّرٌ : ہلاک کیا جانے والا۔ تَتْبِيْرٌ مصدر

مُتَبَرِّجَاتٌ : دکھانے والیاں۔ اپنے کو آراستہ کرنے والیاں۔ تَبَرُّجٌ مصدر

مُتَّبَعُوْنَ : وہ لوگ جن کی پیروی کی جائے، پیچھا کیا جائے۔

مُتَتَابِعَيْنِ : ڈوپے در پے۔ لگاتار متواتر۔ (مُتَتَابِعٌ کا تثنیہ)

مُتَجَاوِرَاتٌ : نزدیک نزدیک۔ ہمسائے۔

مُتَجَانِفٌ : ڈھلنے والا۔ مائل ہونے والا۔

مُتَحَرِّفٌ : کترانے والا۔ کنارہ کرنے والا۔ ہنر کرنے والا۔ تَحَرُّفٌ مصدر

مُتَحَيِّزٌ : جگہ لینے والا یا بدلنے والا۔ منتقل ہونے والا۔ تَحَيُّزٌ مصدر

مُتَّخِذٌ : پکڑنے والا۔ اختیار کرنے والا۔

مُتَّخِذَاتٌ : پکڑنے والیاں۔ بنا لینے والیاں۔ مُتَّخِذَةٌ واحد۔ اِتِّخَاذٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُتَرَاكِبٌ : تہہ بہ تہہ۔ ایک پر ایک چڑھا ہوا۔ تَرَاكُبٌ مصدر

مَتْرَبَةٌ : محتاجی۔ فقر و فاقہ۔ مفلسی

مُتَرَبِّصٌ : انتظار کرنے والا۔ تَرَبُّصٌ مصدر

مُتَرَبِّصُونَ / مُتَرَبِّصِينَ : انتظار کرنے والے۔ تَرَبُّصٌ مصدر

مُتَرَدِّيَةٌ : گرنے والی۔ اوپر سے گر کر مری ہوئی (جس کا کھانا حرام ہے) رَدًّى ماخذ

مُتْرَفُوهَا : نعمت دیے جانے والے۔ آسودہ حال گمراہ لوگ (اضافت کی وجہ سے آخر سے ن گر گیا)

مُتْرَفِينَ : ناز و نعمت میں پلے ہوئے۔ آسودہ حال۔ اِتْرَافٌ مصدر

مُتَشَابِهٌ : یکساں۔ کئی طرح سے ایک جیسا۔ ملتا جلتا۔ تَشَابُهٌ مصدر

مُتَشَابِهَاتٌ : کئی معنوں والی (آیات) جن کے معانی معیّن نہ ہوں۔

مُتَشَاكِسُونَ : ضدی۔ بدخوئی کرنے والے۔ مخالفت کرنے والے۔ تَشَاكُسٌ مصدر

مُتَصَدِّعٌ : پراگندہ ہو جانے والا۔ پارہ پارہ ہونے والا۔ تَصَدُّعٌ مصدر

مُتَصَدِّقَاتٌ : خیرات کرنے والیاں۔ مُتَصَدِّقَةٌ واحد۔ تَصَدُّقٌ مصدر

مُتَصَدِّقِينَ : خیرات کرنے والے۔ مُتَصَدِّقٌ واحد۔ تَصَدُّقٌ مصدر

مُتَطَهِّرِينَ : بہت پاک و صاف رہنے والے۔ تَطَهُّرٌ مصدر

مُتَعَالٍ : بلند ہونے والا۔ بلند و برتر۔

مَتَّعْتُ : میں نے بہرہ مند کیا۔ فائدہ پہنچا دیا۔ تَمْتِيعٌ مصدر

مَتَّعْتَ : تُو نے فائدہ پہنچایا۔ برتنے دیا۔ تَمْتِيعٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَتَّعْتُمْ: تم نے فائدہ پہنچایا۔
مُتَعَمِّدًا: قصداً۔ جان بوجھ کر۔ دیدہ ودانستہ۔ سَهْوًا ضد
مَتَّعْنَا: ہم نے فائدہ دیا۔ بہرہ مند کیا۔
مَتِّعُوْا: تم فائدہ دو۔ بہرہ مند کرو۔
مُتَفَرِّقَةٌ: علیحدہ علیحدہ۔ جدا جدا۔
مُتَفَرِّقُوْنَ: جدا جدا۔ مُتَفَرِّقٌ واحد
مُتَقَابِلِيْنَ: آمنے سامنے۔ ایک دوسرے کے مقابل۔ تَقَابُلٌ مصدر
مُتَقَلَّبٌ: پھرنے کی جگہ۔ بازگشت۔ آمدورفت۔ تَقَلُّبٌ مصدر
مُتَّقُوْنَ: پرہیزگار۔ مُتَّقِيْ واحد
مُتَّقِيْنَ: پرہیزگار۔ اللہ سے ڈرنے والے۔
مُتَّكَأٌ: محفل۔ تکیہ لگانے کی جگہ۔ مسند۔
مُتَّكِئُوْنَ: تکیہ لگانے والے۔ اِتِّكَاءٌ مصدر

مُتَّكِئِيْنَ: تکیہ لگا کر بیٹھنے والے۔
مُتَكَبِّرٌ: بڑائی والا۔ اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام۔
مُتَكَبِّرِيْنَ: غرور کرنے والے۔
مُتَكَلِّفِيْنَ: رنج ومحنت اٹھانے والے۔ بناوٹ کرنے والے۔ تَكَلُّفٌ مصدر
مُتَلَقِّيَانِ: دو لے جانے والے (فرشتے) کراماً کاتبین جو ہر روز آدمیوں کی نیکی بدی لکھ لے جاتے ہیں۔
مُتِمُّ: پورا کرنے والا۔ اِتْمَامٌ مصدر
مِتُّمْ: تم مرے۔ مَوْتٌ مصدر
مِتْنَا: ہم مرے۔ مَوْتٌ مصدر
مُتَنَافِسُوْنَ: بڑھ چڑھ کر خواہش کرنے والے۔ تَنَافُسٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُتَوَسِّمِیْنَ : اہلِ بصیرت۔ پہچان کرنے والے۔ دھیان کرنے والے مُتَوَسِّمٌ واحد

مُتَوَفِّیْ : وفات دینے والا۔ اپنی طرف پھرانے والا۔ پُورا پُورا لینے والا۔

مُتَوَکِّلٌ : اللہ پر بھروسہ کرنے والا۔

مُتَوَکِّلُوْنَ / مُتَوَکِّلِیْنَ : اللہ پر بھروسہ کرنے والے۔ تَوَکُّلٌ مصدر

مَتِیْنٌ : مضبوط۔ سخت۔ مَتَانَۃٌ مصدر

مَثَابَۃٌ : منزل۔ جمع ہونے کی جگہ۔

مَثَانِیْ : بار بار لائی ہوئیں۔ تکرار کی گئیں۔

سَبْعَ مَثَانِیْ : سات بار بار ذکر کی ہوئیں (آیتیں یا سورتیں یعنی سورۂ فاتحہ جو دو دفعہ اُتری ہے پہلے مکہ میں پھر مدینہ میں اور اس میں سات آیتیں ہیں یا قرآن مجید کی اوّل سات بڑی بڑی سورتیں)۔

مَثْبُوْرٌ : کھپایا ہوا۔ ہلاک کیا ہوا۔ ثُبُوْرٌ مصدر

مِثْقَالٌ : ہم وزن۔ برابر۔ (نام وزن جو ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے) مَثَاقِیْلُ جمع

مُثْقَلَۃٌ : لدی ہوئی۔ بوجھل۔ گرانبار۔

مُثْقَلُوْنَ : بوجھل کیے ہوئے۔ گرانبار۔

مِثْلٌ : مانند مشابہ۔ اَمْثَالٌ جمع

مَثَلٌ : کہاوت۔ حال۔ قصہ۔ اَمْثَالٌ جمع

مُثْلٰی : بہترین۔ پسندیدہ۔ شائستہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَثُلَاتٌ: کہاوتیں۔ عبرتناک سزا۔ عذاب۔ مَثُلَةٌ واحد

مِثْلَیْ: دو مانند۔ دو مثل۔ (مِثْلَیْنِ تھا۔ بوجہ اضافت ن گر گیا)

مَثْنٰی: دو دو۔ دو دو کرکے۔

مَثْوًی: ٹھکانا۔ گھر۔ رہنے کی جگہ۔ ثَوَاءٌ۔ ثَوِیٌّ مصدر

مَثُوْبَةٌ: جزا۔ بدلہ۔ ثواب۔

مَجَالِسُ: مجلسیں۔ مَجْلِسٌ واحد

مُجَاهِدٌ: جہاد کرنے والا۔

مُجَاهِدُوْنَ / مُجَاهِدِیْنَ: جہاد کرنے والے۔ جِهَادٌ مصدر

مُجْتَمِعُوْنَ: جمع ہونے والے۔ اِجْتِمَاعٌ مصدر

مَجْذُوْذٌ: کاٹا ہوا۔ جَذٌّ مصدر

مَجْرٰی: جاری ہونا۔ چلنا۔

مُجْرِمٌ: گنہگار۔ گناہ کرنے والا۔

اِجْرَامٌ مصدر

مُجْرِمُوْنَ: گناہ کرنے والے۔ گنہگار لوگ۔

مُجْرِمِیْنَ: مُجْرِمٌ واحد

مَجْمَعٌ: جمع ہونے کی جگہ۔ ملنے کی جگہ۔

مَجْمُوْعٌ: جمع کیا ہوا۔ ملایا ہوا جَمْعٌ مصدر

مَجْمُوْعُوْنَ: جمع کیے ہوئے۔ اکٹھے کیے ہوئے۔

مَجْنُوْنٌ: دیوانہ۔ پاگل۔ مَجَانِیْنُ جمع

مَجُوْسٌ: آگ پوجنے والے۔ آتش پرست

مُجِیْبٌ: جواب دینے والا۔ قبول کرنے والا۔

مَجِیْدٌ: بزرگ۔ بزرگی والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

مَحَارِیْبُ: بالاخانے۔ مسجد کے در۔ قلعے۔ مِحْرَابٌ واحد

مُحَاسَبَةٌ: حساب کرنا۔ حساب لینا۔

مِحَالٌ: مکر۔ داؤ کرنا۔ حیلہ کرنا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَحَبَّۃٌ : دوستی۔ محبت۔ حُبٌّ مصدر

مُحْتَضَرٌ : حاضر کیا ہوا۔ پہنچنے والا۔

مُحْتَظِرٌ : کانٹوں کی باڑھ لگانے والا۔ کانٹوں کا احاطہ کرنے والا۔

مَحْجُوْبُوْنَ : روکے ہوئے۔ پردہ کیے گئے۔

مَحْجُوْرٌ : منع کیا ہوا۔ روکا ہوا۔

مُحْدَثٌ : نیا۔ جدید۔ اِحْدَاثٌ مصدر

مَحْذُوْرٌ : ڈر والی چیز۔ خطرناک۔ پُرخوف حَذَرٌ مصدر

مِحْرَابٌ : بالاخانہ۔ لڑائی کی جگہ۔ مسجد کا درجہ جہاں امام کھڑا ہوتا ہے۔

مُحَرَّرٌ : آزاد کیا ہوا۔ تَحْرِیْرٌ مصدر

مُحَرَّمٌ : حرام کیا ہوا۔ تَحْرِیْمٌ مصدر

مُحَرَّمَۃٌ : حرام کی ہوئی۔ تَحْرِیْمٌ مصدر

مَحْرُوْمٌ : بے نصیب۔ ناامید۔ بے روزی۔ حِرْمَانٌ مصدر

مَحْرُوْمُوْنَ : بے نصیب لوگ۔

مُحْسِنٌ : نیکی کرنے والا۔ احسان کرنے والا۔ اِحْسَانٌ مصدر

مُحْسِنَاتٌ : نیکی کرنے والیاں۔ سنورنے والیاں۔

مُحْسِنُوْنَ : نیکی کرنے والے۔ نیک لوگ۔ مُحْسِنٌ واحد

مُحْسِنِیْنَ : نیکی کرنے والے۔ سنورنے والے۔

مَحْسُوْرٌ : عاجز۔ ہارا ہوا۔ درماندہ۔

مَحْشُوْرَۃٌ : جمع کی ہوئی۔ حَشْرٌ مصدر

مُحْصَنَاتٌ : بیاہی عورتیں۔ پرہیزگار عورتیں۔ شوہر والی عورتیں۔

مُحَصَّنَۃٌ : مضبوط کی ہوئی۔ قلعہ بنائی ہوئی۔ قلعہ بند۔ تَحْصِیْنٌ مصدر

مُحْصِنِیْنَ : بیاہے مرد۔ پرہیزگار لوگ۔ مُحْصِنٌ واحد۔ اِحْصَانٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُحضَرٌ: حاضر کیا ہوا۔ روبرو کیا ہوا۔ موجود۔

مُحضَرُونَ: حاضر کیے ہوئے۔ موجود۔

مَحظُورٌ: حرام کیا ہوا۔ گھیرا ہوا۔ ممنوع

مَحفُوظٌ: حفاظت کیا ہوا۔ حِفظٌ مصدر

مُحکَمَاتٌ: جانچی ہوئیں۔ وہ آیتیں جو معنی مراد پر صریح دلالت کریں اور اُن میں کچھ تشابہ نہ ہو۔ مُتَشَابِہَاتٌ ضد

مُحکَمَۃٌ: جانچی ہوئی۔ مضبوط کی ہوئی۔

مَحِلٌّ: (قربانی کی) جگہ۔ منزل۔ حِلٌّ مصدر

مُحِلِّی: حلال جاننے والے (مُحِلِّینَ تھا بوجہ اضافت ن گر گیا۔) مُحِلٌّ واحد

مُحَلِّقِینَ: سر کے بال مُنڈانے والے۔

مَحِلَّہٗ: اُس کی اپنی جگہ۔ ٹھکانا۔

مُحَمَّدٌ: بہت سراہا ہوا۔ یہ مبارک نام سیدالمرسلین خاتم النبیین، شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ آپ عبداللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف کے بیٹے ہیں۔ آپ سے پہلے کوئی اِس نام سے موسوم نہ ہوا تھا۔ یہ نام نہایت مبارک ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ تبرکاً اپنی اولاد کا یہ نام رکھیں۔ مگر ادب سے پکاریں۔ آپ نے فرمایا جس کے تین بیٹے ہوں اُن میں سے ایک کا نام بھی محمد نہ رکھا وہ نادان ہے۔

مَحمُودٌ: سراہا ہوا۔ تعریف کیا ہوا۔ حَمدٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَقَامٌ مَّحْمُوْدٌ: عرش کے دائیں جانب وہ جگہ جو آپؐ کو بروز قیامت عنایت ہوگی۔ آپؐ وہاں کھڑے ہو کر اُمّت کی شفاعت فرمائیں گے۔

مَحَوْنَا: ہم نے مٹایا۔ مَحْوٌ مصدر

مُحْيٍ: جلانے والا۔ زندہ کرنے والا۔ اِحْيَاءٌ مصدر

مَحْيَا: جینا۔ زندگی (حَيٰوةٌ سے مصدر میمی)

مَحِيْصٌ: بھاگنے کی جگہ۔ بچنے کی جگہ۔

مَحِيْضٌ: حیض کا زمانہ۔ حیض۔

مُحِيْطٌ: گھیرنے والا۔ خوب جاننے والا۔

مُحِيْطَةٌ: گھیرنے والی۔ اِحَاطَةٌ مصدر

مَخَاضٌ: دردِزہ۔ جننے کا درد۔

مُخْبِتِيْنَ: عاجزی کرنے والے۔ اِخْبَاتٌ مصدر

مُخْتَالٌ: تکبر کرنے والا۔ مغرور۔ اترانے والا۔

مُخْتَلِفٌ: طرح طرح کے۔ اختلاف کرنے والا۔ علیحدہ علیحدہ۔

مُخْتَلِفُوْنَ / مُخْتَلِفِيْنَ: اختلاف کرنے والے۔ اِخْتِلَافٌ مصدر

مَخْتُوْمٌ: مُہر کیا ہوا۔ خَتْمٌ مصدر

مَخْذُوْلٌ: بے بس۔ بے یار و مددگار۔

مَخْرَجٌ: نکلنے کی جگہ۔ مخلصی۔ نجات۔

مُخْرَجٌ: نکالا ہوا۔ نکالنا۔

مُخْرِجُوْنَ: نکالنے والے۔ اِخْرَاجٌ مصدر

مُخْرَجِيْنَ: نکالے ہوئے۔ اِخْرَاجٌ مصدر

مُخْرِجٌ: نکالنے والا اِخْرَاجٌ مصدر

مُخْزِيْ: رُسوا کرنے والا۔ اِخْزَاءٌ مصدر

مُخْسِرِيْنَ: کم کرنے والے۔ اِخْسَارٌ مصدر

مُخْضَرَّةٌ: سبز کیا ہوا۔ سرسبز و شاداب۔ اِخْضِرَارٌ مصدر

مَخْضُوْدٌ: پاک کیا ہوا۔ کانٹا دور کیا ہوا۔ بے خار۔ خَضْدٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُخَلَّدُوْنَ: ہمیشہ رکھے ہوئے۔ سدا رہنے والے۔ مُخَلَّدٌ واحد

مُخْلَصًا: خالص کیا ہوا۔ چُنا ہوا۔

مُخْلِصًا: خالص کرتے ہوئے۔ اِخْلَاصٌ مصدر

مُخْلِصُوْنَ: خالص کرنے والے۔ خالص طور پر۔ مُخْلِصٌ واحد

مُخْلَصِيْنَ: برگزیدہ۔ چُنے ہوئے۔ مخصوص۔ اِخْلَاصٌ مصدر

مُخْلِصِيْنَ: خالص کرنے والے۔ خالص طور پر۔

مُخْلِفٌ: خلاف کرنے والا۔ اِخْلَافٌ مصدر

مُخَلَّفُوْنَ: پیچھے رہنے والے۔ تَخْلِيْفٌ مصدر

مُخَلَّقَةٌ: صورت بنائی ہوئی۔ تَخْلِيْقٌ مصدر

مَخْمَصَةٌ: سخت بھوک۔

مَدَّ: کھینچنا۔ پھیلانا۔ ڈھیل دینا۔

مَدَّ: اُس نے کھینچا۔ پھیلایا۔

مَدَآئِنُ: بستیاں۔ شہر مَدِيْنَةٌ واحد

مِدَادٌ: سیاہی۔ روشنائی۔

مُدْبِرٌ: پیچھے چلنے والا۔ پیٹھ پھیرنے والا۔ اِدْبَارٌ مصدر

مُدَبِّرَاتٌ: تدبیر کرنے والے (فرشتے)

مُدْبِرِيْنَ: پیٹھ پھیرنے والے۔ مُدْبِرٌ واحد۔ اِدْبَارٌ مصدر

مُدَّةٌ: زمانہ۔ عرصہ۔ مدت۔ وقتِ مقرر۔

مُدَّتْ: وہ کھینچی گئی۔ پھیلائی گئی۔

مُدَّثِّرُ: جامہ پہننے والا۔ لحاف اوڑھنے والا۔ چادر میں لپٹنے والا۔ (مراد رسولِ اکرمؐ)

مُدْحَضِيْنَ: ڈالے ہوئے۔ پھسلائے ہوئے۔ مغلوب۔ شکست کھائے ہوئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَدْحُوْرٌ: دُور کیا ہوا۔ دُحُوْرٌ مصدر

مُدْخَلٌ: مکان۔ داخل کرنے کی جگہ۔ داخل کرنا۔ (اِدْخَالٌ سے مصدرِ میمی)

مُدَّخَلٌ: سر گھسانے کی جگہ۔ اِدِّخَالٌ مصدر

مَدَدٌ: یاری۔ مدد۔

مَدَدْنَا: ہم نے کھینچا۔ پھیلایا۔ مَدٌّ مصدر

مِدْرَارٌ: مینھ برسانے والی بدلی۔

مُدْرَكُوْنَ: پکڑے ہوئے۔ پائے ہوئے

مُدَّكِرٌ: نصیحت پکڑنے والا۔ عبرت لینے والا۔

مُدْهَامَّتَانِ: دو گہرے سبز (باغ)۔ دو بڑے سرسبز۔

مُدْهِنُوْنَ: (دین میں) سستی کرنے والے

مَدْيَنُ: حضرت شعیب علیہ السلام کی بستی کا نام ہے۔

مَدِيْنَةٌ: شہر۔ مَدَآئِنُ جمع "مدینہ" حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر کا نام ہے جو مکہ سے شمال کی طرف ڈیڑھ سو کوس پر ہے۔ آپ مکہ سے ہجرت فرما کر وہاں تشریف لے گئے۔ دس برس رہ کر وہیں انتقال فرمایا۔ آپ کا روضہ مبارک وہیں ہے۔

مَدِيْنُوْنَ: بدلہ دیے ہوئے۔ تابعدار۔

مَدِيْنِيْنَ: تابعدار۔ مقہور۔ بدلہ دیے ہوئے

مَذْءُوْمٌ: مذمت کیا ہوا۔ مردود۔ بدنام۔ ذَاْمٌ مصدر

مُذَبْذَبِيْنَ: شک و شبہ میں پڑے ہوئے۔ تردد میں مبتلا۔ مُذَبْذَبٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُنْذِعِنِيْنَ : باور کرنے والے۔ یقین کرنے والے۔ مُذْعِنٌ واحد

مُذَكِّرٌ : یاد دِلانے والا۔ نصیحت کرنے والا۔

مَذْكُوْرٌ : ذکر کیا ہوا۔ ذِكْرٌ مصدر

مَذْمُوْمٌ : مذمّت کیا ہوا۔ بدحال۔ ذَمٌّ مصدر

مَرَّ : وہ گذرا۔ مُرُوْرٌ مصدر

مَرْءٌ : مرد۔ انسان۔ آدمی۔

مِرَآءٌ : شک کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

مَرَّاتٌ : کئی بار۔ مَرَّةٌ واحد

مَرَاضِعُ : دائیاں۔ چھاتیاں۔ مُرْضِعٌ، مُرْضِعَةٌ واحد

مُرَاغَمٌ : بھاگنے کی جگہ۔ مُرَاغَمَةٌ مصدر

مَرَافِقُ : کُہنیاں۔ مِرْفَقٌ واحد

مِرَّةٌ : عقل۔ زور۔ پِتّا۔ بزرگی۔ خوش منظری۔

ذُوْمِرَّةٍ : زور آور۔ (اس سے حضرت جبریل علیہ السّلام مراد ہیں)۔

مَرَّةٌ : ایک بار۔ مِرَارٌ۔ مَرَّاتٌ جمع

مَرَّتْ : وہ گذری۔ مُرُوْرٌ مصدر

مُرْتَابٌ : شک کرنے والا۔ اِرْتِيَابٌ مصدر

مَرَّتَانِ : دو بار۔ (مَرَّةٌ کا تثنیہ)

مُرْتَفَقٌ : تکیہ کرنا۔ تکیہ گاہ۔ آرام گاہ۔

مُرْتَقِبُوْنَ : انتظار کرنے والے۔ مُرْتَقِبٌ واحد۔ اِرْتِقَابٌ مصدر

مَرَّتَيْنِ : دو بار۔ دو مرتبہ۔

مَرَجَ : اُس نے مِلا کر چلایا۔ چھوڑا۔

مَرْجَانٌ : مُونگا۔ چھوٹا مُونگا۔

مَرْجِعٌ : جائے بازگشت۔ واپس پھر آنے کی جگہ۔ لوٹنا۔

مُرْجِفُوْنَ : فساد کرنے والے۔ غلط خبریں اُڑانے والے۔ مُرْجِفٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَرْجُوًّا: امید رکھا ہوا۔ امید کیا ہوا۔

مَرْجُومِيْنَ: سنگسار کیے ہوئے۔ مَرْجُوْمٌ واحد۔ رَجْمٌ مصدر

مُرْجَوْنَ: ڈھیل والے۔ مہلت دیے جانے والے۔ اِرْجَاءٌ مصدر

مَرْحًا: اِتراتے ہوئے۔ اکڑتے ہوئے۔

مَرْحَبٌ: کُشادہ جگہ۔ کشادہ ہونا۔ آرام پانا۔ (رَحْبٌ سے مصدرِ میمی)

لَا مَرْحَبًا: دُور ہو جاؤ۔

مَرْحَمَةٌ: مہربانی کرنا۔ رحم کھانا۔ نرمی کرنا۔ رَحْمٌ مصدر

مَرَدٌّ: پھر جانا۔ انجام۔ لَوٹ جانا۔ (مصدرِ میمی)

مُرْدِفِيْنَ: پیچھے آنے والے۔ لگاتار آنے والے۔ اِرْدَافٌ مصدر

مَرَدُوْا: اُنہوں نے ضد کی۔ سرکشی کی۔ وہ اَڑے رہے۔ مُرُوْدَةٌ مصدر

مَرْدُوْدٌ: ردکیا ہوا۔ پھیرا ہوا۔ رَدٌّ مصدر

مَرْدُوْدُوْنَ: لَوٹائے ہوئے۔ پھیرے ہوئے۔

مُرْسٰى: ٹھیرنا۔ ٹھیراؤ۔ (اِرْسَاءٌ سے مصدرِ میمی)

مُرْسِلٌ: بھیجنے والا۔ اِرْسَالٌ مصدر

مُرْسِلِيْنَ: بھیجنے والے۔ مُرْسِلٌ واحد

مُرْسَلٌ: بھیجا ہوا۔ اِرْسَالٌ مصدر

مُرْسَلَاتٌ: بھیجی ہوئیں (اس سے ہوائیں یا فرشتے مراد ہیں)۔

مُرْسَلَةٌ واحد۔ اِرْسَالٌ مصدر

مُرْسِلَةٌ: بھیجنے والی۔ اِرْسَالٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُرْسِلُوا: بھیجنے والے۔ (مُرْسِلُوْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے ن گر گیا)

مُرْسَلُوْنَ } بھیجے ہوئے۔ پیغمبر۔
مُرْسَلِيْنَ } مُرْسَلٌ واحد۔

اِرْسَالٌ مصدر

مُرْشِدٌ: رہبر۔ سیدھی راہ دکھانے والا۔ اِرْشَادٌ مصدر

مِرْصَادٌ: گھات۔ گذرگاہ۔ کمین گاہ۔

مَرْصَدٌ: انتظار کی جگہ۔ گھات کی جگہ۔

مَرْصُوْصٌ: مضبوط۔ سیسہ پلایا ہوا

رَصٌّ مصدر

مَرَضٌ: روگ۔ بیماری۔ بیمار ہونا۔

مَرْضٰى: بیمار لوگ۔ مَرِيْضٌ واحد

مَرْضَاتٌ: رضا جوئی۔ رضامندی۔ خوشنودی۔ (رَضِيَ سے مصدر میمی)

مَرِضْتُ: میں بیمار ہوا۔ مَرَضٌ مصدر

مُرْضِعَةٌ: دودھ پلانے والی (وہ جو دودھ پلا رہی ہو) مَرَاضِعُ جمع

مَرْضِيٌّ: پسندیدہ (مذکر) رِضًى مصدر

مَرْضِيَّةٌ: پسندیدہ (مؤنث) رِضًى مصدر

مَرْعٰى: چارہ۔ تازہ گھاس۔ چراگاہ۔

مِرْفَقًا: تکیہ گاہ۔ نفع بخش کام۔ آسانی و سہولت۔ (رِفْقٌ سے مصدر میمی)

مَرْفُوْدٌ: انعام میں دیا ہوا۔ رَفْدٌ مصدر

مَرْفُوْعٌ: اونچا اٹھایا ہوا۔ رَفْعٌ مصدر

مَرْفُوْعَةٌ: اٹھائی ہوئی۔ اونچی بچھی ہوئی

مَرْقَدٌ: خواب گاہ۔ قبر۔ رُقُوْدٌ مصدر

مَرْقُوْمٌ: لکھا ہوا۔ درج کیا ہوا۔ رَقْمٌ مصدر

مَرْكُوْمٌ: تہہ بہ تہہ۔ گاڑھا۔ رَكْمٌ مصدر

مَرُّوْا: وہ گذرے۔ مُرُوْرٌ مصدر

اَلْمَرْوَةُ: مکہ میں ایک پہاڑی کا نام ہے۔ اس پر اور کوہِ صفا پر ایامِ حج میں سعی ہوتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُرُوْرٌ : گذرنا۔ گذر۔

مَرِیْءٌ : پچنے والا۔ خوشگوار۔ جلد ہضم ہونے والا۔

هَنِیْئًا مَّرِیْئًا : (دعائیہ کلمے جو دوسرے کے لیے کھاتے یا پیتے وقت کہتے ہیں) رچتا پچتا کھاؤ۔ خدا کرے یہ خوراک تمھیں مفید ہو۔

مُرِیْبٌ : شک میں ڈالنے والا۔ قلق میں ڈالنے والا۔

مِرْیَةٌ : شک۔ شبہ۔ دھوکا۔

مَرِیْجٌ : اُلجھا ہوا کام۔ دھوکا مَرْجٌ مصدر

مَرِیْدٌ : سرکش۔ خدا کا نافرمان۔

مُرَدَاءُ جمع۔ مُرُوْدَةٌ مصدر

مَرِیْضٌ : بیمار۔ مَرْضٰی جمع

مَرْیَمُ : عمران کی بیٹی کا نام ہے جو کنواری تھیں۔ اُن سے حضرت عیسٰی علیہ السلام بے باپ کے پیدا ہوئے۔

مِزَاجٌ : ملونی جو شراب میں ملائیں۔

مُزْجَاةٌ : تھوڑی۔ ناقص۔ بے اعتبار۔

مُزَحْزِحٌ : سرکانے والا۔ دور کرنے والا۔

مُزْدَجَرٌ : ڈانٹ۔ نصیحت اِزْدِجَارٌ مصدر

مُزِّقْتُمْ : تم ٹکڑے ٹکڑے کیے گئے۔ تَمْزِیْقٌ مصدر

مَزَّقْنَا : ہم نے پھاڑا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

اَلْمُزَّمِّلُ : اپنے اوپر کپڑا لپیٹنے والا۔

مُزْنٌ : سفید بدلی۔ مینھ۔ مُزْنَةٌ واحد

مَزِیْدٌ : زیادہ۔ بہت۔ زِیَادَةٌ مصدر

مَسٌّ : چھونا۔ لگنا۔ دیوانہ ہونا۔

مَسَّ : وہ لگا۔ اُس نے چھوا مَسٌّ مصدر

مَسَاجِدُ : مسجدیں۔ مَسْجِدٌ واحد

مِسَاسٌ : چھونا۔ ہاتھ لگانا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُسَافِحَاتٌ: بدکاری کرنے والیاں۔
مُسَافِحِيْنَ: زنا کرنے والے۔
مُسَافِحٌ واحد۔ سُفُوْحٌ مصدر
مَسَاقٌ: چلنا۔ کھینچنا۔ کھینچ کر لے جانا۔
مَسَاكِنُ: گھر۔ مجلسیں۔ مَسْكَنٌ واحد
مَسَاكِيْنُ: محتاج لوگ۔ مِسْكِيْنٌ واحد
مَسْئُوْلٌ: جوابدہ۔ جس سے سوال کیا جائے۔
مَسْئُوْلُوْنَ: پوچھے جانے والے۔
مُسَبِّحُوْنَ / مُسَبِّحِيْنَ: تسبیح پڑھنے والے۔ تَسْبِيْحٌ مصدر
مَسْبُوْقِيْنَ: وہ جن پر سبقت کی گئی یعنی پیچھے رہنے والے۔ عاجز۔
مَسْبُوْقٌ واحد
مَسَّتْ: اُس نے چھُوا۔ (مؤنث)
مُسْتَاْخِرِيْنَ: پیچھے رہنے والے۔
مُسْتَاْنِسِيْنَ: اُنس پکڑنے والے۔ بات سننے والے۔ جی لگانے والے۔
مُسْتَبْشِرَةٌ: خوش ہونے والی۔
مُسْتَبْصِرِيْنَ: بصارت رکھنے والے۔ ہوشیار۔ اِسْتِبْصَارٌ مصدر
مُسْتَبِيْنٌ: ظاہر۔ روشن۔
مُسْتَخْفٍ: چھُپنے والا۔ اِسْتِخْفَاءٌ مصدر
مُسْتَخْلَفِيْنَ: جانشین ہونے والے۔
مُسْتَسْلِمُوْنَ: گردن رکھ دینے والے۔ سپرد کرنے والے۔ اِسْتِسْلَامٌ مصدر
مُسْتَضْعَفُوْنَ / مُسْتَضْعَفِيْنَ: کمزور و ناتواں لوگ۔ اِسْتِضْعَافٌ مصدر
مُسْتَطَرٌ: لکھا ہوا۔ (مُراد لوحِ محفوظ)
مُسْتَطِيْرٌ: ظاہر پھیل پڑنے والا۔ پراگندہ ہونے والا۔ اِسْتِطَارَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُسْتَعَانٌ : وہ جس سے مدد چاہی جائے۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

مُسْتَغْفِرِیْنَ : مغفرت چاہنے والے۔

مُسْتَقْبِلٌ : آگے ہونے والا۔ سامنے آنے والا۔ اِسْتِقْبَالٌ مصدر

مُسْتَقْدِمِیْنَ : آگے ہونے والے۔

مُسْتَقِرٌّ : ٹھہرنے والا۔ اِسْتِقْرَارٌ مصدر

مُسْتَقَرٌّ : ٹھہرنے کی جگہ۔

مُسْتَقِیْمٌ : سیدھا۔ درست۔ بے خلل۔ اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ : شریعت کی راہ۔ استقامت کی راہ۔ سیدھی راہ۔

مُسْتَكْبِرٌ : غرور کرنے والا۔ متکبر۔ اِسْتِكْبَارٌ مصدر

مُسْتَكْبِرُوْنَ / مُسْتَكْبِرِیْنَ : غرور کرنے والے / تکبر کرنے والے۔ اِسْتِكْبَارٌ مصدر

مُسْتَمِرٌّ : چلا آنے والا۔ جاری ہمیشہ مضبوط۔ اِسْتِمْرَارٌ مصدر

مُسْتَمْسِكُوْنَ : مضبوط پکڑنے والے۔ چُنگل مارنے والے مُسْتَمْسِكٌ واحد

مُسْتَمِعٌ : خوب سننے والا۔ اِسْتِمَاعٌ مصدر

مُسْتَمِعُوْنَ : کان لگا کر سننے والے۔

مُسْتَنْفِرَةٌ : بدکنے والی۔ بھاگنے والی۔ اِسْتِنْفَارٌ مصدر

مُسْتَوْدَعٌ : پناہ کی جگہ۔ امانت کی جگہ

مَسْتُوْرٌ : چھپایا ہوا۔ سَتْرٌ مصدر

مُسْتَهْزِءُوْنَ / مُسْتَهْزِئِیْنَ : ہنسی اڑانے والے / ٹھٹھا کرنے والے۔ اِسْتِهْزَاءٌ مصدر

مُسْتَیْقِنِیْنَ : یقین کرنے والے۔

مَسْجِدٌ : سجدہ کی جگہ۔ مسلمانوں کا عبادت خانہ۔ سُجُوْدٌ مصدر

اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ : ادب و احترام

toobaa-elibrary.blogspot.com

والی مسجد یعنی خانۂ کعبہ۔

مَسْجُوْرٌ: بھرا ہوا۔ گرم کیا ہوا۔ بھڑکایا ہوا۔ سَجْرٌ مصدر

مَسْجُوْنِيْنَ: قید کیے ہوئے۔ قیدی لوگ۔ سَجْنٌ مصدر

مَسْحٌ: چھونا۔ ہاتھ پھیرنا۔

مُسَحَّرِيْنَ: جادو کیے ہوئے۔ لاچار کیے ہوئے۔ بے بس کیے ہوئے۔ تَسْحِيْرٌ مصدر

مَسْحُوْرٌ: جادو کیا ہوا۔ بے بس۔

مَسْحُوْرُوْنَ: جادو کیے ہوئے۔ سِحْرٌ مصدر

مُسَخَّرٌ: فرمانبردار کیا ہوا۔ تابعدار۔

مُسَخَّرَاتٌ: مطیع و فرمانبردار بنائی ہوئیں۔ تَسْخِيْرٌ مصدر

مَسَخْنَا: ہم نے بدصورت کر دیا۔ صورت بگاڑ دی۔ مَسْخٌ مصدر

مَسَدٌ: مونج (کی رسی) کھجور کی چھال (کی رسی) مراد لوہے کی زنجیر ہے جو دوزخ میں ہے۔

مُسْرِفٌ: حد سے گذرنے والا۔ بے جا خرچ کرنے والا۔ اِسْرَافٌ مصدر

مُسْرِفُوْنَ / مُسْرِفِيْنَ: اسراف کرنے والے۔ حد سے گذرنے والے۔

مَسْرُوْرٌ: خوش۔ خوش کیا ہوا۔

مَسْطُوْرٌ: لکھا ہوا۔ سَطْرٌ مصدر

مَسْغَبَةٌ: بھوک۔ کھانے کی تیز خواہش جو تھکان کے بعد ہوتی ہے۔ (مصدر میمی)

مُسْفِرَةٌ: روشن۔ تابناک۔ چمکنے والے۔ اِسْفَارٌ مصدر

مَسْفُوْحٌ: گرایا ہوا۔ بہایا ہوا۔

مِسْكٌ: مشک۔ کستوری۔

مَسْكَنٌ: مکان۔ رہنے کی جگہ۔ گھر۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَسْكَنَةٌ : محتاجی۔ مفلسی۔ ضرورتمندی

مَسْكُوْبٌ : بہایا ہوا۔ گرایا ہوا۔

مَسْكُوْنَةٌ : آباد۔ بسی ہوئی۔ بستی۔

مِسْكِيْنٌ : محتاج۔ جو کچھ نہ رکھے۔ یا بقدرِ کفاف یعنی گذارے کے لائق نہ رکھے۔ مَسَاكِيْنُ جمع

مُسْلِمٌ : (اللہ کا) تابعدار۔ فرمانبردار مسلمان

مُسْلِمَاتٌ : (اللہ کی) حکم بردار عورتیں۔ مسلمان عورتیں۔ مُسْلِمَةٌ واحد

مُسَلَّمَةٌ : سونپی ہوئی۔ اعتبار کی ہوئی صحیح وسالم۔ تندرست۔

مُسْلِمَةٌ : تابعداری کرنے والی۔ فرمانبردار۔

مُسْلِمُوْنَ / مُسْلِمِيْنَ : مسلمان لوگ۔ (اللہ کے) فرمانبردار۔ مُسْلِمٌ واحد

مُسْلِمَيْنِ : دو تابعدار۔ دو فرمانبرداری کرنے والے۔ (مذکر)

مُسَمًّى : نام رکھا ہوا۔ مقرر۔ معیّن۔

مُسْمِعٌ : سنانے والا۔ اِسْمَاعٌ مصدر

مُسْمَعٌ : سنایا ہوا۔ اِسْمَاعٌ مصدر

مُسَنَّدَةٌ : (دیوار سے) ٹیکا دی ہوئیں کھڑی کی ہوئیں

مَسْنُوْنٌ : گندہ۔ سڑایا ہوا۔ متغیر جس کا رنگ اور بُو بدل جائے سَنٌّ مصدر

مُسْوَدٌّ : سیاہ کیا ہوا۔ سیاہ۔ اِسْوِدَادٌ مصدر

مُسْوَدَّةٌ : کالی کی ہوئی۔ سیاہ۔

مُسَوَّمَةٌ : نشانی کی ہوئی۔ چرائی ہوئی پالی ہوئی۔ تَسْوِيْمٌ مصدر

مُسَوِّمِيْنَ : نشانی کرنے والے۔

مُسَوَّمِيْنَ : نشانی کیے ہوئے۔

مُسِيْئٌ : بدکار۔ گنہ گار۔ اِسَاءَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَسِیحُ : چلنے پھرنے والا۔ ہاتھ پھیرنے والا۔ حضرت عیسیٰؑ کا لقب ہے۔ کہ اُن کے ہاتھ پھیرنے سے اندھا دیکھنے لگتا اور کوڑھی اچھا ہو جاتا تھا۔ اور اس لیے کہ انہوں نے تمام زندگی چلتے پھرتے مسافرانہ حالت میں گذاری۔ مُسَیَحَاءُ جمع

مُسَیْطِرٌ : داروغہ۔ نگہبان۔ تعینات کیا ہوا۔ سَیْطَرَۃٌ مصدر

مُسَیْطِرُوْنَ : نگہبان لوگ۔ محافظ۔

مَشَّاءٌ : بہت چلنے والا۔ جانے والا مَشْیٌ مصدر

مَشَارِبُ : گھاٹ۔ پانی پینے کی جگہیں۔ مَشْرَبٌ واحد

مَشَارِقُ : سورج نکلنے کے مقامات۔

مَشْئَمَۃٌ : کم بختی۔ بائیں طرف۔

اَصْحَابُ الْمَشْئَمَۃِ : بائیں طرف والے۔ بدبخت۔ گنہگار لوگ۔ دوزخی۔ شَأْمٌ مصدر

مُشْتَبِہٌ : شبہ میں ڈالنے والا۔ ملا جُلا۔ اِشْتِبَاہٌ مصدر

مُشْتَرِکُوْنَ : شریک ہونے والے۔

مَشْحُوْنٌ : بھرا ہوا۔ شَحْنٌ مصدر

مَشْرَبٌ : گھاٹ۔ پینے کی جگہ۔ پینا۔

مَشْرِقٌ : سورج نکلنے کی جگہ۔ شُرُوْقٌ مصدر

مَشْرِقَیْنِ : سورج نکلنے کی دو جگہیں۔ ایک گرمی کی دوسری جاڑے کی۔ دو پورب۔

بُعْدَ الْمَشْرِقَیْنِ : جاڑے گرمی کے دونوں مشرقوں کی دُوری جو تین ہزار ایک سو سینتیس کوس ہے یا مشرق و مغرب کی دُوری کہ تغلیباً یہاں

toobaa-elibrary.blogspot.com

مغرب پر مشرق کا اطلاق کیا گیا ہے۔

مُشْرِقِيْنَ : سورج نکلتے وقت۔ صبح کے وقت۔ چمکنے والے۔ اُجالے میں ہونے والے۔

مُشْرِكٌ : اللہ کا شریک ٹھیرانے والا۔

مُشْرِكَاتٌ : شرک کرنے والیاں۔

مُشْرِكَةٌ : شرک کرنے والی۔ اِشْرَاكٌ مصدر

مُشْرِكُوْنَ : شرک کرنے والے۔ مُشْرِكٌ واحد

مُشْرِكِيْنَ : شرک کرنے والے مُشْرِكٌ واحد

مَشْعَرٌ : قربانی اور حج کی جگہ۔ حاجیوں کے سر مُنڈانے کی جگہ۔ عبادت کی جگہ۔ مَشَاعِرُ جمع

اَلْمَشْعَرُ الْحَرَامُ : مقام مُزدلفہ جو مکّہ میں ہے۔

مُشْفِقُوْنَ / مُشْفِقِيْنَ } ڈرنے والے۔ مہربان۔ نصیحت کرنے والے۔ مُشْفِقٌ واحد

مِشْكٰوةٌ : طاق جس میں چراغ رکھا جائے۔

مَشْكُوْرٌ : شکر کا بدلہ دیا ہوا۔ مقبول۔ قدر کیا ہوا۔ شُكْرٌ مصدر

مَشَوْا : وہ چلے۔ مَشْيٌ مصدر

مَشْهَدٌ : فرشتوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔ گواہی دینے کی جگہ۔ مَشَاهِدُ جمع

مَشْهُوْدٌ : جس کی گواہی دی جائے۔ وہ جگہ جہاں حاضر ہوں مراد عرفہ کا روز یعنی نویں ذی الحجہ یا روزِ قیامت۔

مَشْيٌ : چلنا۔ چال۔ رفتار۔

مَشِيْدٌ : مضبوط اور بلند بنایا ہوا شَيْدٌ مصدر

مُشَيَّدَةٌ : مضبوط کی ہوئی۔ بلند بنائی ہوئی۔ تَشْيِيْدٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَصَابِیحُ : چراغ۔ ستارے۔
مِصْبَاحٌ واحد

مَصَانِعُ : قلعے۔ کنوئیں۔ حوض۔
تالاب۔ مَصْنَعٌ واحد

مِصْبَاحٌ : چراغ۔ ستارہ۔ صبح کا وقت۔

مُصْبِحِیْنَ : صبح کرنے والے۔ صبح کے
وقت کو پانے والے۔ صبح کے وقت۔

مُصَدِّقٌ : سچا کرنے والا یا بتانے
والا۔ صدقہ لینے والا۔
تَصْدِیْقٌ مصدر

مُصَّدِّقَاتٌ : خیرات کرنے والیاں۔
تَصَدُّقٌ مصدر

مُصَدِّقِیْنَ : باور کرنے والے۔ سچ
ماننے والے۔ تَصْدِیْقٌ مصدر

مُصَّدِّقِیْنَ : خیرات کرنے والے۔ تَصَدُّقٌ مصدر

مِصْرُ : مکہ مصر جو افریقہ میں ہے۔

مِصْرٌ : شہر۔ اَمْصَارٌ جمع

مُصْرِخٌ : فریاد کو پہنچنے والا۔ فریاد رس۔

مُصْرِخِیَّ : میری فریاد کو پہنچنے والے۔
میرے فریاد رس۔ (مُصْرِخِیْنَ کا
ن اضافت کی وجہ سے گر گیا پھر ی
کو ی متکلم میں ادغام کیا گیا)

مَصْرِفٌ : پھرنے کی جگہ۔ بچاؤ کی جگہ۔
صَرْفٌ مصدر

مَصْرُوْفٌ : لوٹایا ہوا۔ پھیرا ہوا۔

مُصْطَفَیْنَ : پسند کیے ہوئے۔ برگزیدہ
لوگ۔ مُصْطَفٰی واحد

مُصَفًّی : صاف کیا ہوا۔ چھاگ اُتارا ہوا۔

مُصْفَرٌّ : زرد کیا ہوا۔ زرد۔ اِصْفِرَارٌ مصدر

مَصْفُوْفَةٌ : صف باندھی ہوئی۔ قطار
در قطار۔ برابر بچھائی ہوئی۔

مُصَلّٰی : نماز کی جگہ۔ صَلٰوةٌ مصدر

مُصْلِحٌ : سنوارنے والا۔ اصلاح
کرنے والا۔ اِصْلَاحٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُصْلِحُوْنَ } درستی کرنے والے۔
مُصْلِحِیْنَ } سنوارنے والے۔ اِصْلَاحٌ مصدر

مُصَلِّیْنَ: نمازی لوگ۔ درود بھیجنے والے۔

مُصَوِّرٌ: تصویر بنانے والا۔ صورت بنانے والا۔ اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام تَصْوِیْرٌ مصدر

مُصِیْبٌ: پہنچنے والا۔ اِصَابَۃٌ مصدر

مُصِیْبَۃٌ: پہنچنے والی۔ تکلیف۔ غم۔ مَصَائِبُ جمع

مَصِیْرٌ: پھرنے کی جگہ۔ لوٹنے کی جگہ۔ لوٹنا۔

مُصَیْطِرٌ: نگہبان۔ داروغہ۔ محافظ۔

مَضٰی: وہ گذرا۔ مُضِیٌّ مصدر

مَضَاجِعُ: بچھونے۔ خواب گاہیں۔ مَضْجَعٌ واحد۔ ضُجُوْعٌ مصدر

مُضَارٌّ: نقصان پہنچایا ہوا۔ نقصان دہ۔

مُضَاعَفَۃٌ: دوگنا کرنا۔ بڑھانا۔ بڑھائی ہوئی۔ دوگنی کی ہوئی۔

مَضَتْ: وہ گذری۔ مُضِیٌّ مصدر

مُضْطَرٌّ: بے چارہ۔ بے کس۔ بے اختیار۔ پھنسا ہوا۔ اِضْطِرَارٌ مصدر

مُضْعِفُوْنَ: دوگنا کرنے والے۔ دوگنا لینے والے۔ اِضْعَافٌ مصدر

مُضْغَۃٌ: گوشت کی بوٹی۔ مُضَغٌ جمع

مُضِلٌّ: بہکانے والا۔ گمراہ کرنے والا۔

مُضِلِّیْنَ: بہکانے والے۔ گمراہ کرنے والے۔

مُضِیٌّ: گذرنا۔ آگے چلنا۔ بڑھنا (مصدر میمی)

مُطَاعٌ: پیشوا جس کی اطاعت کی جائے

مَطَرٌ: مینھ۔ بارش۔ اَمْطَارٌ جمع

مُطَفِّفِیْنَ: ناپ تول میں کمی کرنے والے۔ گھٹانے والے۔ تَطْفِیْفٌ مصدر

مَطْلَعٌ: نکلنا۔ طلوع ہونا۔ (مصدر میمی)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَطْلِعٌ : سورج نکلنے کی جگہ یعنی انتہائے مشرق۔ طُلُوْعٌ مصدر مَطَالِعُ جمع

مُطَّلِعُوْنَ : جھانکنے والے۔ واقف ہونے والے۔ اِطِّلَاعٌ مصدر

مُطَلَّقَاتٌ : طلاق دی ہوئی عورتیں۔

مَطْلُوْبٌ : چاہا ہوا۔ طلب کیا ہوا۔

مُطْمَئِنٌّ : اطمینان پکڑنے والا۔ پُرسکون۔

مُطْمَئِنَّةٌ : تسلی پانے والی۔ آرام لینے والی۔ قرار والی۔

نَفْسٌ مُّطْمَئِنَّةٌ : وہ نفس جو یادِ الٰہی کے بغیر آرام اور سکون نہ پائے۔ یہاں مؤمنِ صالح کی روح اور اس کا نفس مراد ہے۔

مُطْمَئِنِّیْنَ : آرام پکڑنے والے۔ قرار والے۔

مُطَّوِّعِیْنَ : نفل صدقات دینے والے۔ اللہ کی راہ میں دل کھول کر خرچ کرنے والے۔ تَطَوُّعٌ مصدر

مَطْوِیَّاتٌ : لپیٹی ہوئیں۔ طَیٌّ مصدر

مُطَهِّرٌ : پاک کرنے والا۔ تَطْهِیْرٌ مصدر

مُطَهَّرَةٌ : پاک کی ہوئی۔ تَطْهِیْرٌ مصدر

مُطَهَّرُوْنَ : پاک کیے ہوئے۔ تَطْهِیْرٌ مصدر

مُتَطَهِّرِیْنَ : خوب پاک و صاف رہنے والے۔ تَطَهُّرٌ مصدر

مُظْلِمٌ : تاریک۔ اندھیری (رات)۔

مُظْلِمُوْنَ : اندھیرے میں داخل ہونے والے۔ اندھیرے میں رہ جانے والے۔

مَظْلُوْمًا : ناحق۔ ناانصافی سے۔ ظلم سے۔

مَعَ : ساتھ۔ ہمراہ۔

مُعَاجِزِیْنَ : ہرا دینے والے۔ عاجز کر دینے والے۔ مُعَاجَزَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَعَادٌ: پھرنے کی جگہ۔ عالمِ آخرت۔
مَعَاذٌ: پناہ۔ جائے پناہ۔ (مصدر میمی)
مَعَاذِیْرُ: پردے۔ بہانے۔ مِعْذَارٌ واحد
مَعَارِجُ: سیڑھیاں۔ درجے۔ مِعْرَاجٌ واحد
ذِی الْمَعَارِجِ: اس سے مُراد اللہ تعالیٰ ہے کہ اس کا قُرب پانے کے لیے انسانوں اور فرشتوں کو بہت سے درجات طے کرنے پڑتے ہیں۔
مَعَاشًا: روزی کے لیے۔ روزگار۔ روزی ڈھونڈھنے کا وقت۔
مَعَایِشُ جمع
مَعَایِشُ: روزیاں۔ مَعِیْشَۃٌ واحد
مُعْتَبِیْنَ: مَنائے ہوئے۔ خوش کیے ہوئے۔ اِعْتَابٌ مصدر
مُعْتَدٍ: حد سے بڑھنے والا۔ ظالم۔

مُعْتَدُوْنَ / مُعْتَدِیْنَ: حد سے گذرنے والے سرکش لوگ۔
اِعْتِدَاءٌ مصدر
مُعْتَرٌّ: بے قرار۔ محتاج۔ اِعْتِرَارٌ مصدر
مُعْجِزٌ: عاجز کرنے والا۔ تھکانے والا۔
مُعْجِزِی اللّٰہِ: اللہ کو ہرانے والے۔ عاجز کرنے والے۔ (مُعْجِزِیْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے ن گر گیا)
مُعْجِزِیْنَ: تھکانے والے۔ عاجز کرنے والے۔
مَعْدُوْدٌ: گنا ہوا۔ تھوڑی چیز۔ مقرر
مَعْدُوْدَاتٌ: گنی ہوئیں۔ چند۔ مقرر
اَیَّامٍ مَّعْدُوْدَاتٍ: گنتی کے دن۔ مخصوص ایّام۔ مہینہ بھر۔ ایّامِ تشریق یعنی ذی الحجہ کی گیارھویں، بارھویں اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

تیرھویں تاریخیں۔

مَعْدُوْدَۃٌ: گنی ہوئی۔ گنے ہوئے۔

مُعَذِّبٌ: عذاب کرنے والا۔ تَعْذِیْبٌ مصدر

مُعَذِّبُوْ: عذاب کرنے والے۔ (مُعَذِّبُوْنَ تھا۔ ن بوجہ اضافت گر گیا)

مُعَذَّبِیْنَ: عذاب پانے والے۔ سزا بھگتنے والے۔

مُعَذِّبِیْنَ: عذاب کرنے والے مُعَذِّبٌ واحد

مَعْذِرَۃٌ: بہانہ۔ عذر (مصدر میمی)

مُعَذِّرُوْنَ: بہانے کرنے والے۔

مَعَرَّۃٌ: ایذا۔ خرابی۔ گناہ۔ شر۔ نقصان۔

مُعْرِضُوْنَ: منہ پھیرنے والے۔ اِعْرَاضٌ مصدر

مُعْرِضِیْنَ: منہ پھیرنے والے۔ اِعْرَاضٌ مصدر

مَعْرُوْشَاتٌ: اونچی کی ہوئیں۔ چھتری بنائی ہوئیں۔ مَعْرُوْشَۃٌ واحد

مَعْرُوْفٌ: جانا پہچانا۔ مشروع۔ دستور۔ نیکی۔ بھلائی۔

مَعْرُوْفَۃٌ: پہچانی ہوئی عِرْفَانٌ مصدر

مَعْزٌ: بکرے بکریاں۔ (اسم جنس)

مَعْزِلٌ: کنارہ۔ علیحدگی۔ (عَزْلٌ سے مصدر میمی)

مَعْزُوْلُوْنَ: ایک طرف کیے ہوئے موقوف یا برطرف کیے ہوئے مَعْزُوْلٌ واحد۔ عَزْلٌ مصدر

مِعْشَارٌ: دسواں حصہ۔ (۱/۱۰)

مَعْشَرٌ: گروہ۔ جماعت کہ باہم عشرت وزندگانی کرے۔ مَعَاشِرُ جمع

مُعْصِرَاتٌ: نچوڑنے والیاں۔ برسانے والی بدلیاں۔ مُعْصِرَۃٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَعْصِيَۃٌ: گناہ۔ نافرمانی۔ مَعَاصِیْ جمع

مُعَطَّلَۃٌ: بے کار کی ہوئی۔ ویران برباد۔

مُعَقِّبٌ: پیچھے ڈالنے والا۔ ہٹانے والا۔

مُعَقِّبَاتٌ: پہرے دار۔ ایک کے پیچھے ایک آنے والے۔ مراد دن کے اور رات کے فرشتے ہیں جو دن اور رات کی تبدیلی سے ایک دوسرے کے پیچھے آتے رہتے ہیں۔

مَعْكُوْفٌ: (قربانی) باز رکھی ہوئی۔ بند پڑی ہوئی۔ روکی ہوئی (صیغہ مذکر)

مُعَلَّقَۃٌ: اوپر کی ہوئی۔ اُدھر میں لٹکتی ہوئی۔

مُعَلِّمٌ: سکھایا ہوا۔ تَعْلِیْمٌ مصدر

مَعْلُوْمٌ: جانا ہوا۔ مقرر۔ عِلْمٌ مصدر

حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ: زکوٰۃ۔

یَوْمٌ مَّعْلُوْمٌ: روزِ قیامت۔

مَعْلُوْمَاتٌ: جانی ہوئیں۔

اَیَّامٍ مَّعْلُوْمَاتٍ: ماہِ ذی الحجہ کے شروع کے دس دن۔

مُعَمَّرٌ: بوڑھا۔ جس کی عمر دراز کی گئی ہو۔

مَعْمُوْرٌ: آباد کیا ہوا۔ عِمَارَۃٌ مصدر

اَلْبَیْتُ الْمَعْمُوْرُ: آباد گھر۔ مراد کعبہ یا ساتویں آسمان پر کعبہ جس کا طواف فرشتے کرتے ہیں۔

مُعَوِّقِیْنَ: روکنے والے۔ تَعْوِیْقٌ مصدر

مَعِیْشَۃٌ: گذران۔ روزی۔ زندگانی۔

مَعِیْنٌ: چشمہ۔ نتھرا ہوا پانی۔ آبِ رواں۔

مَغَارَاتٌ: گڑھے۔ مَغَارَۃٌ واحد

مَغَارِبُ: ہر روز کے سورج غروب ہونے کی مختلف جگہیں۔ مَغْرِبٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُغَاضِبًا: غصہ میں بھر کر۔ ناراض ہو کر۔

مَغَانِمُ: لُوٹ کے مال۔ وہ مال و اسباب جو کُفّار کی لڑائی سے مسلمانوں کو ہاتھ لگے۔ غنیمتیں مَغْنَمٌ

مُغْتَسَلٌ: نہانے کی جگہ۔ اِغْتِسَالٌ مصدر

مَغْرِبٌ: آفتاب ڈوبنے کی جگہ۔

مَغْرِبَيْنِ: غروب ہونے کی دو جگہیں یعنی ایک جاڑے کی اور دوسری گرمی کی

مُغْرَقُوْنَ / مُغْرَقِيْنَ: ڈبوئے ہوئے۔ غرق ہونے والے۔ مُغْرَقٌ واحد

مَغْرَمٌ: تاوان۔ ڈنڈ جس کا دینا ضروری ہو۔ مَغَارِمُ جمع

مُغْرَمُوْنَ: قرضدار۔ جن کے ذمہ تاوان ہو۔ پھنسائے ہوئے۔

مَغْشِيٌّ: بے ہوش۔ بیہوشی۔

اَلْمَغْضُوْبُ: غضب نازل کیا گیا۔ غصہ کیا گیا۔ (یہاں اَلْ بمعنی اَلَّذِيْنَ ہے گویا غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ = غَيْرِ الَّذِيْنَ غُضِبَ عَلَيْهِمْ یعنی ماسوا اُن لوگوں کے جن پر غضب نازل کیا گیا)

مَغْفِرَةٌ: بخشنا۔ بخشش۔ معافی۔

مَغْلُوْبٌ: دبایا ہوا۔ عاجز۔ غَلَبَةٌ مصدر

مَغْلُوْلَةٌ: بندھا ہوا۔ (مؤنث) غَلٌّ مصدر

يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ: اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے۔

مُغْنُوْنٌ: بچانے والے۔ چھٹکارا دلانے والے۔ ہٹانے والے مُغْنٍ واحد

مُغَيِّرٌ: بدلنے والا۔ تَغْيِيْرٌ مصدر

مُغِيْرَاتٌ: لُوٹنے والیاں۔ غارت کرنے والیاں۔ مراد جنگی گھوڑے اِغَارَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَفَاتِحُ : کُنجیاں ۔ مِفْتَاحٌ واحد
مَفَاتِيْحُ : کُنجیاں ۔ مِفْتَاحٌ واحد
مَفَازٌ : مراد پانا ۔ مراد ملنے کی جگہ ۔ کامیابی ۔ (فَوْزٌ سے مصدر میمی)
مَفَازَةٌ : چھٹکارا ۔ نجات ۔ کامیابی ۔ (مصدر میمی)
مُفَتَّحَةٌ : خوب کھولی ہوئی تَفْتِيْحٌ مصدر
مُفْتَرٍ : تہمت لگانے والا ۔ بہتان باندھنے والا ۔
مُفْتَرًى : جھوٹ گھڑا ہوا ۔ اِفْتِرَاءٌ مصدر
مُفْتَرُوْنَ : بہتان باندھنے والے ۔ مُفْتَرٍ واحد
مُفْتَرَيَاتٌ : بنائی ہوئیں ۔ گھڑی ہوئیں
مُفْتَرِيْنَ : بہتان باندھنے والے ۔ اِفْتِرَاءٌ مصدر
مَفْتُوْنٌ : دیوانگی ۔ فتنہ ۔ جنون ۔

(مصدر بروزن مفعول)
مَفَرٌّ : بھاگنے کی جگہ ۔ بھاگنا ۔ (مصدر میمی)
مُفْرَطُوْنَ : افراط کیے ہوئے ۔ سرکشی میں ڈالے ہوئے ۔ مُفْرَطٌ واحد
مَفْرُوْضٌ : فرض کیا ہوا ۔ واجب و مقرر کیا ہوا ۔ فَرْضٌ مصدر
مُفْسِدٌ : بگاڑنے والا ۔ فساد کرنے والا ۔
مُفْسِدُوْنَ / مُفْسِدِيْنَ : بگاڑنے والے ۔ فساد پھیلانے والے ۔
مُفَصَّلٌ : بیان کیا ہوا ۔ واضح ۔
مُفَصَّلَاتٌ : جدا کی ہوئیں ۔ الگ الگ ۔
مَفْعُوْلٌ : کیا ہوا ۔ انجام دیا ہوا ۔
مُفْلِحُوْنَ : مراد کو پہنچنے والے ۔ کامیاب لوگ ۔
مُفْلِحِيْنَ : کامیاب لوگ چھوٹ جانے والے ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَقَابِرُ: قبرستان۔ مَقْبَرَةٌ واحد

مَقَاعِدُ: بیٹھنے کی جگہیں۔ ٹھکانے۔ مَقْعَدٌ واحد

مَقَالِيْدُ: کنجیاں۔ مِقْلَدٌ واحد

مَقَامٌ: کھڑا ہونا۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔

مُقَامٌ: کھڑا ہونا۔ رہنا۔ رہنے کی جگہ۔

مُقَامَةٌ: کھڑا ہونا۔ رہنا۔ آباد ہونا۔

دَارُ الْمُقَامَةِ: قیام گاہ۔ بہشت۔

مَقَامِعُ: تبر۔ کوڑے۔ بڑے بڑے ہتھوڑے۔ گرز۔ مِقْمَعَةٌ واحد

مَقْبُوْحِيْنَ: بُرے کیے ہوئے۔ خیر سے ہٹائے ہوئے۔ مَقْبُوْحٌ واحد

مَقْبُوْضَةٌ: قبضہ کی ہوئی۔ قَبْضٌ مصدر

مَقْتٌ: سخت ناپسندیدگی۔ گناہ۔ غصہ بیزاری

مُقْتَحِمٌ: دھنسنے والا۔ درمیان میں آنے والا۔ اِقْتِحَامٌ مصدر

مُقْتَدِرٌ: قدرت والا۔ قابو والا۔

مُقْتَدِرُوْنَ: قدرت والے۔ قابو رکھنے والے۔

مُقْتَدُوْنَ: پیروی کرنے والے۔ اِقْتِدَاءٌ مصدر

مُقْتِرٌ: تنگ دست۔ فقیر و محتاج۔

مُقْتَرِفُوْنَ: کمانے والے۔ اِقْتِرَافٌ مصدر

مُقْتَرِنِيْنَ: ملنے والے۔ پرا باندھنے والے۔ اِقْتِرَانٌ مصدر

مُقْتَسِمِيْنَ: بانٹنے والے۔ اِقْتِسَامٌ مصدر

مُقْتَصِدٌ: درمیانی راہ چلنے والا۔

مُقْتَصِدَةٌ: اعتدال کی راہ چلنے والی۔ راہِ راست پر چلنے والی۔

مِقْدَارٌ: اندازہ۔ مَقَادِيْرُ جمع

مُقَدَّسٌ: پاک کیا ہوا۔ تَقْدِيْسٌ مصدر

مُقَدَّسَةٌ: پاک کی ہوئی۔ پاک۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلْاَرْضُ الْمُقَدَّسَةُ: سرزمینِ شام و فلسطین جہاں بیشتر انبیاء مبعوث ہوئے۔

مَقْدُوْرٌ: ٹھیرایا ہوا۔ اندازہ کیا ہوا۔

مَقْرَبَةٌ: ناتا۔ قرابت۔ نزدیکی۔ رشتہ۔

ذَا مَقْرَبَةٍ: ناتے والا۔ قرابت والا۔

مُقَرَّبُوْنَ / مُقَرَّبِيْنَ: نزدیک کیے ہوئے۔ اللہ کے نزدیک بڑے مرتبے والے۔

مُقْرِنِيْنَ: مقابل ہونے والے۔ قابو میں کرنے والے۔ اِقْرَانٌ مصدر

مُقَرَّنِيْنَ: جکڑے ہوئے۔ تَقْرِيْنٌ مصدر

مُقْسِطِيْنَ: عدل و انصاف کرنے والے۔ انصاف پسند۔ منصف لوگ۔

مُقَسِّمَاتٌ: بانٹنے والیاں یعنی کام بانٹنے والے فرشتے۔ تَقْسِيْمٌ مصدر

مَقْسُوْمٌ: حصہ کیا ہوا۔ بانٹا ہوا۔

مُقَصِّرِيْنَ: بال کتروانے والے۔ بال کٹائے ہوئے۔ مُقَصِّرٌ واحد

مَقْصُوْرَاتٌ: چھپائی ہوئیں۔ مستورات۔ مَقْصُوْرَةٌ واحد

مَقْضِيٌّ: پورا کیا ہوا۔ طے شدہ۔ مقرر۔

مَقْطُوْعٌ: کاٹا ہوا۔ نیست و نابود کیا ہوا۔ قَطْعٌ مصدر

مَقْطُوْعَةٌ: کاٹی ہوئی۔ ٹوٹی ہوئی۔

مَقْعَدٌ: بیٹھنا۔ بیٹھنے کی جگہ۔ مجلس۔

مُقْمَحُوْنَ: پشت کی طرف سر بندھے ہوئے۔ سر اُلارے ہوئے۔

مُقَنْطَرَةٌ: ڈھیر کی ہوئی۔ انبار لگائی ہوئی۔

مُقْنِعِيْ: (سر) اٹھانے والے (مُقْنِعِيْنَ تھا۔ بوجہ اضافت ن گر گیا) مُقْنِعٌ واحد۔ اِقْنَاعٌ مصدر

مُقْوِيْنَ: مسافر لوگ۔ محتاج لوگ مُقْوِيٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُقِیْتٌ : توانا۔ قادر۔ نگراں۔ روزی دینے والا۔ اللہ کا صفاتی نام۔

مَقِیْلٌ : آرام گاہ۔ دوپہر کے سونے کا وقت یا جگہ۔

مُقِیْمٌ : رہنے والا۔ سیدھا کرنے والا۔

مُقِیْمِیْ : قائم کرنے والے (مُقِیْمِیْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے ن گر گیا)

مُقِیْمِیْنَ : برپا رکھنے والے۔ قائم رہنے والے یا کرنے والے۔ اِقَامَۃٌ مصدر

مُکَاءٌ : منہ سے سیٹی بجانا۔

مَکَانٌ : گھر۔ جگہ۔ مرتبہ۔ اَمْکِنَۃٌ جمع

مَکَانَۃٌ : جگہ۔ مرتبہ۔ درجہ۔

مُکِبٌّ : سرنگوں کرنے والا۔ اوندھا پڑا ہوا۔

مَکَّۃُ : ایک مشہور شہر کا نام جو مدینہ منورہ سے جنوب کی طرف ڈیڑھ سو کوس پر ہے۔ اس میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مولد اور بیت اللہ یعنی کعبہ شریف ہے۔

مَکْتُوْبٌ : لکھا ہوا۔ کِتَابَۃٌ مصدر

مُکْثٌ : دیر کرنا۔ ٹھیرنا۔ وقفہ۔

مَکَثَ : وہ ٹھیرا۔ اس نے انتظار کیا۔

مُکَذِّبُوْنَ / مُکَذِّبِیْنَ : جھٹلانے والے۔ تَکْذِیْبٌ مصدر۔ مُکَذِّبٌ واحد

مَکْذُوْبٌ : جھوٹا۔ جھوٹ۔ (مصدر بروزن مفعول)

مَکْرٌ : حیلہ کرنا۔ داؤ کرنا۔ خفیہ تدبیر کرنا۔

مَکَرَ : اس نے حیلہ کیا۔ پوشیدہ تدبیر کی۔

مَکَرْتُمُوْ : تم نے داؤ کیا۔ فریب دیا۔

مُکْرِمٌ : نوازنے والا۔ عزت دینے والا۔

مُکَرَّمَۃٌ : بزرگ۔ قدر والی۔ عزت دی ہوئی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُكْرَمُوْنَ } عزت دیے ہوئے۔
مُكْرَمِيْنَ } عزت یافتہ لوگ۔
مَكَرْنَا: ہم نے حیلہ کیا۔ حیلہ کا بدلہ دیا۔
مَكَرُوْا: انہوں نے حیلہ کیا۔ چال چلی۔
مَكْرُوْهٌ: ناگوار۔ ناپسند۔ كَرَاهَةٌ مصدر
مَكْظُوْمٌ: غمگین۔ غصہ میں گھٹا ہوا۔
مُكَلِّبِيْنَ: کتے کو شکار سکھانے والے۔
مَكَّنَ: اُس نے قوت دی۔ جگہ دی۔ اقتدار دیا۔ تَمْكِيْنٌ مصدر
مَكَّنَّا: ہم نے جگہ دی۔ اقتدار دیا۔ جمایا۔
مَكَّنِّيْ: مجھے قوت دی۔ قدرت بخشی۔ (مَكَّنَنِيْ تھا۔ ن کو ن میں ادغام کیا گیا)
مَكْنُوْنٌ: چھپایا ہوا۔ پوشیدہ كَنٌّ مصدر
مِكْيَالٌ: پیمانہ۔ ناپ۔ كَيْلٌ مصدر
مَكِيْدُوْنَ: وہ جن کے خلاف خفیہ تدبیر کی گئی ہو۔ جو مکر کا بدلہ دیے گئے ہوں۔ كَيْدٌ مصدر
مَكِيْنٌ: مرتبے والا۔ درجہ پایا ہوا۔
مَكَانَةٌ: محفوظ جگہ۔ مَكَانَةٌ مصدر
مَلَأٌ: گروہ۔ جماعت۔ سردارانِ قوم۔ مشیر لوگ۔ اَمْلَاءٌ جمع
مِلْءٌ: بھراؤ۔ اِتنی مقدار جو کسی چیز کو پُر کر دے۔
مَلَائِهٖ: اُس کے سردار۔ مشیر لوگ۔
مَلَائِكَةٌ: فرشتے۔ مَلَكٌ واحد
مُلِئَتْ: وہ بھری گئی۔ مَلْأٌ مصدر
مُلِئْتَ: تُو بھر دیا گیا۔ مَلْأٌ مصدر
مُلَاقِيْ } ملاقات کرنے والا۔ دیدار
مُلَاقٍ } کرنے والا۔ مُلَاقَاةٌ مصدر
مُلَاقُوْا: ملنے والے۔ دیکھنے والے۔
مِلَّةٌ: مذہب۔ اصول عقائد۔ مِلَلٌ جمع
مُلْتَحَدٌ: پناہ۔ پناہ کی جگہ۔ اِلْتِحَادٌ مصدر
مَلْجَأٌ: پناہ کی جگہ۔ لَجْأٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِلْحٌ : نمک۔ کھارا۔ کھاری۔
مَلْعُوْنَةٌ : لعنت کی ہوئی لَعْنٌ مصدر
مَلْعُوْنِيْنَ : پھٹکارے ہوئے۔ ہانکے ہوئے۔ مَلْعُوْنٌ واحد
مُلْقُوْنَ / مُلْقِيْنَ : اِلْقَاءٌ مصدر۔ مُلْقٍ واحد ڈالنے والے۔
مُلْقِيَاتٌ : ڈالنے والیاں۔ اُتار کر لانے والیاں مراد فرشتے۔
مُلْقِيَاتِ ذِكْرًا : وحی اُتار کر لانے والے فرشتے۔
مَلَكٌ : فرشتہ۔ مَلَآئِكَةٌ جمع
مُلْكٌ : بادشاہی۔ حکومت۔ بادشاہ ہونا۔
مَلِكٌ : بادشاہ۔ مُلُوْكٌ جمع
مَلْكٌ : اختیار۔ قدرت۔
مَلَكَتْ : وہ مالک ہوئی مَلْكٌ مصدر
مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ : جس کے تمہارے داہنے ہاتھ مالک ہوئے مراد لونڈی غلام۔
مَلَكْتُمْ : تم مالک ہوئے۔ مَلْكٌ مصدر
مَلَكُوْتٌ : عظیم الشان سلطنت۔ بادشاہی۔ اقتدار۔ (یہ لفظ اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہے)
مَلَكَيْنِ : دو فرشتے (مَلَكٌ کا تثنیہ)
مُلُوْكٌ : بادشاہ (جمع)۔ مَلِكٌ واحد
مَلُوْمٌ : ملامت کیا ہوا۔ لَوْمٌ مصدر
مَلُوْمِيْنَ : ملامت کیے ہوئے لَوْمٌ مصدر
مَلِيًّا : لمبی مدت کے لیے۔ عرصہ دراز کے لیے۔
مَلِيْكٌ : بادشاہ۔ شاہنشاہ مُلَكَاءُ جمع
مُلِيْمٌ : ملامت زدہ۔ بدحال۔
مِمَّ : کس چیز سے؟ (مِنْ اور مَا سے مرکب ہے)
مِمَّا : اُس چیز سے۔ بسبب۔ بوجہ۔ (مِنْ اور مَا سے مرکب ہے)
مَمَاتٌ : مرنا۔ مُردہ۔ (مصدر میمی)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُمْتَرِيْنَ : شک کرنے والے۔ جھگڑنے والے۔
مُمِدٌّ : مدد دینے والا۔ اِمْدَادٌ مصدر
مَمْدُوْدٌ : کھینچا ہوا۔ بہت سا۔ وافر۔ پھیلا ہوا۔
مُمَدَّدَةٌ : کھینچی ہوئی۔ دراز کی ہوئی
تَمْدِيْدٌ مصدر
مُمَرَّدٌ : جڑ وایا ہوا۔ ہموار اور چکنا کیا ہوا۔ تَمْرِيْدٌ مصدر
مُمَزَّقٌ : پھاڑا ہوا۔ پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
مُمْسِكٌ : روکنے والا۔ منع کرنے والا۔
مُمْسِكَاتٌ : روکنے والیاں۔ منع کرنے والیاں مُمْسِكَةٌ واحد
مُمْطِرٌ : بارش والا۔ مینھ برسانے والا۔
مَمْلُوْكٌ : غلام۔ مَمَالِيْكُ جمع
مِمَّنْ : کس شخص سے؟ (مِنْ اور مَنْ سے مرکب ہے)۔

مَمْنُوْعَةٌ : منع کی ہوئی۔ روکی ہوئی۔
مَمْنُوْنٌ : احسان جتلایا ہوا۔ کم کیا ہوا۔
اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ : بغیر کم کیا ہوا ثواب۔ بے انتہا ثواب۔
مَنٌّ مصدر
مَنْ : کون؟ جو کوئی۔ جو بھی۔ (واحد۔ تثنیہ۔ جمع۔ مذکر و مؤنث عاقل کے لیے)
مِنْ : سے۔ میں سے۔ بوجہ۔ بدلہ میں (حرفِ جر)
اَلْمَنُّ : ایک آسمانی غذا جو صحرائے سینا میں بنی اسرائیل پر نازل ہوتی تھی۔ ترنجبین۔
مَنًّا : احسان دھرتے ہوئے۔ نیکی کرتے ہوئے۔
مَنَّ : اُس نے احسان کیا۔
مَنٌّ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَنَاۃُ : ایک بُت کا نام جس کو عرب میں قبیلۂ ہذیل و خزاعہ اور اہل قدید و ملل اور بنو کعب پُوجتے تھے۔

مُنَادٍ : پکارنے والا۔ بُلانے والا۔

مُنَادِیْ : بُلانے والا۔ پکارنے والا۔

مَنَازِلُ : اُترنے کی جگہیں۔ مَنْزِلٌ واحد

مَنَاسِكُ : حج کے اعمال۔ قربانی کے مقامات۔ مَنْسَكٌ واحد

مَنَاصٌ : جائے پناہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ نجات مخلصی۔ چھٹکارا (مصدر میمی)

مَنَّاعٌ : بڑا منع کرنے والا۔ حد سے زیادہ بخل کرنے والا۔ مَنْعٌ مصدر

مَنَافِعُ : فائدے۔ مَنْفَعَةٌ واحد

مُنَافِقَاتٌ : دغاباز عورتیں۔ دُومنہ والیاں۔

مُنَافِقُوْنَ : دغاباز مرد۔ دُودِلے جو زبان سے کلمہ پڑھیں اور دل سے منکر ہوں یا شک میں پڑے ہوں۔ کمزور ایمان والے مسلمان۔

مُنَافِقِیْنَ : دغاباز۔ مُنَافِقٌ واحد

مَنَاكِبُ : کندھے۔ مونڈھے۔ راہیں۔ اونچی جگہیں۔ مَنْكِبٌ واحد

مَنَامٌ : سونا۔ خواب۔ سونے کی جگہ۔

مُنْبَثٌّ : پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔ اُڑتا ہوا۔ اِنْبِثَاثٌ مصدر

مُنْتَشِرٌ : پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔ پھیلا ہوا۔

مُنْتَصِرٌ : بدلہ لینے والا۔ داد لینے والا۔

مُنْتَصِرِیْنَ : بدلہ لینے والے۔ انتقام لینے والے۔

مُنْتَظِرُوْنَ } انتظار کرنے والے۔
مُنْتَظِرِیْنَ } راہ دیکھنے والے۔

مُنْتَظِرٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُنْتَقِمُوْنَ : بدلہ لینے والے۔ مُنْتَقِمٌ واحد۔ اِنْتِقَامٌ مصدر

مُنْتَهٰی : انتہا۔ آخری پہنچ۔ حد۔ انجام۔

مُنْتَهُوْنَ : باز رہنے والے۔ مُنْتَهٍ واحد

مَنْثُوْرٌ : بکھرا ہوا۔ جھٹکا ہوا۔ پراگندہ۔

مُنَجُّوْ : نجات دینے والے (مُنَجُّوْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے ن گر گیا)

مُنْخَنِقَةٌ : گلا گھٹنے سے مرجانے والی۔

مَنْ ذَا : کون ہے؟ ایسا کون ہے؟

مُنْذِرٌ : ڈرانے والا۔ چوکنا کر دینے والا۔ خبردار کر دینے والا۔ اِنْذَارٌ مصدر

مُنْذِرُوْنَ / مُنْذِرِيْنَ : ڈرانے والے۔ خبردار کرنے والے۔ مُنْذِرٌ واحد

مُنْذَرِيْنَ : ڈرائے ہوئے۔ خبردار کیے ہوئے۔ مُنْذَرٌ واحد

مُنَزِّلٌ : تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارنے والا۔

مُنْزَلٌ : تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا ہوا۔

مُنْزَلٌ : اُتارنے کی جگہ اِنْزَالٌ مصدر

مُنْزِلٌ : اُتارنے والا۔ اِنْزَالٌ مصدر

مُنْزِلُوْنَ / مُنْزِلِيْنَ : اُتارنے والے۔ نازل کرنے والے۔ اِنْزَالٌ مصدر

خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ : مہمانوں کو عزت اور احترام سے اُتارنے والا۔ بہترین خاطر و مدارات کرنے والا۔ اچھی جگہ اُتارنے والا۔

مُنْزَلِيْنَ : اُتارے ہوئے۔ اِنْزَالٌ مصدر

مِنْسَاَةٌ : عصا۔ چھڑی۔ لاٹھی۔ ڈنڈا۔

مَنْسَكٌ : طریقِ عبادت۔ طریقِ قربانی۔ شریعت۔ مَنَاسِكُ جمع

مَنْسِيٌّ : بھلایا ہوا۔ فراموش کیا ہوا۔

مُنْشَاتٌ : اونچی بنائی ہوئیں بادبان کھینچی ہوئیں (کشتیاں)۔ بادبانی

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُنْشِئُوْنَ: پیدا کرنے والے۔ اُٹھانے والے۔ مُنْشِئٌ واحد۔ اِنْشَآءٌ مصدر

مُنَشَّرَۃٌ: کھلی ہوئی۔ کشادہ۔ پراگندہ۔

مُنْشَرِیْنَ: جلائے ہوئے۔ دوبارہ زندہ کیے ہوئے۔

مَنْشُوْرٌ: کھلا فرمان۔ کشادہ۔ پھیلایا ہوا۔ نَشْرٌ مصدر

مَنْصُوْرٌ: مدد کیا ہوا۔ کامیاب۔ نَصْرٌ مصدر

مَنْصُوْرُوْنَ: مدد کیے ہوئے۔ فتحیاب لوگ۔

مَنْضُوْدٌ: تہ بہ تہ جمایا ہوا۔ گھنا۔

مَنْطِقٌ: بات۔ گفتگو۔ بولی۔

مُنْظَرُوْنَ / مُنْظَرِیْنَ: مہلت دیے ہوئے۔ ڈھیل دیے ہوئے۔ مُنْظَرٌ واحد

مَنَعَ: اُس نے روکے رکھا۔ روکا۔ منع کیا۔

مُنِعَ: منع کیا گیا ہے۔ ممانعت کر دی گئی ہے۔ مَنْعٌ مصدر

مُنْفَطِرٌ: پھٹ جانے والا۔ اِنْفِطَارٌ مصدر

مُنْفِقُوْنَ / مُنْفِقِیْنَ: خرچ کرنے والے۔ مُنْفِقٌ واحد۔ اِنْفَاقٌ مصدر

مُنْفَكِّیْنَ: جدا ہونے والے۔ اپنی راہ و رسم سے باز آنے والے۔

مَنْفُوْشٌ: پراگندہ۔ جُدا کیا ہوا۔ دُھنکی ہوئی۔ دُھنی ہوئی۔ (مذکر)

مُنْقَعِرٌ: جڑ سے اُکھڑنے والا۔ جڑ سے اُکھڑا پڑا۔ جڑ سے اُکھڑا ہوا۔ اِنْقِعَارٌ مصدر

مُنْقَلَبٌ: پھر جانے کی جگہ۔ لوٹنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ اِنْقِلَابٌ مصدر

مُنْقَلِبُوْنَ: پھر جانے والے۔ لوٹ جانے والے۔ اِنْقِلَابٌ مصدر

مَنْقُوْصٌ: کم کیا ہوا۔ نقصان زدہ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُنْكَرٌ: بُری بات۔ بُرا کام۔ خلافِ شرع
مُنْكِرَةٌ: انکار کرنے والی۔ اِنْكَارٌ مصدر
مُنْكِرُوْنَ: انکار کرنے والے۔
مُنْكِرٌ واحد
مُنْكَرُوْنَ: غیر معلوم۔ نہ پہچانے ہوئے۔
اجنبی۔ انجان لوگ۔ مُنْكَرٌ واحد
مَنَنَّا: ہم نے احسان کیا۔ مَنٌّ مصدر
مَنُوْعٌ: منع کرنے والا۔ بخیل۔ نادہند۔
مَنُوْنٌ: زمانہ۔ موت۔ گردشِ روزگار
رَيْبُ الْمَنُوْنِ: گردشِ
روزگار۔ حوادثِ زمانہ۔ حادثہ موت
مِنْهَاجٌ: سیدھی راہ۔ صاف کشادہ راستہ
طریقہ۔ مَنَاهِجُ جمع
مُنْهَمِرٌ: مینھ کا ریلا۔ بہت برسنے والا۔
موسلا دھار۔ اِنْهِمَارٌ مصدر
مَنِيٌّ: منی۔ نطفہ۔ مرد کا پانی۔
مُنِيْبٌ: اللہ کی طرف رجوع ہونے
والا۔ گڑگڑانے والا۔ اِنَابَةٌ مصدر
مُنِيْبِيْنَ: رجوع کرنے والے۔ اِنَابَةٌ مصدر
مُنِيْرٌ: روشن۔ چمکنے والا اِنَارَةٌ مصدر
مَوَاخِرُ: پانی میں چلنے والیاں۔ پانی کو
پھاڑنے والیاں۔ مَاخِرَةٌ واحد
مَوَازِيْنُ: ترازوئیں۔ وزن کیے
ہوئے اعمال۔ مِيْزَانٌ مَوْزُوْنٌ واحد
مَوَاضِعُ: رکھنے کی جگہیں۔ مَوْضِعٌ واحد
مَوَاطِنُ: لڑائی کے مقامات اور
موقعے۔ میدان مَوْطِنٌ واحد
مَوَاقِعُ: گرنے کی جگہیں۔ غروب ہونے کی
جگہیں۔ منزلیں بدلنے کی جگہیں۔
مُوَاقِعُوْ: گرنے والے۔ جا پڑنے والے۔
(مُوَاقِعُوْنَ تھا۔ ن اضافت
کی وجہ سے گر گیا)
مَوَاقِيْتُ: مقررہ وقت۔ مِيْقَاتٌ واحد
مَوْئِلٌ: پھرنے کی جگہ۔ پناہ کی جگہ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَوَالِیُ : دوست۔ مددگار لوگ۔ حمایتی لوگ۔ مَوْلٰی واحد

مَوْءُدَۃٌ : زندہ درگور کی ہوئی لڑکی زندہ گاڑی ہوئی لڑکی (وَأَدَ یَئِدُ سے مفعول)

مَوْبِقٌ : ہلاکت کی جگہ۔ تباہی۔ وُبُوْقٌ مصدر

مَوْتٌ : مرنا۔ بے دم ہونا۔ موت۔

مَوْتٰی : مُردے۔ مرے ہوئے لوگ۔ مَیِّتٌ واحد

مَوْتَۃٌ : ایک بار مرنا۔ موت۔

مُؤْتَفِکَاتٌ : اُلٹی ہوئی بستیاں۔

مُؤْتَفِکَۃٌ : اُلٹی ہوئی بستی (واحد)

مُوْتُوْا : تم مرو۔ مرجاؤ۔ مَوْتٌ مصدر

مُؤْتُوْنَ : دینے والے عطا کرنے والے۔ (اصل میں مُؤْتِیُوْنَ تھا ی کو حذف کرکے اس کا ضمہ ماقبل کو دیا گیا)۔ مُؤْتِیٌ واحد

مَوْثِقٌ : عہد پیمان معاہدہ (مصدر میمی)

مَوْجٌ : پانی کی لہر۔ اَمْوَاجٌ جمع

مُؤَجَّلٌ : وعدہ کیا ہوا۔ مقرر کیا ہوا وقت۔ تَأْجِیْلٌ مصدر

مَوَدَّۃٌ : محبت۔ دوستی۔ تمنا۔

مُؤَذِّنٌ : اذان دینے والا۔ خبردار کرنے والا۔ اعلان کرنے والا۔

مَوْرٌ : ہلنا۔ کانپنا۔ (مَارَ یَمُوْرُ سے مصدر)

مَوْرُوْدٌ : وارد کیا ہوا۔ اُترا ہوا۔ وُرُوْدٌ مصدر

مُوْرِیَاتٌ : (ٹاپ مار کر) پتھر سے چنگاری نکالنے والے مراد غازیوں کے گھوڑے (صیغہ مؤنث)۔ اِیْرَاءٌ مصدر

مَوْزُوْنٌ : تولا ہوا۔ درست۔ مناسب۔

مُوْسٰی : مشہور پیغمبر کا نام ہے آپ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جب

toobaa-elibrary.blogspot.com

آلِ فرعون نے آپ کو عین الشمس میں ایک درخت کے نیچے پایا تو موسیٰ نام رکھا کیونکہ قبطی زبان میں "مُو" بمعنی پانی "سا" بمعنی درخت ہے۔

مُوْسِعٌ: مقدور والا۔ وسعت والا۔ تونگر۔

مُوْسِعُوْنَ: مقدور والے۔ تونگر۔

مُوْصٍ: وصیت کرنے والا۔ اِیْصَاءٌ

مُؤْصَدَةٌ: بند کی ہوئی۔ سرپوش کی گئی۔ چُنی ہوئی۔ اِیْصَادٌ مصدر

مَوْضُوْعَةٌ: قرینہ سے رکھی ہوئی۔ سجی ہوئی۔

مَوْضُوْنَةٌ: سونے کے تاروں سے بُنی ہوئی۔ جواہر سے جڑی ہوئی۔ ٹکی ہوئی۔ جڑاؤ۔ وَضْنٌ مصدر

مَوْطِئًا: پامال کرنے کی جگہ۔ چلنے کی جگہ۔ وادی۔ درہ۔ گھاٹی۔ وَطْئٌ مصدر

مَوْعِدٌ: وعدہ کی جگہ۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ۔ مَوَاعِدُ جمع

مَوْعِدَةٌ: وعدہ۔ عہد۔

مَوْعِظَةٌ: نصیحت۔ جس میں ڈر اور خوف دلایا جائے۔ مَوَاعِظُ جمع

مَوْعُوْدٌ: وعدہ کیا ہوا مراد روزِ قیامت۔

مُوَفٍّ: پورا پورا دینے والے۔ پورا پورا ادا کرنے والے۔ (مُوَفِّیُوْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے ن گر گیا)

مَوْفُوْرٌ: بہت کیا ہوا۔ پورا۔ مکمل وَفْرٌ مصدر

مُوْفُوْنَ: پورا دینے والے۔ پورا کرنے والے۔ اِیْفَاءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُوقَدَۃٌ: سُلگائی ہوئی۔ بھڑکائی ہوئی۔
مُوقِنُونَ: یقین کرنے والے۔ اِیقَانٌ مصدر
مَوْقُوتًا: بتائے ہوئے وقت کے ساتھ، مقررہ اوقات میں۔
مَوْقُوذَۃٌ: چوٹ لگ کر مری ہوئی۔ چوٹ سے مرا ہوا (جانور) (صیغہ مؤنث)
مَوْقُوفُونَ: کھڑے کیے ہوئے۔ کھڑے کیے جانے والے۔ وَقْفٌ مصدر
مَوْلٰی: دوست۔ ہمسایہ۔ مددگار۔ وارث ہونے والا۔ بھائی بند۔ آزاد کردہ غلام۔ مَوَالِیُ جمع
مُؤَلَّفَۃٌ: الفت کی ہوئی۔ باہم جوڑا ہوا۔
اَلْمُؤَلَّفَۃُ قُلُوبُهُمْ: وہ جن کی دل جوئی کرنی ہو جنہیں مانوس کرنا ہو۔
مَوْلُودٌ: جنا ہوا یعنی لڑکا۔ وِلَادَۃٌ مصدر

مَوْلُودٌ لَّهٗ: جس شخص کا بچہ ہو۔ بچہ کا باپ۔
مُوَلِّیٌ: منہ کرنے والا۔ رُخ کرنے والا
مُؤْمِنٌ: ایمان لانے والا۔ امان دینے والا۔ ایمان دار۔ ماننے والا۔
مُؤْمِنَۃٌ: ایمان لانے والی۔ ایمان دار عورت۔
کبھی فعل کے آخر میں آتی ہے جیسے جَعَلَنِیْ [اُس نے مجھ کو بنایا] کبھی اسم پر جیسے قَمِیْصِیْ [میرا کُرتا] کبھی حذف ہو جاتی ہے اور کسرہ ماقبل علامت کے طور پر رہ جاتا ہے جیسے وَلِیَ دِیْنِ [اور میرے لیے میرا دین] کہ اصل میں دِیْنِیْ تھا)۔

یَا : اَے۔ او۔ (حرفِ ندا قریب و بعید اسمِ منادیٰ پر آتا ہے)۔

یَآ اَیُّھَا : اَے (حرفِ ندا برائے مذکر معرف باللام واحد و جمع)

یَآ اَیَّتُھَا : اَے (حرفِ ندا برائے مؤنث معرف باللام واحد و جمع)

لَا یَاْبَ : وہ انکار نہ کرے۔ وہ انکار نہ کریں۔ اِبَاءٌ مصدر

یَابِسٌ : سُوکھا۔ خشک۔ یُبَّسٌ جمع یَابِسَاتٌ : سُوکھی۔ خشک۔ یَابِسَۃٌ واحد

یَاْبٰی : وہ انکار کرتا ہے۔ وہ نہ رہے گا۔ (بغیر بُورا کیے)۔ اِبَاءٌ مصدر

یَاْتِ : وہ آئے گا۔ ہو جائے گا۔ (اگر) وہ آئیں۔ (جمع مکسر)

یَاْتِ بِ : وہ لائے گا۔ لے آئے گا۔ جمع کر لے گا۔ وہ لائے۔ (امر) اِتْیَانٌ مصدر

لَمْ یَاْتِ : وہ نہیں آیا۔ اِتْیَانٌ مصدر

لَا یَاْتَلِ : وہ قسم نہ کھائے۔ وہ حلف نہ اٹھائیں۔ (جمع مکسر) اِیْتِلَاءٌ مصدر

یَاْتَمِرُوْنَ : وہ مشورہ کرتے ہیں۔ اَے زنی کرتے ہیں۔ اِیْتِمَارٌ مصدر

یَاْتُوْا : وہ آجاتے ہیں۔ آتے ہیں۔ (اگر) وہ آئیں۔ اِتْیَانٌ مصدر

یَاْتُوْابِ : وہ لائیں۔ حاضر کریں۔ اِتْیَانٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَمْ يَأْتُوْا: وہ نہیں آئے۔ اِتْيَانٌ مصدر
لَمْ يَأْتُوْا بِ: وہ نہیں لائے۔ اِتْيَانٌ مصدر
يَأْتُوْنَ: وہ آتے ہیں۔ وہ آئیں گے۔ حاضر ہوتے ہیں۔ اِتْيَانٌ مصدر
يَأْتُوْنَ بِ: وہ لاتے ہیں۔ وہ لاسکتے ہیں۔
يَأْتِيَ: وہ آتا ہے۔ (کہ) وہ آجائے۔ اِتْيَانٌ مصدر
يَأْتِيَ بِ: وہ لائیگا۔ حاضر کریگا۔ وہ لاتا ہو۔ وہ لے آئے۔ وہ بھیجدے اِتْيَانٌ مصدر
يَأْتِيَانِ: وہ دونوں آتے ہیں۔ آئیں۔ کریں۔
يَأْتِيَنَّ: وہ ضرور آئے گا۔ (لَيَأْتِيَنَّ) (اگر) وہ آئے۔ وہ آئیں۔ (جمع مکسر)
يَأْتِيَنَّ بِ: اس کو ضرور لانا چاہیے (لَيَأْتِيَنَّ)
يَأْتِيْنَ: وہ آتی ہیں۔ کرتی ہیں۔ لاتی ہیں۔ وہ چلے آئیں گے۔ (جمع مکسر)
يَأْجُوْجُ: یافث بن نوحؑ کی اولاد سے ماجوج کی ساتھی قوم کا نام ہے۔ ذوالقرنین کے زمانہ کی ایک قوم۔

يَأْخُذُ: وہ لیتا ہے۔ وہ پکڑتا ہے۔ حاصل کرتا ہے۔ وہ اختیار کرتا ہے یا کرے گا۔ وہ آلے۔ وہ پکڑلے۔ اَخْذٌ مصدر
يَأْخُذُوْا: وہ لے لیں۔ لگالیں۔ اختیار کرلیں۔ (لِيَأْخُذُوْا)
يَأْخُذُوْنَ: وہ لے لیتے ہیں۔ پکڑیں گے۔ اختیار کریں گے۔ اَخْذٌ مصدر
يَأْذَنَ: (یہاں تک کہ) وہ حکم کرے۔ اجازت دے۔ خبر کرے۔ اِذْنٌ مصدر
لَمْ يَأْذَنْ: اُس نے اجازت نہیں دی۔ حکم نہیں دیا۔ خبر نہیں دی۔ اِذْنٌ مصدر
يٰسٓ: یہ حروفِ مقطعات ہیں انکے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اصل معنی خدا ہی کو معلوم ہیں۔
تاویلی معنی ہیں: اے کامل انسان یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ قرآن شریف کا نام۔ اللہ تعالےٰ کا نام۔

يَئِسَ: وہ ناامید ہوا۔ وہ ناامید ہوگئے ہیں۔ يَأْسٌ مصدر

يَئِسْنَ: وہ ناامید ہوئیں۔ انھیں آس نہ رہی۔ يَأْسٌ مصدر

يَئِسُوا: وہ ناامید ہوگئے۔ اُن کی آس ٹوٹ گئی۔ يَأْسٌ مصدر

يَأْفِكُونَ: وہ تہمت لگاتے ہیں۔ جھوٹ موٹ بنا لیتے ہیں۔ نظر فریبی کرتے ہیں۔ ڈھونگ رچاتے ہیں۔ اَفْكٌ مصدر

يَاقُوتٌ: ایک قیمتی جوہر کا نام جو اکثر سُرخ اور کوئی سفید کوئی زرد اور کوئی کبود ہوتا ہے مگر سرخ عمدہ ہوتا ہے اور سفید نایاب ہے۔ قیمتی موتی۔ ہیرا۔ لعل۔ يَوَاقِيتُ جمع

يَأْكُلُ: وہ کھاتا ہے یا کھائے گا۔ اُسے کھانا چاہیے۔ (لِيَأْكُلْ) کہ وہ کھائے۔ کھا جائے۔ اَكْلٌ مصدر

يَأْكُلَانِ: وہ دونوں کھاتے ہیں۔ کھائینگے۔

يَأْكُلْنَ: وہ کھاتی ہیں۔ وہ کھا جائیں گے۔ (صیغہ مونث) اَكْلٌ مصدر

يَأْكُلُونَ: وہ کھاتے ہیں یا کھائیں گے۔

يَأْكُلُوا: (کہ) وہ کھائیں۔ کھاتے رہیں۔ انھیں کھانا چاہیے۔ (لِيَأْكُلُوا)

يَأْلَمُونَ: وہ دُکھ اٹھاتے ہیں۔ انھیں تکلیف پہنچتی ہے۔ وہ الم رسیدہ ہوتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَأْلُوْنَ : وہ کم کرتے ہیں۔ کمی کرتے ہیں۔ کسر اٹھا رکھتے ہیں۔ کوتاہی کرتے ہیں۔ اُلُوٌّ۔ اُلِیٌّ مصدر

يَا لَيْتَ : کاش کہ۔ اے کاش کیا اچھا ہوتا کہ۔ کاش کسی طرح ایسا ہی ہوتا کہ۔

يَأْمُرُ : وہ حکم کرتا ہے۔ حکم دیتا ہے۔ اَمْرٌ مصدر

يَأْمُرُوْنَ : وہ حکم کرتے ہیں۔ حکم دیتے ہیں۔

يَأْمَنُ : وہ امن میں ہوتا ہے۔ امن میں خیال کرتا ہے۔ بے خوف ہوتا ہے۔ نڈر ہوتا ہے۔ اَمْنٌ مصدر

يَأْمَنُوْا : (کہ) وہ بے خوف ہیں۔ امن میں ہوں

لَمَّا يَأْنِ : وقت نہیں ہوا۔ وقت نہیں آیا۔ اِنًی۔ اَنْیٌ مصدر

يُبَايِعْنَ : وہ اقرار کرتی ہیں۔ بیعت کرتی ہیں۔ وہ بیعت کریں۔ اقرار کریں۔ (مؤنث) مُبَايَعَةٌ مصدر

يُبَايِعُوْنَ : وہ اقرار کرتے ہیں بیعت کرتے ہیں۔ خرید و فروخت کرتے ہیں یا کرینگے۔ مُبَايَعَةٌ مصدر

يَبْتَغِ : وہ ڈھونڈتا ہے۔ چاہتا ہے۔ پسند کرتا ہے یا کرے گا۔ (يَبْتَغِیْ تھا۔ شرط ہونے کی وجہ سے ی گر گئی) اِبْتِغَاءٌ مصدر

يَبْتَغُوْنَ : وہ چاہتے ہیں۔ ڈھونڈتے ہیں۔ تلاش کرتے ہیں۔ اِبْتِغَاءٌ مصدر

لَيُبَتِّكُنَّ : وہ ضرور کاٹیں گے۔ ضرور پھاڑینگے۔ چیریں گے۔ (لَيُبَتِّكُنَّ) تَبْتِيْكٌ مصدر

يَبْتَلِيَ : (تاکہ) وہ آزمائے۔ آزمائش کرے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جانچے۔ اِبْتِلَاءٌ مصدر

يَبُثُّ : وہ پراگندہ کرتا ہے۔ پھیلاتا ہے۔ بکھیرتا ہے۔ بَثٌّ مصدر

يَبْحَثُ : وہ کُریدتا ہے۔ کھودتا ہے۔ ڈھونڈتا ہے۔ بَحْثٌ مصدر

لَا يَبْخَسْ : وہ کم نہ کرے۔ کمی نہ کرے۔ بَخْسٌ مصدر

يُبْخَسُوْنَ : وہ کم کیے جاتے ہیں۔ اُن (کے اجر وثواب) میں کمی کی جائیگی۔

يَبْخَلُ : وہ بخل کرتا ہے۔ کنجوسی کرتا ہے یا کرے گا۔ بُخْلٌ مصدر

يَبْخَلُوْنَ : وہ روکتے ہیں۔ کنجوسی کرتے ہیں۔ بخل سے کام لیتے ہیں۔ بُخْلٌ مصدر

لَمْ يُبْدِ : اس نے ظاہر نہیں کیا۔ آگاہ ہونے نہیں دیا۔

يَبْدَؤُا : وہ شروع کرتا ہے۔ ابتدا کرتا ہے۔ پہلی بار کرتا ہے۔ بَدْءٌ مصدر

يُبْدِلَ : وہ بدل کر دے۔ بدلہ میں دیدے۔ تبدیل کردے۔ اِبْدَالٌ مصدر

يُبَدَّلُ : وہ بدل دیا جاتا ہے۔ تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ تَبْدِيْلٌ مصدر

يُبَدِّلُ : وہ بدل دیتا ہے۔ (اگر) وہ بدل دے تبدیل کردے۔

يُبَدِّلَنَّ : وہ ضرور بدل دیگا۔ تبدیل کردے گا۔ (لَيُبَدِّلَنَّ)

يُبَدِّلُوْا : (کہ) وہ بدل ڈالیں۔ تبدیل کر دیں۔

يُبَدِّلُوْنَ : وہ بدل کرتے ہیں۔ وہ بدلتے ہیں۔ تبدیل کریں گے۔ تَبْدِيْلٌ مصدر

يُبْدُوْنَ : وہ ظاہر کرتے ہیں۔ بتلا دیتے ہیں۔ اِبْدَاءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُبْدِئُ: وہ شروع کرتا ہے۔ از سرِ نو پیدا کرتا ہے۔ ابتدا کرتا ہے۔ اِبْدَاءٌ مصدر

يُبْدِيَ: (تاکہ) ظاہر کردے۔ بے پردہ کردے

لَا يُبْدِيْنَ: وہ ظاہر نہ کریں گی وہ دکھائیں نہیں (صیغہ مؤنث) اِبْدَاءٌ مصدر

يَبَسٌ: خشک۔ سوکھا۔ يُبْسٌ مصدر

يَبْسُطُ: وہ کشادہ کرتا ہے۔ بچھاتا ہے۔ پھیلاتا ہے۔ بَسْطٌ مصدر

يَبْسُطُوْا: (کہ) وہ پھیلائیں۔ بڑھائیں۔ کھولیں۔ بَسْطٌ مصدر

يُبَشِّرُ: وہ خوشخبری دیتا ہے۔ بشارت دیتا ہے۔ تَبْشِيْرٌ مصدر

يُبْصِرُ: وہ دیکھتا ہے۔ اِبْصَارٌ مصدر

لَمْ يَبْصُرُوْا: انہوں نے نہیں دیکھا۔ وہ نہیں دیکھ پائے۔ بَصَرٌ مصدر

يُبْصِرُوْنَ: وہ دیکھتے ہیں۔ بصارت رکھتے ہیں۔ بصیرت سے کام لیتے ہیں۔ اِبْصَارٌ مصدر

يُبَصَّرُوْنَ: وہ ایک دوسرے کو دکھلا دیے جائیں گے۔ وہ ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہونگے۔ تَبْصِيْرٌ مصدر

يُبَطِّئَنَّ: وہ ضرور دیر لگائے گا۔ وہ عمداً دیر کرتا ہے۔ (لَيُبَطِّئَنَّ) تَبْطِئَةٌ مصدر

يَبْطِشَ: (کہ) وہ سخت پکڑے۔ گھیرے۔ بَطْشٌ مصدر

يَبْطِشُوْنَ: وہ پکڑتے ہیں۔ پکڑ لیتے ہیں۔

يُبْطِلُ: وہ ناچیز کرتا ہے۔ ناچیز کردیگا۔ (کہ) وہ مٹا دے۔ نیست و نابود کردے۔ اِبْطَالٌ مصدر

يَبْعَثُ: وہ اٹھاتا ہے۔ بھیجتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(کہ) وہ بھیجے۔ کھڑا کرے۔
بَعْثٌ مصدر

يُبْعَثُ: وہ اٹھایا جائیگا۔ زندہ کیا جائیگا۔

لَنْ يَّبْعَثَ: وہ ہرگز نہیں اٹھائیگا۔ زندہ نہیں کرے گا۔

يَبْعَثَنَّ: وہ ضرور اٹھائے گا۔ بھیجے گا۔ مسلّط رکھے گا۔ (لَيَبْعَثَنَّ)

لَنْ يُّبْعَثُوْا: وہ ہرگز نہیں اٹھائے جائینگے۔ زندہ نہیں کیے جائینگے۔ بَعْثٌ مصدر

يُبْعَثُوْنَ: وہ اٹھائے جائینگے۔ زندہ کیے جائینگے۔ بَعْثٌ مصدر

يَبْغُوْنَ: وہ چاہتے ہیں۔ وہ بغاوت کرتے ہیں۔ سرکشی کرتے ہیں یا کریں گے۔ بَغْيٌ مصدر

يَبْغِيْ: وہ حد سے گذرتا ہے۔ سرکشی کرے گا۔

يَبْغِيَانِ: وہ دونوں زیادتی کرتے ہیں۔ تجاوز کرتے ہیں۔ حد سے گزرتے ہیں۔ بَغْيٌ مصدر

يَبْقٰى: وہ باقی رہتا ہے۔ ہمیشہ رہتا ہے۔ باقی رہے گا۔ بَقَاءٌ مصدر

يَبْكُوْا: اُن کو چاہیے کہ روئیں۔ (لِيَبْكُوْا)

يَبْكُوْنَ: وہ روتے ہیں۔ آہ وزاری کرتے ہوئے۔ روتے ہوئے۔ بُكَاءٌ مصدر

يَبْلٰى: وہ پرانا ہوتا ہے یا ہوگا۔ زائل ہوگا۔ گھٹنے پائے گا۔ کم ہوگا۔
بِلًى مصدر

يُبْلِسُ: وہ ناامید ہوگا۔ وہ آس توڑ کر رہ جائیں گے۔ اِبْلَاسٌ مصدر

يَبْلُغَ: (تاکہ) وہ پہنچ جائے۔ وہ پالے۔
بُلُوْغٌ مصدر

يَبْلُغَا: (کہ) وہ دونوں پہنچ جائیں۔
بُلُوْغٌ مصدر

يَبْلُغَنَّ: (اگر) وہ پہنچ جائے۔ وہ پالے۔ فاعل مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَمْ يَبْلُغُوْا: وہ نہیں پہنچے۔ بُلُوْغٌ مصدر

يُبَلِّغُوْنَ: وہ پہنچاتے ہیں۔ تبلیغ کرتے ہیں۔ تَبْلِيْغٌ مصدر

يَبْلُوْ: وہ آزماتا ہے۔ آزمائش میں ڈالتا ہے بَلَاءٌ مصدر

يَبْلُوَ: (تاکہ) وہ آزمائے۔ امتحان لے۔ آزمائش کرے۔ بَلَاءٌ مصدر

يَبْلُوَنَّ: وہ ضرور آزمائے گا۔ امتحان لیگا۔ پرکھے گا۔ (لَيَبْلُوَنَّ)

يُبْلِيَ: (تاکہ) وہ آزمائے۔ امتحان لے۔ پرکھے۔ اِبْلَاءٌ مصدر

يَبُوْرُ: وہ خراب ہوجائیگا۔ ہلاک ہو جائیگا۔ تباہی کا باعث بن جائیگا۔ بَوْرٌ۔ بَوَارٌ مصدر

يَبِيْتُوْنَ: وہ رات گذارتے ہیں۔ وہ شب کرتے ہیں۔

يُبَيِّتُوْنَ: وہ رات کو بات چیت کرتے ہیں۔ رات کو صلاح و مشورہ کرتے ہیں۔

يُبِيْنُ: وہ بیان کرتا ہے۔ صاف گفتگو کرتا ہے۔ اِبَانَةٌ مصدر

يُبَيِّنُ: وہ بیان کرتا ہے۔ (تاکہ) وہ بیان کردے۔ کھول دے۔ بتلادے۔

يُبَيِّنَنَّ: وہ ضرور بیان کردیگا۔ جتلائیگا۔ ظاہر کردے گا۔ (لَيُبَيِّنَنَّ)

يَتَأَخَّرَ: وہ پیچھے رہتا ہے۔ وہ تاخیر کرے۔ دیر لگائے۔ تَأَخُّرٌ مصدر

يَتَامٰى: بے باپ کے لڑکے لڑکیاں یعنی وہ جن کا باپ اُن کے بالغ ہونے سے پہلے مرگیا ہو۔ یتیم۔ يَتِيْمٌ۔ يَتِيْمَةٌ واحد

لَمْ يَتُبْ: اُس نے توبہ نہیں کی۔ رجوع نہیں کیا۔ تَوْبَةٌ مصدر

يَتَبَدَّلِ: وہ بدل ڈالے گا۔ تبدیل

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرلے گا۔ تَبَدُّلٌ مصدر

يُتَبِّرُوْا: (تاکہ) وہ ہلاک کردیں۔ تباہ وبرباد کردیں۔ تَتْبِيْرٌ مصدر

يَتْبَعُ: وہ پیچھے آتا ہے بعد میں آتا ہے پیچھے آئے۔ تَبَعٌ مصدر

يَتَّبِعُ: وہ پیروی کرتا ہے۔ پیچھے چلتا ہے۔ نقشِ قدم پر چلتا ہے اِتِّبَاعٌ مصدر

يُتَّبَعَ: اُس کی پیروی کی جاتی ہے۔ اس کے نقشِ قدم پر چلا جاتا ہے اِتِّبَاعٌ مصدر

يَتَّبِعُوْا: وہ پیروی کریں۔ وہ پیروی کریں گے۔ اِتِّبَاعٌ مصدر

يَتَّبِعُوْنَ: وہ پیروی کرتے ہیں پیچھے چلتے ہیں۔ پیچھے لگے رہتے ہیں۔ اِتِّبَاعٌ مصدر

يُتْبِعُوْنَ: وہ بعد میں کرتے ہیں پیچھے لاتے ہیں پیچھے کرتے ہیں اِتْبَاعٌ مصدر

يَتَبَوَّاُ: وہ رہتا ہے۔ جگہ پکڑتا ہے۔ سکونت اختیار کرتا ہے۔ تَبَوُّءٌ مصدر

يَتَبَيَّنَ: (یہاں تک کہ) وہ ظاہر ہو جائے۔ کھل جائے۔ روشن ہو جائے۔ تَبَيُّنٌ مصدر

يَتَجَرَّعُ: وہ گھونٹ گھونٹ کرکے پیے گا۔ آہستہ آہستہ پیے گا۔ تَجَرُّعٌ مصدر

يَتَجَنَّبُ: وہ دور رہتا ہے۔ وہ گریز کرے گا۔ پہلوتہی کرے گا۔ کنارہ کشی کریگا۔ ایک طرف ہوجائیگا۔ تَجَنُّبٌ مصدر

يَتَحَاجُّوْنَ: وہ آپس میں جھگڑتے ہیں۔ حجت کرتے ہیں۔ جھگڑا کرتے ہیں۔ تَحَاجٌّ مصدر

يَتَحَاكَمُوْا اِلَى: (کہ) وہ (اپنا مقدمہ)

toobaa-elibrary.blogspot.com

فیصل کرائیں۔ فیصلہ کرانے کے لیے لے جائیں۔ تَحَاکُمٌ مصدر

يَتَخَافَتُوْنَ: وہ چپکے چپکے کہتے ہوں گے۔ وہ چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں۔ تَخَافُتٌ مصدر

يَتَخَبَّطُ: وہ دیوانہ بنا دیتا ہے۔ بہکا ہوا کر دیتا ہے۔ حیران و سرگرداں کر دیتا ہے۔ تَخَبُّطٌ مصدر

يَتَّخِذُ: وہ پکڑتا ہے۔ بناتا ہے۔ اختیار کرتا ہے۔ اپناتا ہے۔ اِتِّخَاذٌ مصدر

يَتَّخِذُوْا: (کہ) وہ اختیار کرلیں۔ اپنالیں۔

لَمْ يَتَّخِذُوْا: انہوں نے نہیں پکڑا۔ نہیں اپنایا۔ اِتِّخَاذٌ مصدر

يَتَّخِذُوْنَ: وہ پکڑتے ہیں۔ اختیار کرتے ہیں۔ بناتے ہیں۔ اِتِّخَاذٌ مصدر

يَتَخَطَّفَ: وہ اُچک لے جاتا ہے۔ جھپٹ لے جاتا ہے۔ (کہ) وہ نکال دیں۔ بے گھر کر دیں۔ تَخَطُّفٌ مصدر

يُتَخَطَّفُ: اُس کو اُچک لیا جاتا ہے۔ اُسے نکالا جاتا ہے۔ وہ نکالے جا رہے ہیں۔ (فاعل جمع مکسر) تَخَطُّفٌ مصدر

يَتَخَلَّفُوْا: (کہ) وہ پیچھے رہ جائیں۔ وہ ساتھ نہ دیتے۔ تَخَلُّفٌ مصدر

يَتَخَيَّرُوْنَ: وہ پسند کرتے ہیں۔ اختیار کرتے ہیں۔ اچھا سمجھتے ہیں۔ تَخَيُّرٌ مصدر

يَتَدَبَّرُوْنَ: وہ غور و فکر کرتے ہیں۔ تدبر کرتے ہیں۔ دھیان کرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَدَبُّرٌ مصدر

يَتَذَكَّرُ: وہ نصیحت پکڑتا ہے۔ نصیحت لیتا ہے۔ سمجھتا ہے۔ یاد کرتا ہے۔ وہ یاد کریگا۔

تَذَكُّرٌ مصدر

يَتَذَكَّرُوْنَ: وہ نصیحت مانتے ہیں۔ (شاید کہ۔ تاکہ) وہ نصیحت حاصل کرلیں۔ وہ یاد کریں۔ تَذَكُّرٌ مصدر

لَنْ يَّتِرَ: وہ ہرگز کم نہیں کریگا۔ نقصان نہیں دے گا۔ وَتْرٌ مصدر

يَتَرَاجَعَا: (کہ) وہ دونوں باہم رجوع کرلیں۔ باہم مصالحت کرلیں۔

تَرَاجُعٌ مصدر

يَتَرَبَّصُ: وہ انتظار کرتا ہے۔ رُکتا ہے۔ راہ دیکھتا ہے۔

تَرَبُّصٌ مصدر

يَتَرَبَّصْنَ: وہ ٹھہریں۔ انتظار کریں۔ روکے رکھیں۔ (صیغۂ مؤنث)

تَرَبُّصٌ مصدر

يَتَرَبَّصُوْنَ: وہ انتظار کرتے ہیں۔ امید رکھتے ہیں۔ رُکتے ہیں۔

تَرَبُّصٌ مصدر

يَتَرَدَّدُوْنَ: وہ بھٹکتے ہیں۔ تردّد کرتے ہیں۔ وہ پھرتے ہیں۔ جھجکتے ہیں۔ شک کرتے ہیں۔

تَرَدُّدٌ مصدر

يَتَرَقَّبُ: وہ راہ دیکھتا ہے۔ نظر رکھتے ہوئے۔ خیال رکھتے ہوئے۔

تَرَقُّبٌ مصدر

يُتْرَكَ: (کہ) وہ چھوڑ دیا جائے گا۔

تَرْكٌ مصدر

يُتْرَكُوْا: (کہ) وہ چھوڑ دیے جائیں گے۔ ترک کر دیے جائیں گے تَرْكٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَتَزَكّٰى : وہ پاک ہوتا ہے۔ پاکی حاصل کرتا ہے۔ تَزَكِّيٌ مصدر

يَتَسَآءَلُوْا : (تاکہ) وہ ایک دوسرے سے پوچھیں معلوم کریں۔ تَسَآءُلٌ مصدر

يَتَسَآءَلُوْنَ : وہ آپس میں پوچھتے ہیں۔ دریافت کریں گے۔ پوچھیں گے۔

يَتَسَلَّلُوْنَ : وہ نکل جاتے ہیں۔ جلدی سے، چپکے سے نکل جاتے ہیں۔ سٹک جاتے ہیں۔ تَسَلُّلٌ مصدر

لَمْ يَتَسَنَّهْ : وہ سڑا نہیں۔ بدمزہ نہیں ہوا۔ اس میں سڑاند پیدا نہیں ہوئی۔ (اصل میں يَتَسَنَّنُ تھا۔ آخر کا ن خلافِ قیاس ہ سے بدل گیا)۔

يَتَضَرَّعُوْنَ : وہ گڑگڑاتے ہیں۔ عاجزی کرتے ہیں۔ تَضَرُّعٌ مصدر

يَتَطَهَّرُوْا : (کہ) وہ پاک ہوجائیں۔ پاکی اختیار کرلیں۔ تَطَهُّرٌ مصدر

يَتَطَهَّرُوْنَ : وہ پاک ہوتے ہیں۔ پاک بنتے ہیں۔ تَطَهُّرٌ مصدر

يَتَعَارَفُوْنَ : وہ آپس میں پہچانتے ہیں۔ پہچانیں گے۔ جانیں گے۔ تَعَارُفٌ مصدر

يَتَعَدَّ : وہ حد سے گذرتا ہے۔ زیادتی کرتا ہے۔ تَعَدِّيٌ مصدر

يَتَعَلَّمُوْنَ : وہ سیکھتے ہیں۔ تَعَلُّمٌ مصدر

يَتَغَامَزُوْنَ : وہ آپس میں کنایہ کرتے ہیں۔ نظرِ حقارت سے دیکھتے ہیں۔ اشارہ بازی کرتے ہیں۔ تَغَامُزٌ مصدر

لَمْ يَتَغَيَّرْ : وہ متغیر نہیں ہوا۔ بدلا نہیں۔ وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بدلا ہوا نہیں ہوگا۔ تَغَيُّرٌ مصدر

يَتَفَجَّرُ: وہ جاری ہوتا ہے۔ بہہ نکلتا ہے۔ وہ پھوٹ نکلتی ہیں۔ تَفَجُّرٌ مصدر

يَتَفَرَّقَا: (اگر) وہ دونوں ایک دوسرے سے جدا ہوں۔ علیحدہ ہو جائیں۔ الگ ہوں۔

يَتَفَرَّقُوْنَ: وہ منتشر ہو جائیں گے۔ گروہ در گروہ ہو جائیں گے۔ جدا جدا ہو جائیں گے۔ تَفَرُّقٌ مصدر

يَتَفَضَّلَ: (کہ) وہ بزرگ ہو جائے۔ اسے فضیلت حاصل ہو جائے۔ وہ رتبہ والا ہو جائے۔ تَفَضُّلٌ مصدر

يَتَفَطَّرْنَ: وہ پھٹ پڑیں گے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائینگے۔ تَفَطُّرٌ مصدر

يَتَفَقَّهُوْا: وہ سمجھ پیدا کریں گے۔ وہ سوچیں سمجھیں۔ تَفَقُّهٌ مصدر

لَمْ يَتَفَكَّرُوْا: انہوں نے غور نہیں کیا۔ دھیان نہیں دیا۔ تَفَكُّرٌ مصدر

يَتَفَكَّرُوْنَ: وہ اندیشہ کرتے ہیں۔ سوچ بچار کرتے ہیں۔ سوچتے ہیں۔ غور کرتے ہیں۔ تَفَكُّرٌ مصدر

يَتَفَيَّؤُا: وہ ڈھلتا ہے۔ جھکتا ہے۔ واپس لوٹتا ہے۔ تَفَيُّؤٌ مصدر

يَتَقَبَّلُ: وہ قبول کرتا ہے۔ تَقَبُّلٌ مصدر

لَمْ يُتَقَبَّلْ: وہ قبول نہیں کیا گیا۔

لَنْ يُّتَقَبَّلَ: اُسے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔

يَتَقَدَّمَ: (کہ) وہ آگے بڑھے۔ آگے آئے۔ سبقت کر جائے۔

يَتَّقِيْ: وہ ڈرے۔ خوف کرے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ ڈرتا ہے۔ بچ کر رہے۔ (لِيَتَّقِ)۔ اِتِّقَاءٌ مصدر

يَتَّقُوْا: انھیں چاہیے کہ ڈریں۔ پرہیزگاری اختیار کریں (لِيَتَّقُوْا)

يَتَّقُوْنَ: وہ بچتے ہیں۔ خوف کرتے ہیں۔

يَتَّقِيْ: وہ پرہیز کرتا ہے۔ بچتا ہے۔ بچے گا۔ اِتِّقَاءٌ مصدر

يَتَّكِئُوْنَ: وہ تکیہ لگاتے ہیں۔ ٹیک لگائیں گے۔ اِتِّكَاءٌ مصدر

يَتَكَبَّرُوْنَ: وہ تکبر کرتے ہیں۔ بڑائی چاہتے ہیں۔ غرور کرتے ہیں۔ خود کو بڑا سمجھتے ہیں۔ تَكَبُّرٌ مصدر

يَتَكَلَّمُ: وہ بات کرتا ہے۔ گفتگو کرتا ہے۔ تَكَلُّمٌ مصدر

يَتَكَلَّمُوْنَ: وہ بات کریں گے۔ گفتگو کریں گے۔ تَكَلُّمٌ مصدر

يُتْلٰى: وہ پڑھا جائے گا۔ پڑھ کر سنایا جائیگا۔ تِلَاوَةٌ مصدر

يَتَلَاوَمُوْنَ: وہ ایک دوسرے کو ملامت کرتے ہیں۔ لعنت ملامت کریں گے۔ برا بھلا کہیں گے۔ ملامت کرتے ہوئے۔ پھٹکارتے ہوئے۔ تَلَاوُمٌ مصدر

يَتَلَطَّفْ: وہ مہربانی کرے۔ نرمی اختیار کرے۔ آہستگی سے کام کرے۔ تَلَطُّفٌ مصدر

يَتَلَقَّى: وہ لے جاتا ہے۔ لیتا ہے۔ تَلَقِّيٌ مصدر

يَتْلُوْا: وہ پڑھتا ہے۔ قرآن پڑھتا ہے سناتا ہے۔ تِلَاوَةٌ مصدر

يَتْلُوْنَ: وہ پڑھتے ہیں۔ غور سے مطالعہ کرتے ہیں۔ تِلَاوَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُتِمُّ : وہ تمام کرتا ہے۔ پورا کرے گا۔ (کہ) وہ پورا کرے۔ اِتْمَامٌ مصدر

يَتَمَاسَّا : (کہ) وہ دونوں ایک دوسرے کو چھوئیں۔ وہ دونوں جماع کریں۔ تَمَاسٌّ مصدر

يَتَمَتَّعُوْا : وہ فائدہ اٹھائیں۔ بہرہ مند ہوں۔ استعمال کریں۔ برت لیں۔ تَمَتُّعٌ مصدر

يَتَمَتَّعُوْنَ : وہ فائدہ لیتے ہیں۔ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ استعمال کرتے ہیں۔ تَمَتُّعٌ مصدر

يَتَمَطّٰى : وہ اکڑتا ہے۔ اترا کر چلتا ہے۔ تکبر کرتا ہے۔ اکڑتا ہوا۔ تکبر کرتا ہوا۔ تَمَطٍّ مصدر

لَنْ يَّتَمَنَّوْا : وہ ہرگز آرزو نہیں کریں گے ہرگز تمنا نہیں کریں گے۔ تَمَنٍّ مصدر

يَتَمَنَّوْنَ : وہ آرزو کریں گے۔ چاہیں گے۔ تمنا کریں گے۔

يَتَنَاجَوْنَ : وہ بھید کی باتیں کرتے ہیں۔ سرگوشی کرتے ہیں۔ صلاح و مشورہ کرتے ہیں۔ تَنَاجٍ مصدر

يَتَنَازَعُوْنَ : وہ آپس میں جھگڑتے ہیں۔ دشمنی کرتے ہیں۔ تنازعہ کرتے ہیں۔ تَنَازُعٌ مصدر

يَتَنَافَسِ : وہ خواہش کرے۔ وہ بڑھ چڑھ کر رغبت کریں۔ (لِيَتَنَافَسِ)۔ تَنَافُسٌ مصدر

يَتَنَاهَوْنَ : وہ آپس میں منع کرتے ہیں۔ روکتے ہیں۔ تَنَاهٍ مصدر

يَتَنَزَّلُ : وہ اترتا ہے۔ نیچے آتا ہے۔ وارد ہوتا ہے۔ تَنَزُّلٌ مصدر

يَتَوَارٰى : وہ چھپتا ہے۔ پوشیدہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوتا ہے۔ تَوَابٌ مصدر

يَتُوْبُ اِلٰى : وہ توبہ کرتا ہے۔ (گناہوں سے) باز آتا ہے۔ رجوع کرتا ہے۔

يَتُوْبُ عَلٰى : وہ توبہ قبول کرتا ہے۔ رحمت کے ساتھ رجوع کرتا ہے۔ تَوْبَةٌ مصدر

يَتُوْبُوْا : (اگر) وہ توبہ کرلیں۔ (گناہوں سے) باز آجائیں۔ (تاکہ) وہ توبہ کریں۔ رجوع کرلیں۔ تَوْبَةٌ مصدر

يَتُوْبُوْنَ : وہ توبہ کرتے ہیں۔ باز آتے ہیں۔ رجوع کرتے ہیں۔ تَوْبَةٌ مصدر

يَتَوَفّٰى : وہ پورا لیتا ہے۔ روح قبض کرلیتا ہے۔ مارتا ہے۔ وفات دیتا ہے تَوَفِّيٌ مصدر

يُتَوَفّٰى وہ پورا کردیا جاتا ہے۔ اُسے موت دی جاتی ہے۔ تَوَفِّيٌ مصدر

يَتَوَفَّوْنَ : وہ مارتے ہیں۔ وفات دیتے ہیں۔ پورا پورا لے لیتے ہیں۔ تَوَفِّيٌ مصدر

يُتَوَفَّوْنَ : اُن کی جان قبض کرلی جاتی ہے۔ وہ مار دیے جاتے ہیں۔ تَوَفِّيٌ مصدر

يَتَوَكَّلْ : وہ بھروسہ کرتا ہے۔ اعتماد کرتا ہے۔ اس کو بھروسہ کرنا چاہیے۔ (لِيَتَوَكَّلْ)۔ تَوَكُّلٌ مصدر

يَتَوَكَّلُوْنَ : وہ بھروسہ کرتے ہیں۔ اعتماد کرتے ہیں۔ تَوَكُّلٌ مصدر

يَتَوَلَّ : وہ پیٹھ پھیر لے۔ پھر جائے۔ وہ دوست رکھتا ہے۔

يَتَوَلّٰى : وہ پیٹھ پھیرتا ہے۔ دوست بناتا ہے۔ مُڑ جاتا ہے۔ تَوَلِّيٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَتَوَلَّوْا: وہ پیٹھ پھیر گئے۔ (اگر) وہ پھر جائیں۔ پیٹھ پھیر لیں۔ تَوَلِّي مصدر

يَتَوَلَّوْنَ: وہ رفیق بناتے ہیں۔ وہ پھر جاتے ہیں۔ پیٹھ پھیر لیتے ہیں۔ مُڑ جاتے ہیں۔

يَتِيْمٌ: نابالغ لڑکا جس کا باپ مرجائے يَتَامٰى، اَيْتَامٌ جمع

يَتِيْمَيْنِ: بے باپ کے دو لڑکے۔ دو بچے جن کا باپ مرگیا ہو۔

يَتِيْهُوْنَ: وہ حیران ہوتے ہیں۔ وہ گمراہ ہوتے ہیں۔ سرگرداں پھرتے رہیں گے۔ بھٹکتے پھریں گے۔ تِيْهٌ مصدر

يُثْبِتُ: وہ ثابت رکھتا ہے۔ قائم رکھتا ہے۔ جماتا ہے۔ مستحکم کرے گا۔ ٹھیرا دے گا۔ اِثْبَاتٌ مصدر

يُثَبِّتُ: وہ برقرار رکھتا ہے۔ ثابت کردے گا۔ برحق بتا دے گا۔ (تاکہ) مضبوط کر دے۔ تَثْبِيْتٌ مصدر

يُثْبِتُوْا: (تاکہ) وہ قید کر دیں۔ نظر بند کر دیں۔ اِثْبَاتٌ مصدر

يُثْخِنَ: (یہاں تک کہ) وہ خوں ریزی کرے۔ خون بہائے۔ جنگ کرے۔ خوب قتل کرے۔ اِثْخَانٌ مصدر

يَثْرِبُ: ہجرت سے قبل مدینہ منورہ کا نام تھا۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں تشریف لانے کے بعد یہ نام لینا منع ہوگیا۔

يَثْقَفُوْا: (اگر) وہ پالیں۔ قابو حاصل

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرلیں۔ قدرت پالیں۔
ثَقْفٌ مصدر

يَثْنُوْنَ : وہ دُہرا کرتے ہیں۔ دُہراتے ہیں۔ لپیٹتے ہیں۔ ثَنْیٌ مصدر

يُجَادِلُ : وہ جھگڑتا ہے۔ بحث کرتا ہے۔
مُجَادَلَةٌ مصدر

يُجَادِلُوْا : (تاکہ) وہ جھگڑا کریں۔ بحث میں پڑیں۔ مُجَادَلَةٌ مصدر

يُجَادِلُوْنَ : وہ جھگڑتے ہیں۔ مُجَادَلَةٌ مصدر

يُجَارُ : اُس کو پناہ دی جاتی ہے۔ اُسکو بچایا جاتا ہے۔ اُس کی حفاظت کی جاتی ہے۔
اِجَارَةٌ مصدر

يَجْئَرُوْنَ : وہ گڑگڑاتے ہیں۔ پناہ مانگتے ہیں۔ چیختے چلّاتے ہیں۔ جُؤَارٌ مصدر

يُجَاوِرُوْنَ : وہ نزدیک ہوں گے۔ پڑوسی بنیں گے مُجَاوَرَةٌ مصدر

يُجَاهِدُ : وہ جہاد کرتا ہے کوشش کریگا۔ محنت کریگا۔ جِهَادٌ مصدر

يُجَاهِدُوْا : (کہ) وہ جہاد کریں (کافروں سے) جنگ کریں جِهَادٌ مصدر

يُجَاهِدُوْنَ : وہ لڑائی کرتے ہیں۔ کوشش کریں گے۔ محنت کرتے ہیں یا کرینگے۔ جِهَادٌ مصدر

يُجِبْ : وہ قبول کرتا ہے۔ مانتا ہے۔ مانے گا۔ اِجَابَةٌ مصدر

يُجْبٰى : اس کو کھینچا جاتا ہے۔ جمع کیا جاتا ہے۔ وہ پہنچائے جاتے ہیں۔
جِبَايَةٌ مصدر

يَجْتَبِيْ : وہ پسند کرتا ہے۔ چھانٹ لیتا ہے۔ برگزیدہ کرتا ہے۔
اِجْتِبَاءٌ مصدر

يَجْتَنِبُوْنَ : وہ بچتے ہیں۔ اجتناب

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرتے ہیں۔ دور رہتے ہیں۔
اِجْتِنَابٌ مصدر

يَجْحَدُ : وہ انکار کرتا ہے۔ جُحُوْدٌ مصدر

يَجْحَدُوْنَ : وہ انکار کرتے ہیں۔
جُحُوْدٌ مصدر

يَجِدُ : وہ پائے گا۔ اس کو ملتا ہے۔
وِجْدَانٌ مصدر

لَمْ يَجِدْ : اس نے نہیں پایا۔ (اگر) اس کو میسّر نہ ہو۔

يَجِدُوْا : (کہ) وہ پاتے ہیں۔ انکو میسّر ہوتا ہے۔ ان کو چاہیے کہ پائیں۔
(لِيَجِدُوْا)

لَمْ يَجِدُوْا : انہوں نے نہیں پایا۔ انہیں نہیں ملا۔

لَنْ يَّجِدُوْا : وہ ہرگز نہیں پائیں گے۔ انہیں ہرگز نہیں مل سکتا۔

يَجِدُوْنَ : وہ پاتے ہیں۔ پائیں گے۔
وِجْدَانٌ مصدر

يَجُرُّ : وہ کھینچتا ہے۔ گھسیٹتا ہے۔
جَرٌّ مصدر

يُجِرُ : وہ پناہ دے گا۔ محفوظ رکھے گا۔
اِجَارَةٌ مصدر

لَا يَجْرِمَنَّ : وہ ہرگز نہ اُکسائے۔ آمادہ نہ کرے۔ وہ ہرگز باعث نہ بنے۔
جَرِيْمَةٌ مصدر

يَجْرِيْ : وہ بہتا ہے۔ چلتا ہے۔
جَرَيَانٌ مصدر

يُجْزَ : وہ بدلہ پائیگا۔ اس کو جزا دی جائیگی
جَزَآءٌ مصدر

يُجْزٰى : اس کو بدلہ دیا جاتا ہے۔ اس کو جزا دی جائیگی۔ جَزَآءٌ مصدر

يُجْزَوْنَ : ان کو بدلہ دیا جائے گا۔ ان کو جزا دی جاتی ہے۔
جَزَآءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَجْزِيَ : وہ بدلہ دیتا ہے۔ جزا دیتا ہے۔ (تاکہ) وہ بدلہ دے۔ جزا دے۔

يَجْعَلُ : وہ کرتا ہے۔ کر ڈالتا ہے۔ کرے گا۔ مقرر کرے گا۔ بنائے گا۔ سلوک کرے گا۔ (تاکہ) پیدا کر دے۔ بنا دے۔ کر دے۔ مقرر کر دے۔

لَمْ يَجْعَلْ : اُس نے نہیں بنایا۔

يَجْعَلُوْا : (کہ) وہ کر دیں۔ ڈال دیں۔

يَجْعَلُوْنَ : وہ بناتے ہیں۔ کرتے ہیں۔ تراشتے ہیں۔ کرینگے۔ سلوک کریں گے۔

يُجَلِّيْ : وہ روشن کرتا ہے۔ ظاہر کر دے گا۔ تَجْلِيَةٌ مصدر

يَجْمَحُوْنَ : وہ سرکشی کرتے ہیں۔ بھاگتے ہیں۔ رسی تڑا کر بھاگتے ہیں۔ جُمُوْحٌ مصدر

يَجْمَعُ : وہ جمع کرتا ہے۔ جمع کرے گا۔ اکٹھا کرے گا۔ جَمْعٌ مصدر

يَجْمَعَنَّ : وہ ضرور جمع کرے گا۔ اکٹھا کریگا۔ (لَيَجْمَعَنَّ)۔

يَجْمَعُوْنَ : وہ جمع کرتے ہیں۔ اکٹھا کریں گے۔

يُجَنَّبُ : وہ بچا لیا جائے گا۔ دور رکھا جائے گا۔

يَجْهَلُوْنَ : وہ نادانی کرتے ہیں۔ جہالت سے کام لیتے ہیں۔ بے وقوفی کرتے ہیں۔ جَهْلٌ مصدر

يُجِيْبُ : وہ جواب دیتا ہے۔ مانتا ہے۔ قبول کرتا ہے۔

يُجِيْرُ : وہ پناہ دیتا ہے۔ بچاتا ہے۔ حفاظت کرتا ہے۔

لَنْ يُّجِيْرَ : وہ ہرگز پناہ نہیں دیگا۔ حفاظت نہیں کر سکتا۔ اِجَارَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُحَآجُّوْا : (تاکہ) وہ جھگڑا کریں۔ بحث کریں

يُحَآجُّوْنَ : وہ بحث کرتے ہیں حجت کرتے ہیں۔ جھگڑتے ہیں۔ وہ جھگڑیں گے۔ مُحَاجَّةٌ مصدر

يُحَادِدْ : وہ مخالفت کرتا ہے۔ دشمنی کرتا ہے۔

يُحَآدُّوْنَ : وہ مخالفت کرتے ہیں۔ دشمنی کرتے ہیں۔ مخالف بنتے ہیں۔ مُحَادَّةٌ مصدر

يُحَارِبُوْنَ : وہ لڑائی کرتے ہیں۔ جنگ کرتے ہیں۔ مُحَارَبَةٌ مصدر

يُحَاسِبُ : وہ حساب رکھتا ہے۔ وہ حساب لے لیگا۔ مُحَاسَبَةٌ مصدر

يُحَاسَبْ : اُس کا حساب لیا جائیگا۔ معاملہ نمٹایا جائے گا۔ اس کا تصفیہ ہو جائیگا۔ مُحَاسَبَةٌ مصدر

يُحَاطَ : (کہ) وہ گھیر لیا جائے۔ وہ مجبور و بے بس کر دیا جائے۔ اِحَاطَةٌ مصدر

يُحَافِظُوْنَ : وہ نگہبانی کرتے ہیں۔ محافظت کرتے ہیں۔ خبردار ہیں۔ مُحَافَظَةٌ مصدر

يُحَاوِرُ : وہ گفتگو کرتا ہے۔ وہ بات چیت کرتا ہے۔ مُحَاوَرَةٌ مصدر

يُحِبُّ : وہ دوست رکھتا ہے۔ پسند کرتا ہے۔ محبت کرتا ہے۔ اِحْبَابٌ مصدر

يُحْبِبْ : وہ محبت کرے گا۔ دوست بنائے گا۔ پسند کرے گا۔ اِحْبَابٌ مصدر

يُحْبَرُوْنَ : اُن کی تعظیم کی جائے گی۔ اُن کو خوش آمدید کہا جائے گا۔ اُن کی آؤ بھگت کی جائے گی۔ مہمان نوازی ہوگی۔ حَبْرٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَحْبِسُ: وہ روکتا ہے۔ بند کرتا ہے۔ منع کرتا ہے۔ حَبْسٌ مصدر

يُحْبِطُ: وہ ناچیز کردیگا۔ ضائع کردے گا۔ اکارت کردیگا۔ اِحْبَاطٌ مصدر

يَحْبَطَنَّ: وہ ضرور ضائع ہوجائیگا۔ بے کار ہوجائے گا۔ (لَيَحْبَطَنَّ)۔

يُحِبُّوْنَ: وہ چاہتے ہیں۔ وہ دوست رکھتے ہیں۔ پسند کرتے ہیں۔ وہ محبت کرینگے۔ اِحْبَابٌ مصدر

يَحْتَسِبُ: وہ امید رکھتا ہے۔ اُسے گمان ہوگا۔ اسے وہم ہوگا۔ اِحْتِسَابٌ مصدر

يَحْتَسِبُوْنَ: وہ امید رکھتے ہیں۔ گمان کرینگے۔ اِحْتِسَابٌ مصدر

لَمْ يَحْتَسِبُوْا: اُنھیں گمان نہیں ہوا۔ امید نہیں ہوئی۔

يُحْدِثُ: وہ پیدا کرتا ہے۔ نیا نکالتا ہے۔ از سرِ نو کہتا ہے۔ وہ بیان کرے۔ بیان کرے گا۔ کہے گا۔ اِحْدَاثٌ مصدر

يُحَذِّرُ: وہ ڈراتا ہے۔ خوف دلاتا ہے۔ چوکنا کرتا ہے۔ تَحْذِيْرٌ مصدر

يَحْذَرُ: وہ ڈرتا ہے۔ خوف کھاتا ہے۔ چوکنا ہوتا ہے۔ اُسے خوف کرنا چاہیے۔ ڈرنا چاہیے (لِيَحْذَرْ)۔ حَذَرٌ مصدر

يَحْذَرُوْنَ: وہ ڈرتے ہیں۔ خوف کھاتے ہیں۔ چوکنے ہوتے ہیں۔ (تاکہ) وہ ڈریں۔ حَذَرٌ مصدر

يُحَرِّفُوْنَ: وہ حرفوں کو پھیر دیتے ہیں۔ تحریف کردیتے ہیں۔ اَدل بَدل

toobaa-elibrary.blogspot.com

کر دیتے ہیں۔ بگاڑ دیتے ہیں۔ تبدیل کر دیتے ہیں۔ تغیر و تبدل کر دیتے ہیں۔ تَحْرِیْفٌ مصدر

يُحَرِّمُ : وہ حرام کرتا ہے۔ حرام بتاتا ہے۔ تَحْرِیْمٌ مصدر

يُحَرِّمُوْنَ : وہ حرام سمجھتے ہیں۔ حرام بتاتے ہیں۔ حرام کرتے ہیں۔

يَحْزَنَّ : (کہ) وہ غمگین ہو جائیں۔ رنجیدہ ہوں۔ (صیغہ مؤنث)

يَحْزُنُ : وہ غمگین کرتا ہے۔ رنج میں ڈالتا ہے۔ (تاکہ وہ غمگین کرے۔ رنج میں ڈالے۔ حُزْنٌ مصدر

يَحْزَنُوْنَ : وہ غمگین ہوں گے۔ غم کھائیں گے۔ رنج اٹھائینگے۔ حَزَنٌ مصدر

يَحْسَبُ : وہ خیال رکھتا ہے۔ گمان کرتا ہے۔ حساب رکھتا ہے۔ حُسْبَانٌ مصدر

لَا يَحْسَبَنَّ : وہ ہرگز گمان نہ کرے۔ وہ ہرگز گمان نہ کریں۔ حُسْبَانٌ مصدر

يَحْسَبُوْنَ : وہ سمجھتے ہیں۔ خیال کرتے ہیں۔ گمان رکھتے ہیں۔ حُسْبَانٌ مصدر

يَحْسُدُوْنَ : وہ رشک کرتے ہیں۔ حسد کرتے ہیں۔ کینہ رکھتے ہیں۔ وہ جلتے ہیں۔ حَسَدٌ مصدر

يُحْسِنُوْنَ : وہ نیک (کام) کرتے ہیں۔ بہت اچھا کرتے ہیں۔ اِحْسَانٌ مصدر

يَحْشُرُ : وہ جمع کرتا ہے۔ اکٹھا کرے گا۔ اٹھائے گا۔ حَشْرٌ مصدر

يُحْشَرُ : وہ جمع کیا جاتا ہے۔ اکٹھا کیا جائیگا۔ وہ جمع کیے جائیں گے۔ اٹھائے جائیں گے۔

يُحْشَرُوْا : (کہ) وہ جمع کیے جائیں۔ اٹھائے جائیں۔ حَشْرٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُحْشَرُوْنَ : وہ جمع کیے جائیں گے۔ اکٹھے کیے جائیں گے۔ اٹھائے جائیں گے۔

يَحُضُّ : وہ تاکید کرتا ہے۔ اُبھارتا ہے۔ ترغیب دیتا ہے۔ حَضٌّ مصدر

يَحْضُرُوْنِ : (کہ) وہ میرے پاس حاضر ہوں۔ میرے نزدیک ہو جائیں۔ میرے پاس آموجود ہوں۔ حُضُوْرٌ مصدر

لَمْ يَحِضْنَ : وہ حیض والی نہیں ہوئیں ان کو حیض نہیں ہوا۔ ان کو ماہواری نہیں ہوئی حَيْضٌ مصدر

لَا يَحْطِمَنَّ : وہ ہرگز نہ توڑ دے۔ ہرگز نہ پیس دے۔ کچل نہ ڈالے۔ روند نہ دے۔ حَطْمٌ مصدر

يُحْفِ : وہ تنگ کرے۔ اصرار کرے۔ پریشان کرے (يُحْفِي تھا۔ جواب شرط ہونے کی وجہ سے آخر سے ی گر گئی) اِحْفَاءٌ مصدر

يَحْفَظْنَ : وہ بچاتی ہیں۔ (کہ) وہ حفاظت کریں۔ بچاتی رہیں۔ حِفْظٌ مصدر

يَحْفَظُوْا : (کہ) وہ حفاظت کریں۔ بچائیں۔

يَحْفَظُوْنَ : وہ نگاہ رکھتے ہیں۔ وہ یاد کرتے ہیں۔ نگہبانی کرتے ہیں۔ حفاظت کرتے ہیں۔ حِفْظٌ مصدر

يَحِقُّ : وہ ثابت ہوتا ہے۔ لازم ہوتا ہے۔ پورا ہو جائے۔ صادر ہو جائے سچا ہو جائے حَقٌّ مصدر

يُحِقُّ : وہ درست اور سچا کرتا ہے۔ (کہ) وہ ثابت کر دے۔ اِحْقَاقٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَحْكُمُ : وہ فرماتا ہے۔ حکم کرتا ہے۔ فیصلہ کرے گا۔ (تاکہ) وہ فیصلہ کردے۔ حُكْمٌ مصدر

يَحْكُمُ : وہ فیصلہ کرے۔ اسے فیصلہ کرنا چاہیے۔ (لِيَحْكُمْ)

لَمْ يَحْكُمْ : اس نے حکم نہیں دیا۔ فیصلہ نہیں کیا۔

يُحْكِمُ : وہ استوار کرتا ہے۔ سنوارتا ہے۔ مضبوط کرتا ہے۔ حکمت کے ساتھ بیان کرتا ہے۔

يَحْكُمَانِ : وہ دونوں حکم کرتے ہیں۔ فیصلہ کرتے ہیں۔

يُحَكِّمُوْا : (جب تک کہ) وہ حکم (نہ) بنائیں۔ فیصلہ کے لیے مقرر (نہ) کریں۔

يَحْكُمُوْنَ : وہ حکم فرماتے ہیں۔ وہ فیصلہ کرتے ہیں۔ حُكْمٌ مصدر

يُحَكِّمُوْنَ : وہ حَکَم بناتے ہیں اور فیصلہ کے لیے مقرر کرتے ہیں۔ اپنا قاضی و فیصل بناتے ہیں۔ ثالث بناتے ہیں تَحْكِيْمٌ مصدر

يَحِلُّ : وہ حلال ہوتا ہے۔ واجب ہوتا ہے۔ کھلتا ہے۔ جائز ہوگا۔ اُتر آئے۔ نازل ہو جائے۔ حِلٌّ۔ حُلُوْلٌ مصدر

يُحِلُّ : وہ حلال کرتا ہے۔ اُتارتا ہے۔ اِحْلَالٌ مصدر

يَحْلِفُنَّ : وہ ضرور قسمیں کھائیں گے۔ حلف اٹھائیں گے (لَيَحْلِفُنَّ)

يَحْلِفُوْنَ : وہ قسم کھاتے ہیں۔ حلف اٹھائیں گے۔ حَلْفٌ مصدر

يَحْلِلْ : وہ حلال ہو جائے۔ واجب ہو جائے۔ نازل ہو جائے۔ حِلٌّ۔ حُلُوْلٌ مصدر

يُحِلُّوْا : وہ حلال کر لیتے ہیں۔ (تاکہ)

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ حلال کر دیں۔ جائز کر لیں۔

يَحِلُّوْنَ : وہ حلال ہوتے ہیں۔ جائز ہوتے ہیں۔ حِلٌّ مصدر

يُحِلُّوْنَ : وہ حلال سمجھتے ہیں۔ حلال قرار دیتے ہیں۔ اِحْلَالٌ مصدر

يُحَلَّوْنَ : وہ پہنائے جائیں گے۔ اُنھیں آراستہ کیا جائیگا۔ تَحْلِيَةٌ مصدر

يُحْمٰى : وہ گرم کیا جائیگا۔ دہکایا جائے گا۔ تپایا جائے گا۔ بھونا جائے گا۔ اِحْمَاءٌ مصدر

يُحْمَدُوْا : (کہ) وہ سراہے جائیں۔ اُن کی تعریف کی جائے۔ حَمْدٌ مصدر

يَحْمِلُ : وہ اٹھاتا ہے۔ اٹھائے گا۔ اٹھائے۔ وہ اٹھائے ہوئے ہونگے۔ حَمْلٌ مصدر

يُحْمَلُ : وہ اٹھایا جائے گا۔ وہ لادا جائے گا۔ حَمْلٌ مصدر

يَحْمِلْنَ : وہ اٹھاتی ہیں۔ (کہ) وہ اٹھائیں

يَحْمِلُنَّ : وہ ضرور اٹھائیں گے۔ وہ ضرور لادیں گے۔ (لَيَحْمِلُنَّ)

يَحْمِلُوْا : (تاکہ) وہ اٹھائیں۔ وہ لادیں۔ حَمْلٌ مصدر

لَمْ يَحْمِلُوْا : انہوں نے نہیں اٹھایا۔ بارِ تعمیل کو نہیں سنبھالا۔ صحیح طور پر تعمیلِ حکم نہیں کی۔

يَحْمِلُوْنَ : وہ اٹھاتے ہیں یا اٹھائیں گے۔

يَحْمُوْمٌ : بے حد کالا دھواں۔ سیاہ دھواں۔

لَنْ يَّحُوْرَ : وہ ہرگز پھر کر نہ جائیگا۔ کبھی نہیں لوٹے گا۔ حَوْرٌ مصدر

يَحُوْلُ : وہ درمیان میں آتا ہے۔ حائل ہو جاتا ہے۔ آڑے آتا ہے۔ حُؤُوْلٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَحْيٰى : ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام جو حضرت زکریا علیہ السلام کے بیٹے تھے۔

يَحْيٰى : وہ جیتا ہے۔ زندہ رہے۔ جیے گا۔ حَيٰوةٌ مصدر

يُحْيِيْ : وہ جلاتا ہے۔ وہ زندہ کرتا ہے۔ زندگی عطا کرتا ہے۔ اِحْيَاءٌ مصدر

لَمْ يُحَيِّ : اس نے دعا نہیں دی۔ سلام نہیں کیا۔ تَحِيَّةٌ مصدر

يُحْيِيَ : (کہ) وہ زندہ کرے۔ جلا سکے زندگی عطا کر سکے۔

لَمْ يُحِيْطُوْا : انہوں نے احاطہ نہیں کیا۔ گھیرا نہیں۔ وہ (اپنے علم میں) نہیں لائے۔

يُحِيْطُوْنَ : وہ گھیرتے ہیں۔ وہ پاتے ہیں۔ اُن کے احاطۂ علم میں ہے۔ اُن کے قبضہ میں ہے۔ اِحَاطَةٌ مصدر

يَحِيْقُ : وہ پکڑتا ہے۔ گھیرتا ہے۔ واجب اور لازم ہوتا ہے۔ آپڑتا ہے۔ حَيْقٌ مصدر

يُخَادِعُوْنَ : وہ مل کر فریب دیتے ہیں۔ دھوکا اور دغا دیتے ہیں۔ مُخَادَعَةٌ مصدر

يَخَافُ : وہ ڈرے گا۔ ڈرتا ہے۔ اُسے خوف ہوگا۔

يَخَافُوْا : (کہ) وہ ڈریں۔ اندیشہ رکھیں۔

يَخَافُوْنَ : وہ ڈرتے ہیں۔ خوف کرتے ہیں۔

يَخَافَا : (کہ) وہ دونوں ڈریں۔ اندیشہ کریں۔

يُخَالِفُوْنَ : وہ مخالفت کرتے ہیں۔ وہ نہیں مانتے۔ خلاف کرتے ہیں۔

يَخْتَارُ : وہ پسند کر لیتا ہے۔ اختیار کر لیتا ہے۔ برگزیدہ بنا دیتا ہے۔ اِخْتِيَارٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَخْتَانُوْنَ : وہ دغا کرتے ہیں۔ چوری کرتے ہیں۔ خیانت کرتے ہیں۔ اِخْتِيَانٌ مصدر

يَخْتَصُّ : وہ خاص کرتا ہے۔ مخصوص کرتا ہے۔ سرفراز کرتا ہے۔ اِخْتِصَاصٌ مصدر

يَخْتَصِمُوْنَ : وہ آپس میں جھگڑیں گے۔ بحث کریں گے۔ اِخْتِصَامٌ مصدر

يَخْتَلِفُوْنَ : وہ اختلاف کرتے ہیں۔

يَخْتِمُ : وہ مُہر بند کر دیگا۔ مہر لگا دیتا ہے۔ مُہر بند کر دے۔ خَتْمٌ مصدر

يَخْدَعُوْا : (کہ) وہ دھوکہ دیدیں۔ فریب میں مبتلا کر دیں۔ خَدْعٌ مصدر

يَخْدَعُوْنَ : وہ فریب دیتے ہیں۔ دھوکا دیتے ہیں۔ خَدْعٌ مصدر

يَخْذُلْ : (اگر) وہ ساتھ چھوڑ دے۔ مدد نہ کرے۔

يُخْرِبُوْنَ : وہ خراب کرتے ہیں۔ تباہ کرتے ہیں۔ برباد کریں گے۔ ویران کرتے ہیں اِخْرَابٌ مصدر

يَخْرُجُ : وہ باہر نکلتا ہے۔ خارج ہوتا ہے۔ خُرُوْجٌ مصدر

يُخْرِجَ : وہ نکالتا ہے۔ باہر کرتا ہے۔ نکال باہر کرتا ہے۔ (کہ) وہ نکالے۔ اِخْرَاجٌ مصدر

لَنْ يُّخْرِجَ : وہ ہرگز نہیں نکالے گا۔

يُخْرِجَا : (کہ) وہ دونوں نکال دیں۔ دونوں نکال باہر کریں اِخْرَاجٌ مصدر

يُخْرِجَنَّ : وہ ضرور نکال دے گا۔ نکال باہر کریگا۔ (لَيُخْرِجَنَّ) اِخْرَاجٌ مصدر

يَخْرُجُنَّ : وہ ضرور نکل آئیں گے۔ نکل کھڑے ہونگے۔ (لَيَخْرُجُنَّ) خُرُوْجٌ مصدر

لَا يُخْرِجَنَّ : وہ ہرگز نہ نکالے۔ وہ ہرگز نہ نکلوا دے۔ اِخْرَاجٌ مصدر

لَا يَخْرُجْنَ : وہ (عورتیں) نہ نکلیں۔ باہر نہ جائیں۔ خُرُوْجٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَخْرُجُوْا: (جب تک کہ) وہ باہر (نہ) نکلیں
خُرُوْجٌ مصدر

يُخْرِجُوْا: (تاکہ) وہ باہر نکال دیں۔
اِخْرَاجٌ مصدر

لَمْ يُخْرِجُوْا: انہوں نے نہیں نکالا۔
اِخْرَاجٌ مصدر

يَخْرُجُوْنَ: وہ نکلتے ہیں یا نکلیں گے۔ وہ نکل پڑینگے۔ خُرُوْجٌ مصدر

يُخْرَجُوْنَ: وہ باہر نکالے جائیں گے یا نکالے جاتے ہیں۔ اِخْرَاجٌ مصدر

يُخْرِجُوْنَ: وہ نکالتے ہیں یا نکالیں گے۔

يَخْرُصُوْنَ: وہ اٹکل کرتے ہیں۔ جھوٹ کہتے ہیں۔ اٹکل لڑاتے ہیں۔ خَرْصٌ مصدر

لَمْ يَخِرُّوْا: وہ نہیں گرے۔ وہ گر نہیں پڑتے۔ خَرٌّ مصدر

يَخِرُّوْنَ: وہ گرتے ہیں۔ گر پڑتے ہیں۔
خُرُوْرٌ مصدر

يُخْزِ: (نتیجۃً۔ آخر کار) وہ رُسوا کردیگا۔ ذلیل کر دے گا۔ اِخْزَاءٌ مصدر

يُخْزِيْ: وہ رُسوا کرتا ہے۔ شرمندہ کرتا ہے۔ ذلیل کرتا ہے۔ اِخْزَاءٌ مصدر

يَخْسِرُ: وہ نقصان پاتا ہے۔ وہ نقصان اٹھائے گا۔ خُسْرَانٌ مصدر

يُخْسِرُوْنَ: وہ نقصان کر دیتے ہیں خسارہ پہنچاتے ہیں۔ نقصان میں ڈالتے ہیں۔ اِخْسَارٌ مصدر

يَخْسِفَ ب: (کہ) وہ دھنسا دے۔
خَسْفٌ مصدر

يَخْشَ: وہ ڈرے۔ وہ خوف کرے۔ وہ ڈریں۔ خوف کریں۔ (لِيَخْشَ۔ فعل امر)

لَمْ يَخْشَ: وہ نہیں ڈرا۔ اس نے خوف نہیں کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَخْشٰى : وہ ڈرتا ہے۔ وہ خوف کرے گا۔ وہ ڈرتے ہیں۔ (جمع مکسّر) خَشْيَةٌ مصدر

يَخْشَوْنَ : وہ ڈرتے ہیں۔ خوف کرتے ہیں۔ خَشْيَةٌ مصدر

يَخْصِفَانِ : وہ دونوں ڈھانپتے ہیں۔ وہ دونوں چپکاتے ہیں۔ جوڑتے ہیں۔ خَصْفٌ مصدر

يَخِصِّمُوْنَ : وہ آپس میں جھگڑیں گے وہ جھگڑ رہے ہوں گے۔ (اصل میں يَخْتَصِمُوْنَ تھا۔ بقاعدۂ صرفی ت کو ص سے بدل کر ادغام کر دیا گیا)۔ اِخْتِصَامٌ مصدر

يَخْطَفُ : وہ اُچک لے جاتا ہے۔ جھپٹ لے گا۔ وہ سلب کر لے۔ خَطْفٌ مصدر

يَخْفٰى : وہ چھپا ہوا ہے۔ وہ پوشیدہ ہے۔

يُخَفِّفَ : وہ ہلکا کرتا ہے۔ (کہ) وہ ہلکا کر دے۔ تَخْفِيْفٌ مصدر

يُخَفَّفُ : وہ ہلکا کیا جائے گا۔ نرم کیا جائے گا۔ کم کیا جائے گا۔ تَخْفِيْفٌ مصدر

يَخْفُوْنَ : وہ چھپے ہوئے ہیں۔ وہ پوشیدہ ہیں۔ خِفَاءٌ مصدر

يُخْفُوْنَ : وہ چھپاتے ہیں۔ پوشیدہ رکھتے ہیں۔ اِخْفَاءٌ مصدر

يُخْفِيْنَ : وہ چھپاتی ہیں۔ پوشیدہ رکھتی ہیں۔

يَخْلُ : (تاکہ) وہ خالی ہو جائے۔ تنہا اور اکیلا ہو جائے۔ (اصل میں يَخْلُوْ تھا۔ جواب امر ہونے کی وجہ سے آخر سے و گر گئی) خُلُوٌّ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَخْلُدُ : وہ ہمیشہ رہتا ہے یا رہے گا۔ خُلُوْدٌ مصدر

يُخْلِفُ : وہ وعدہ خلافی کرتا ہے۔ وہ عوض دیتا ہے۔ وہ بدلہ دیگا۔ اِخْلَافٌ مصدر

لَنْ يُّخْلِفَ : وہ ہرگز خلاف نہیں کریگا۔ وہ ہرگز وعدہ خلافی نہیں کرے گا۔ اِخْلَافٌ مصدر

يَخْلُفُوْنَ : وہ نائب ہوتے ہیں۔ وارث بنیں گے۔ وہ جانشین بنتے رہتے۔ خِلَافَةٌ مصدر

يَخْلُقُ : وہ پیدا کرتا ہے۔ بنائے گا۔ خَلْقٌ مصدر

لَمْ يُخْلَقْ : وہ نہیں پیدا کیا گیا۔ خَلْقٌ مصدر

لَنْ يَّخْلُقُوْا : وہ ہرگز پیدا نہیں کر سکتے ہیں۔ وہ ہرگز نہیں بنا سکتے ہیں۔ خَلْقٌ مصدر

يَخْلُقُوْنَ : وہ پیدا کرتے ہیں۔ وہ بناتے ہیں۔ خَلْقٌ مصدر

يُخْلَقُوْنَ : وہ پیدا کیے جاتے ہیں۔ بنائے جاتے ہیں۔ خَلْقٌ مصدر

يَخُوْضُوْا : (یہاں تک کہ) وہ مشغول ہو جائیں۔ مصروف ہوں۔ (کہ) وہ عیب جوئی کرتے رہیں۔ بکواس کرتے رہیں۔

يَخُوْضُوْنَ : وہ بات میں گھستے ہیں۔ وہ عیب جوئی کر رہے ہیں۔ بیہودہ بکواس کر رہے ہیں۔ خَوْضٌ مصدر

يُخَوِّفُ : وہ ڈراتا ہے۔ خوف دلاتا ہے۔

يُخَوِّفُوْنَ : وہ ڈراتے ہیں۔ خوف دلاتے ہیں۔ تَخْوِيْفٌ مصدر

يُخَيَّلُ : وہ خیال کیا جاتا ہے۔ سمجھا جاتا ہے، اس پر گمان ہوتا ہے۔ تَخْيِيْلٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَدٌ: ہاتھ۔ قوت۔ طاقت۔ نعمت۔ (اَیْدٍ، یُدِیٌّ جمع۔ اَیَادِیْ جمع الجمع۔ یَدٌ کی اصل یَدْیٌ تھی۔ ی گر گئی)۔

یَدَا: دو ہاتھ۔ دونوں ہاتھ۔ (اصل میں یَدَانِ تھا۔ ن گر گیا)۔

یُدَافِعُ وہ دور کرتا ہے۔ دور کرے گا۔ بچاتا ہے۔ ہٹا دیگا۔ ہٹاتا ہے۔ مُدَافَعَةٌ مصدر

یُدَبِّرُ: وہ تدبیر کرتا ہے۔ سمجھتا ہے۔ فکر کرتا ہے۔ تَدْبِیْرٌ مصدر

یَدَّبَّرُوْا: (تاکہ) وہ غور کریں۔ سوچیں۔ سمجھیں۔ (اصل میں یَتَدَبَّرُوْا تھا۔ ت کو د سے بدل کر د میں ادغام کر دیا گیا)۔ تَدَبُّرٌ مصدر

لَمْ یَدَّبَّرُوْا: انہوں نے غور نہیں کیا۔ سوچا نہیں۔

یُدْحِضُوْا: (تاکہ) وہ ناچیز کر دیں۔ ڈگمگا دیں۔ ہٹا دیں۔ پھسلا دیں۔ اِدْحَاضٌ مصدر

لَنْ یَّدْخُلَ: وہ ہرگز داخل نہیں ہوگا۔ وہ ہرگز داخل نہیں ہو سکتا۔

لَمَّا یَدْخُلِ: وہ اب تک داخل نہیں ہوا ہے۔ دُخُوْلٌ مصدر

یُدْخَلَ: (کہ) وہ داخل کیا جائے۔ دُخُوْلٌ مصدر

یُدْخِلُ: وہ داخل کرتا ہے۔ لے آتا ہے۔ داخل کرے گا۔ (تاکہ) وہ داخل کر دے۔ اِدْخَالٌ مصدر

یُدْخِلَنَّ: وہ ضرور داخل کرے گا۔ (لَیُدْخِلَنَّ)

لَا یَدْخُلَنَّ عَلَیْ: وہ ہرگز داخل نہ ہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ ہرگز پاس آنے پائے۔ (فعل نہی بانونِ تاکید ثقیلہ)

يَدْخُلُوْا: (تاکہ) وہ داخل ہو جائیں۔

لَمْ يَدْخُلُوْا: وہ داخل نہیں ہوئے۔ وہ داخل نہیں ہوئے ہوں گے۔

يَدْخُلُوْنَ: وہ داخل ہوتے ہیں۔ داخل ہونگے۔ اندر جائیں گے۔ دُخُوْلٌ مصدر

يَدْرَؤُا: وہ ٹالتا ہے۔ زائل کر سکتا ہے۔ ہٹا سکتا ہے۔ دور کر دیگا۔ دَرْءٌ مصدر

يَدْرَءُوْنَ: وہ دفع کرتے ہیں۔ کاٹتے ہیں۔ ہٹاتے ہیں۔ دور کرتے ہیں۔ دَرْءٌ مصدر

يَدْرُسُوْنَ: وہ پڑھتے ہیں۔ دِرَاسَةٌ مصدر

يُدْرِكُ: وہ پاتا ہے۔ پکڑ لے گا۔ آلے گا۔ اِدْرَاكٌ مصدر

يُدْرِيْ: وہ خبردار کرتا ہے۔ بتاتا ہے۔ اِدْرَاءٌ مصدر

مَا يُدْرِيْكَ: کیا چیز تجھ کو بتلاتی ہے؟ تجھے کیا خبر؟ تجھ کو کیا معلوم؟

يَدُسُّ: وہ دبا دیتا ہے۔ خاک میں دفن کرتا ہے۔ دَسٌّ مصدر

يَدْعُ: وہ بلاتا ہے۔ پکارتا ہے۔ (اصل میں يَدْعُوْ ہے۔ قرآنی رسم الخط میں بعض جگہ و نہیں لکھا گیا)۔ اسے چاہیے کہ بلائے۔ پکارے۔ (لِيَدْعُ)۔ دُعَآءٌ مصدر

لَمْ يَدْعُ: اس نے نہیں بلایا تھا۔ نہیں پکارا تھا۔ دُعَآءٌ مصدر

يَدُعُّ: وہ دھکیلتا ہے۔ دھکے دیتا ہے۔

يُدْعٰى: اُسے بلایا جاتا ہے۔ اُس کو پکارا اور بلایا جاتا ہے۔

يَدْعُوْا: وہ بلاتا ہے۔ پکاریگا۔ بلائیگا۔

يَدْعُوْنَ: وہ بلاتے ہیں۔ پکارتے ہیں۔

يَدَّعُوْنَ: وہ دعویٰ کریں گے۔ وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دعوٰی کریں۔ چاہیں۔ وہ طلب کریں گے۔ اِدِّعَاءٌ مصدر

يُدْعَوْنَ : اُن کو بُلایا جاتا ہے۔ ان کو پکارا جائے گا۔ دُعَآءٌ مصدر

يُدَعُّوْنَ : وہ دھکیلے جائیں گے۔ ان کو دھکیلا جائے گا۔ دَعٌّ مصدر

يَدْمَغُ : وہ توڑتا ہے۔ پھوڑتا ہے۔ سر پھوڑ ڈالتا ہے۔ دَمْغٌ مصدر

يُدْنِيْنَ : وہ نزدیک کرتی ہیں۔ جھکاتی ہیں۔ وہ نزدیک کریں۔ گھونگٹ نکال لیں۔ نیچے کرلیں۔ (مؤنث) اِدْنَاءٌ مصدر

يُدْهِنُوْنَ : وہ مداہنت کرتے ہیں۔ وہ بات چکناتے ہیں۔ نرمی برتیں گے۔ جھوٹ بولتے ہیں۔ نرم پڑیں گے۔ اِدْهَانٌ مصدر

يَدَيْ : دو ہاتھ۔ دونوں ہاتھ۔ (يَدٌ کا تثنیہ بحالتِ نصبی و جری۔ يَدَيْنِ تھا، بوجہ اِضافت ن گر گیا)۔

يَدِيْنُوْنَ : وہ دین اختیار کرتے ہیں۔ اطاعت کرتے ہیں۔ حکم مانتے ہیں۔ فرماں برداری کرتے ہیں۔ دِيْنٌ مصدر

يُذَبِّحُ : وہ ذبح کرتا ہے۔ گلا کاٹتا ہے۔ قتل کرتا ہے یا کریگا۔ تَذْبِيْحٌ مصدر

يُذَبِّحُوْنَ : وہ ذبح کرتے ہیں۔ قتل کرتے ہیں یا کرتے تھے۔ تَذْبِيْحٌ مصدر

يَذَرُ : وہ چھوڑتا ہے۔ چھوڑ دیگا۔ وَذْرٌ مصدر

يَذْرَؤُ : وہ پھیلاتا ہے۔ بکھیرتا ہے۔ پیدا کرتا ہے۔ ذَرْءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَذَرُوْنَ: وہ چھوڑتے ہیں۔ وَذْرٌ مصدر

يَذْكُرُ: وہ یاد کرتا ہے۔ وہ ذکر کرتا ہے۔ ذِكْرٌ مصدر

يُذْكَرُ: وہ یاد کیا جاتا ہے۔ اس کا ذکر کیا جاتا ہے ذِكْرٌ مصدر

يَذَّكَّرُ: وہ غور کرتا ہے۔ سوچتا ہے۔ (تاکہ) وہ غور کرے۔ سوچے سمجھے۔ تَذَكُّرٌ مصدر

يَذْكُرُوْا: (تاکہ) وہ یاد کریں۔ ذکر کریں۔

يَذَّكَّرُوْا: (تاکہ) وہ غور کریں۔ سوچیں سمجھیں۔ تَذَكُّرٌ مصدر

لَمْ يُذْكَرْ: اس کا ذکر نہیں کیا گیا۔ اُسکا (نام) نہیں لیا گیا۔ ذِكْرٌ مصدر

يَذْكُرُوْنَ: وہ یاد کرتے ہیں۔ ذکر کرتے ہیں۔

يَذَّكَّرُوْنَ: وہ غور کرتے ہیں۔ سوچتے سمجھتے ہیں۔ تَذَكُّرٌ مصدر

يَذُوْقُ: وہ چکھتا ہے۔ چکھے گا۔ وہ چکھے۔ ذَوْقٌ مصدر

لَمَّا يَذُوْقُوْا: انہوں نے اب تک چکھا نہیں ہے۔

يَذُوْقُوْا: (تاکہ) وہ چکھیں۔ ان کو چاہیے کہ چکھیں۔ (لِيَذُوْقُوْا)

يَذُوْقُوْنَ: وہ چکھیں گے۔ ذَوْقٌ مصدر

يَذْهَبُ: وہ جاتا ہے۔ وہ جاتا رہتا ہے۔ وہ چلا جاتا ہے۔ ذَهَابٌ مصدر

يَذْهَبُ ب: وہ لے جاتا ہے۔ وہ لے جا۔ ضائع کر دے۔ ذَهَابٌ مصدر

يُذْهِبَ: وہ لے جاتا ہے۔ (تاکہ) وہ دور کر دے۔ ہٹا دے۔ مٹا دے۔ وہ لے جائے۔ نکال لے۔ اِذْهَابٌ مصدر

يَذْهَبَا ب: (کہ) وہ دونوں لے جائیں۔ مٹا دیں۔ موقوف کرا دیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُذْهِبْنَ : وہ لے جاتی ہیں۔ دور کر دیتی ہیں۔ مٹا دیتی ہیں۔ اِذْهَابٌ مصدر

يُذْهِبَنَّ : وہ ضرور لے جاتا ہے۔ واقعی دور کر دیتا ہے۔ اِذْهَابٌ مصدر

لَمْ يَذْهَبُوْا : وہ نہیں گئے تھے۔

يُذِيْقَ : وہ چکھاتا ہے۔ (تاکہ) وہ چکھائے۔ اِذَاقَةٌ مصدر

يَرَ : وہ دیکھے گا۔ پالیگا۔ رُؤْيَةٌ مصدر

لَمْ يَرَ : اس نے نہیں دیکھا۔ رُؤْيَةٌ مصدر

يَرٰى : وہ دیکھتا ہے۔ (اگر) وہ دیکھ لے۔

يُرٰى : وہ دکھایا جائیگا۔ دکھایا جاتا ہے۔ وہ دکھائی دیتا ہے۔ اِرَاءَةٌ مصدر

يُرَآءُوْنَ : وہ دکھلاوا کرتے ہیں۔ نمائش و ریاکاری کرتے ہیں۔ رِيَاءٌ مصدر

يُرَادُ : اُس کا ارادہ کیا جاتا ہے۔ اس سے کچھ غرض رکھی گئی ہے۔ اِرَادَةٌ مصدر

يَرْبِطَ : وہ باندھتا ہے۔ (تاکہ) وہ مضبوط کرے۔ ڈھارس دیدے۔ جما دے۔ رَبْطٌ مصدر

يَرْبُوَا : (تاکہ) وہ بڑھتا رہے۔ زیادہ ہوتا رہے۔ وہ بڑھے۔ زیادہ ہو جائے۔ رُبُوٌّ مصدر

يَرْبُوْا : وہ فائدہ مند ہوتا ہے۔ بڑھتا رہتا ہے۔ زیادہ ہوتا ہے۔ رِبَاءٌ مصدر

يُرْبِيْ : وہ بڑھاتا ہے۔ دُگنا تگنا کرتا ہے۔ زیادہ کرتا ہے اِرْبَاءٌ مصدر

لَا يَرْتَابَ : وہ شک نہ کرے۔ وہ دھوکا نہ کھا جائے۔ وہ دھوکے یا شبہ میں نہ پڑیں۔ اِرْتِيَابٌ مصدر

لَمْ يَرْتَابُوْا : وہ شک میں نہیں پڑے۔ شبہ دل میں نہ لائے۔ اِرْتِيَابٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَرْتَدُّ : وہ پلٹتا ہے۔ مُڑتا ہے۔ پلٹے گا۔ (کہ) وہ لوٹے۔ وہ جھکے اِرْتِدَادٌ

يَرْتَدِدْ : وہ پلٹتا ہے۔ پلٹے گا۔ وہ پھر جائے۔ اِرْتِدَادٌ مصدر

يَرْتَعْ : وہ فراغت سے کھائے گا۔ مزے سے کھائے پیے۔ رُتُوْعٌ مصدر

يَرْتَقُوْا : انہیں چاہیے کہ چڑھیں۔ (ان سے ہو سکے تو) وہ چڑھ جائیں۔ (لِيَرْتَقُوْا) اِرْتِقَاءٌ مصدر

يَرِثُ : وہ وارث ہوتا ہے۔ نائب ہوگا۔ (تاکہ) وہ وارث ہو۔ وِرَاثَةٌ مصدر

يَرِثُوْنَ : وہ وارث ہوتے ہیں۔ وارث ہوں گے۔ جانشین ہوں گے۔ وِرَاثَةٌ مصدر

يَرْجِعُ : وہ پھرتا ہے۔ واپس آئے گا۔ وہ لوٹتا ہے۔ وہ پھیرے گا۔ ڈالے گا۔ وہ لوٹے۔

يُرْجَعُ : وہ پھیرا جاتا ہے۔ لوٹایا جاتا ہے وہ لوٹتا ہے۔ واپس کیا جاتا ہے رَجْعٌ مصدر

يَرْجِعُوْنَ : وہ پھرتے ہیں۔ واپس آئیں گے۔ وہ لوٹتے ہیں۔ وہ لوٹ آئیں۔

يُرْجَعُوْنَ : وہ پھیرے جائیں گے۔ واپس آئیں گے۔ لوٹتے ہیں۔ لوٹائے جائیں گے۔ رَجْعٌ مصدر

يَرْجُمُوْا : (کہ) وہ سنگسار کر دیں۔ وہ پتھراؤ کر کے مار ڈالیں گے۔ رَجْمٌ مصدر

يَرْجُوْا : وہ امید رکھتا ہے۔ آس رکھتا ہے۔ رَجَاءٌ مصدر

يَرْجُوْنَ : وہ امید رکھتے ہیں۔ آس

toobaa-elibrary.blogspot.com

رکھیں گے۔ رَجَاءٌ مصدر

يَرْحَمُ: وہ مہربانی کرتا ہے۔ وہ رحم کرتا ہے۔ (کہ) وہ مہربانی کرے۔ رَحْمَةٌ مصدر

لَمْ يَرْحَمْ: (اگر) اس نے رحم نہیں کیا۔ وہ مہربانی نہ کرے۔ رَحْمَةٌ مصدر

يُرِدْ: وہ ارادہ کرتا ہے۔ قصد کرتا ہے۔ (اگر) وہ ارادہ کرے۔ اِرَادَةٌ مصدر

لَمْ يُرِدْ: اس نے ارادہ نہیں کیا۔ قصد نہیں کیا۔

يُرَدُّ: وہ پھیرا جاتا ہے۔ لوٹایا جاتا ہے۔ واپس کیا جاتا ہے۔ لوٹایا جائے گا۔ رَدٌّ مصدر

يُرِدْنِ: (اگر) وہ مجھ کو چاہے۔ میرے لیے چاہے۔ میرے متعلق ارادہ کرے۔ اِرَادَةٌ مصدر

يَرُدُّوْا: (یہاں تک کہ) وہ پھیر دیں۔ لوٹا دیں۔ وہ پھیر دیں گے۔ لوٹا دیں گے۔

يُرْدُوْا: (تاکہ) وہ تباہ کر دیں۔ ہلاک کر دیں۔ برباد کر دیں۔ ہلاکت میں ڈال دیں۔ اِرْدَاءٌ مصدر

يَرُدُّوْنَ: وہ پھیر دیتے ہیں۔ وہ لوٹا دیں۔ رَدٌّ مصدر

يُرَدُّوْنَ: وہ پھیرے جائیں گے۔ ان کو ڈالا جائے گا۔ رَدٌّ مصدر

يَرْزُقُ: وہ روزی دیتا ہے۔ رزق دیتا ہے۔

يَرْزُقَنَّ: وہ ضرور رزق دے گا۔ روزی فراہم کرے گا۔ (لَيَرْزُقَنَّ) رَزْقٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُرْزَقُوْنَ : اُن کو روزی دی جائیگی۔ ان کو رزق دیا جائے گا۔ ان کو خوراک پہنچائی جاتی ہے۔ ان کو کھلایا جاتا ہے۔ رِزْقٌ مصدر

يُرْسِلُ : وہ بھیجتا ہے یا بھیجے گا۔ (تاکہ) وہ بھیج دے اِرْسَالٌ مصدر

يُرْسَلُ : وہ بھیجا جاتا ہے۔ چھوڑا جاتا ہے۔ وہ چھوڑے جاتے ہیں۔ اِرْسَالٌ مصدر

يَرْشُدُوْنَ : وہ راہ پاتے ہیں۔ ہدایت یافتہ ہوں گے۔ ہدایت پائیں گے۔ رُشْدٌ مصدر

يَرْضَ / يَرْضٰى : وہ خوش ہوتا ہے۔ راضی ہوگا۔ رضامند ہوگا۔ پسند کریگا۔ رِضًا مصدر

يُرْضِعْنَ : وہ دودھ پلاتی ہیں۔ وہ دودھ پلائیں۔ اِرْضَاعٌ مصدر

يَرْضَوْا : (تاکہ) وہ راضی ہو جائیں۔ رضامند ہو جائیں۔ رِضًا مصدر

يُرْضُوْا : (تاکہ) وہ راضی کر لیں۔ رضامند کر لیں۔ خوش کر دیں۔ اِرْضَاءٌ مصدر

يَرْضَوْنَ : وہ خوش ہوتے ہیں۔ راضی ہونگے پسند کریں گے۔ رِضًا مصدر

يُرْضُوْنَ : وہ راضی کرتے ہیں۔ خوش رکھتے ہیں۔ رضامند رکھتے ہیں۔ اِرْضَاءٌ مصدر

يَرْضَيْنَ : وہ خوش ہوتی ہیں۔ وہ راضی رہیں۔ وہ خوش ہو جائیں۔ (مؤنث)

يَرْغَبُ عَنْ : وہ انکار کرتا ہے۔ رُوگردانی کرتا ہے۔ وہ بیزار ہوتا ہے۔ رَغْبَةٌ مصدر

يَرْغَبُوْا بِعَنْ : (کہ) وہ ترجیح دیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(کے مقابلہ میں) عزیز رکھیں۔
رَغَبٌ مصدر

يَرْفَعُ : وہ بلند کرتا ہے۔ اٹھاتا ہے۔ ترقی دیتا ہے۔ وہ اونچا کرے گا۔
رَفْعٌ مصدر

يَرْقُبُوْا : وہ لحاظ کریں۔ پاس کریں۔ دھیان کریں۔ رُقُوْبٌ مصدر

يَرْقُبُوْنَ : وہ امید رکھتے ہیں۔ لحاظ کرتے ہیں۔ پاس رکھتے ہیں۔ دیکھتے ہیں۔ دھیان کریں گے۔ لحاظ کریں گے۔ رُقُوْبٌ مصدر

يَرْكَبُوْنَ : وہ سوار ہوتے ہیں۔ چڑھتے ہیں۔ سواری کرتے ہیں۔ رُكُوْبٌ مصدر

يَرْكُضُوْنَ : وہ ایڑ لگاتے ہیں۔ بھاگتے ہیں۔ وہ بھاگ کھڑے ہوتے ہیں۔ رَكْضٌ مصدر

يَرْكَعُوْنَ : وہ رکوع کرتے ہیں۔ عاجزی کرتے ہیں۔ مطیع ہوتے ہیں۔ وہ جھکتے ہیں۔ رُكُوْعٌ مصدر

يَرْكُمُ : وہ تہ بہ تہ رکھے گا۔ ڈھیر کرے گا۔ اوپر تلے رکھے گا۔
رَكْمٌ مصدر

يَرْمُوْنَ : وہ تہمت لگاتے ہیں۔ عیب لگاتے ہیں۔ رَمْيٌ مصدر

يَرْمِ : وہ پھینکے۔ تہمت لگائے۔ بہتان باندھے۔ رَمْيٌ مصدر

لَمْ يَرَوْا : انہوں نے نہیں دیکھا۔ غور نہیں کیا۔ رُؤْيَةٌ مصدر

يَرَوْا : (اگر۔ یہاں تک کہ) وہ دیکھ لیں۔ رُؤْيَةٌ مصدر

يُرَوْا : (تاکہ) اُن کو دکھایا جائے۔
اِرَاءَةٌ مصدر

يَرَوْنَ : وہ دیکھتے ہیں۔ دیکھیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ سمجھتے ہیں۔

يَرْهَبُوْنَ: وہ ڈرتے ہیں۔ خوف رکھتے ہیں۔ رَهْبَةٌ مصدر

يَرْهَقُ: وہ ڈھانکے گا۔ چھائے گا۔ رَهَقٌ مصدر

يُرْهِقَ: وہ عاجز کرتا ہے۔ پھنسا دے۔ گرفتار کرا دے۔ اِرْهَاقٌ مصدر

يُرِيَ: وہ دکھاتا ہے۔ دکھائے گا۔ (تاکہ) وہ دکھائے۔ اِرَاءَةٌ مصدر

يُرِيْدُ: وہ ارادہ کرتا ہے۔ چاہتا ہے۔ وہ چاہے گا۔ پسند کرتا ہے۔ اِرَادَةٌ مصدر

يُرِيْدَا: (اگر) وہ دونوں چاہیں۔ پسند کریں۔

يُرِيْدَانِ: وہ دونوں ارادہ کرتے ہیں۔ چاہتے ہیں۔ اِرَادَةٌ مصدر

يُرِيْدُوْا: (اگر) وہ چاہیں۔ ارادہ کریں۔ اِرَادَةٌ مصدر

يُرِيْدُوْنَ: وہ ارادہ کرتے ہیں۔ چاہتے ہیں۔ چاہیں گے۔ اِرَادَةٌ مصدر

يُرِيْكُمُوْ: وہ تم کو دکھاتا ہے۔ (يُرِيْ اور كُمُوْ سے مرکب ہے)۔

لَا يَزَالُ: وہ ہمیشہ رہتا ہے۔ ہمیشہ رہے گا۔ زَيْلٌ مصدر

لَا يَزَالُوْنَ: وہ ہمیشہ رہتے ہیں۔ ہمیشہ رہیں گے۔ زَيْلٌ مصدر

يُزْجِيْ: وہ چلاتا ہے۔ اٹھاتا ہے۔ کھینچتا ہے۔ اِزْجَاءٌ مصدر

يَزِدْ: وہ زیادہ کرتا ہے۔ بڑھاتا ہے۔ بڑھائے گا۔ زِيَادَةٌ مصدر

لَمْ يَزِدْ: اس نے زیادہ نہیں کیا۔ بڑھایا نہیں۔ زِيَادَةٌ مصدر

يَزْدَادَ: (تاکہ) وہ زیادہ ہو جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بڑھ جائے۔

يَزْدَادُوْا: (تاکہ) وہ زیادہ ہوجائیں۔ بڑھ جائیں۔ اِزْدِيَادٌ مصدر

يَزِرُوْنَ: وہ بوجھ اٹھاتے ہیں۔ اٹھائینگے

يَزْعُمُوْنَ: وہ گمان کرتے ہیں۔ زعم کرتے ہیں۔ دعوٰی کرتے ہیں۔ زَعْمٌ مصدر

يَزِغُ: وہ منحرف ہوگا۔ وہ پھر جائے۔ سرتابی کرے۔ ٹیڑھ پن اختیار کرے زَيْغٌ مصدر

يَزِفُّوْنَ: وہ گھبراتے ہیں۔ گھبرائے ہوئے۔ دوڑتے ہوئے۔ زُفُوْفٌ مصدر

يَزَّكّٰى: وہ پاک ہوتا ہے۔ (شاید کہ) وہ پاکیزگی حاصل کرلیتا سنوجاتا۔ (اصل میں يَتَزَكّٰى تھا۔ ت کو ز سے بدل کر زمیں ادغام کردیا گیا)۔ تَزَكِّيٌ مصدر

يُزَكُّوْنَ: وہ پاک کرتے ہیں۔ سنوارتے ہیں۔ پاکیزہ بتلاتے ہیں۔ تَزْكِيَةٌ مصدر

يُزَكِّيْ: وہ پاک کرتا ہے۔ سنوارتا ہے۔ پاک کرے گا۔ تَزْكِيَةٌ مصدر

يُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ: وہ تجھ کو غصہ سے گھور کر دیکھتے ہیں۔ تیز نظروں سے دیکھتے ہیں۔ (عربی میں محاورہ ہے، گویا چاہتے ہیں کہ اس طرح تجھ کو تیرے اُس مقام سے بزعم خود گرادیں جو اللہ نے تیرے لیے مخصوص کیا ہے) اِزْلَاقٌ مصدر

يَزْنُوْنَ: وہ زنا کرتے ہیں۔ بدکاری کرتے ہیں۔ زِنًى مصدر

يَزْنِيْنَ: وہ زنا کریں گی۔ بدکاری کرینگی۔ زِنَاءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُزَوِّجُ : وہ جوڑا لگاتا ہے۔ وہ جوڑا ملا دیتا ہے۔ جوڑے لگائیگا۔ تَزْوِيجٌ مصدر

يَزِيْدُ : وہ زیادہ دیتا ہے۔ زیادہ کرے گا۔ زیادہ دے گا۔ بڑھاتا ہے۔ بڑھائے گا۔ فائدہ دیگا۔ زِيَادَةٌ مصدر

يَزِيْدَنَّ : وہ ضرور زیادہ کرے گا۔ بڑھائے گا۔ (لَيَزِيْدَنَّ)

يَزِيْدُوْنَ : وہ بڑھتے ہیں۔ بڑھاتے ہیں۔ زیادہ ہونگے زِيَادَةٌ مصدر

يَزِيْغُ : وہ ٹیڑھا ہوگا۔ (کہ) وہ کجی اختیار کرے۔ سرتابی کرے۔ زَيْغٌ مصدر

يُسَارِعُوْنَ : وہ دوڑتے ہیں۔ وہ سبقت کرتے ہیں۔ جلدی کرتے ہیں۔ مُسَارَعَةٌ مصدر

يُسَاقُوْنَ : وہ کھینچے جا رہے ہیں۔ اُنھیں دھکیلا جا رہا ہے۔ سَوْقٌ مصدر

يَسْئَلُ : وہ پوچھتا ہے۔ مانگتا ہے۔ وہ جواب طلب کرتا ہے۔ سوال کرتا ہے۔ حساب لیتا ہے۔ سُؤَالٌ مصدر

يُسْئَلُ : اُس سے جواب طلب کیا جائے گا۔ اس کا حساب لیا جاتا ہے۔ اس سے پوچھا جائے گا۔ سُؤَالٌ مصدر

يَسْئَلْكُمُوْ : (اگر) وہ تم سے پوچھے۔ جواب طلب کرے۔ سُؤَالٌ مصدر

يُسْئَلُنَّ : اُن سے ضرور پوچھا جائیگا۔ جواب طلب کیا جائے گا۔ (لَيُسْئَلُنَّ)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَسْئَلُوْنَ : وہ پوچھتے ہیں۔ مانگتے ہیں۔ سوال کرتے ہیں۔ دریافت کرتے ہیں۔ سُؤَالٌ مصدر

يُسْئَلُوْنَ : ان سے جواب طلبی ہوگی۔ دریافت کیا جائے گا۔ سُؤَالٌ مصدر

يَسْئَمُ : وہ تھکتا ہے۔ اُکتاتا ہے۔ سُستی برتتا ہے۔ کاہل ہوتا ہے

يَسْئَمُوْنَ : وہ تھکتے ہیں۔ عاجز ہوتے ہیں۔ اُکتاتے ہیں۔ سُستی کرتے ہیں۔ سَأْمَةٌ مصدر

يَسْبِتُوْنَ : وہ ہفتہ کرتے ہیں۔ ہفتہ مناتے ہیں۔ وہ چھٹی کرتے ہیں۔ سَبْتٌ مصدر

يُسَبِّحُ : وہ پاکی بولتا ہے۔ وہ پاکی بیان کرتا ہے تَسْبِيْحٌ مصدر

يُسَبِّحْنَ : وہ پاکی سے یاد کرتے ہیں (صیغہ مؤنث)۔

يُسَبِّحُوْنَ : وہ تسبیح کرتے ہیں۔ وہ یاد کرتے ہیں۔ پاکی بیان کرتے ہیں۔ تَسْبِيْحٌ مصدر

يَسْبَحُوْنَ : وہ (خلا میں) تیزی سے تیرتے ہیں۔ گذرتے ہیں۔ سَبْحٌ مصدر

يَسْبِقُوْا : (کہ) وہ آگے بڑھ جائیں گے۔ سبقت لے جائینگے۔ سَبَاقٌ مصدر

يَسْتَأْذِنُوْا : (یہاں تک کہ) وہ اجازت حاصل کرلیں۔ انھیں چاہیے کہ وہ اجازت لیں۔ (لِيَسْتَأْذِنُوْا)

يَسْبِقُوْنَ : وہ سبقت کرتے ہیں۔ آگے بڑھتے ہیں۔ آگے بڑھیں گے۔

يَسُبُّوْا : وہ گالی دیتے ہیں۔ بُرا کہتے ہیں۔ بُرا بھلا کہیں گے۔ گالی دیں۔ سَبٌّ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَسْتَأْخِرُوْنَ : وہ دیر کرتے ہیں۔ دیر لگاتے ہیں۔ دیر لگائیں گے۔ اِسْتِيْخَارٌ مصدر

يَسْتَأْذِنُ : وہ حکم چاہتا ہے۔ (تاکہ) وہ اجازت لے۔ اس کو چاہیے کہ وہ اجازت لے (لِيَسْتَأْذِنْ) اِسْتِيْذَانٌ مصدر

يَسْتَأْذِنُوْنَ : وہ اجازت چاہتے ہیں۔ اجازت لیں گے۔

يَسْتَبْدِلْ : وہ بدل دے گا۔ بدلہ میں لے آئے گا۔ اِسْتِبْدَالٌ مصدر

يَسْتَبْشِرُوْنَ : وہ خوش ہوتے ہیں۔ وہ خوش ہو رہے ہیں۔ خوشیاں مناتے ہوئے

يَسْتَثْنُوْنَ : وہ اللہ کی تعریف بیان کرتے ہیں۔ وہ استثنا کرتے ہیں یعنی اِنْ شَاءَ اللہ کہتے ہیں۔

يَسْتَجِيْبُ : وہ جواب دے گا۔ پکار کو پہنچے گا۔ قبول کرے گا۔ قبول کرتا ہے۔ اِسْتِجَابَةٌ مصدر

يَسْتَجِيْبُوْا : انھیں چاہیے کہ وہ (میرے احکام) کو قبول کریں (لِيَسْتَجِيْبُوْا)

لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا : انہوں نے جواب نہیں دیا۔ (احکام کو) قبول نہیں کیا۔ (اگر) وہ قبول نہ کریں۔

يَسْتَجِيْبُوْنَ : وہ جواب دیتے ہیں۔ قبول کرتے ہیں۔ اِسْتِجَابَةٌ مصدر

يَسْتَحِبُّوْنَ : وہ دوست رکھتے ہیں۔ محبت کرتے ہیں۔ پسند کرتے ہیں۔ چاہتے ہیں۔

يَسْتَحْسِرُوْنَ : وہ تھکتے ہیں۔ دریغ کرتے ہیں۔ اُکتاتے ہیں۔ عاجز ہوتے ہیں۔

يَسْتَحْيُوْنَ : وہ زندہ چھوڑ دیتے ہیں۔ زندہ رکھتے ہیں۔ اِسْتِحْيَاءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَسْتَحْيِيْ : وہ شرماتا ہے۔ زندہ رکھتا ہے۔ زندہ چھوڑ دیتا ہے اِسْتِحْيَاءٌ مصدر

يَسْتَخْرِجَا : (کہ) وہ دونوں نکال لیں۔ اِسْتِخْرَاجٌ مصدر

لَا يَسْتَخِفَّنَّ : وہ ہرگز ہلکا نہ کر دے۔ خفیف نہ کر دے۔ بے یقینی پیدا نہ کر دے۔

يَسْتَخْفُوْا : (تاکہ) وہ پوشیدہ رکھ لیں۔ چھپا لیں۔ اِسْتِخْفَاءٌ مصدر

يَسْتَخْفُوْنَ : وہ چھپتے ہیں۔ چھپاتے ہیں۔ پوشیدہ رکھتے ہیں۔ اِسْتِخْفَاءٌ مصدر

يَسْتَخْلِفُ : وہ خلیفہ بناتا ہے۔ پیچھے لاتا ہے۔ نائب بنائے گا۔ اِسْتِخْلَافٌ مصدر

يَسْتَخْلِفَنَّ : وہ ضرور جانشین کرے گا۔ پیچھے لائے گا۔ نائب بنائے گا۔

يَسْتَسْخِرُوْنَ : وہ ہنسی کرتے ہیں۔ مذاق اُڑاتے ہیں۔ اِسْتِسْخَارٌ مصدر

يَسْتَصْرِخُ : وہ فریاد چاہتا ہے۔ چیختا چلّاتا ہے۔ فریاد کرتا ہے۔

يَسْتَضْعِفُ : وہ کمزور سمجھتا ہے۔ ضعیف خیال کرتا ہے۔

يُسْتَضْعَفُوْنَ : وہ کمزور پائے جاتے ہیں۔ ناتواں شمار ہوتے ہیں۔ کمزور خیال کیے جاتے ہیں۔

لَمْ يَسْتَطِعْ : وہ نہیں کر سکا۔ (جو) نہ کر سکے۔ طاقت نہ رکھے۔ اِسْتِطَاعَةٌ مصدر

يَسْتَطِيْعُ : وہ طاقت رکھتا ہے۔ وہ کر سکتا ہے اِسْتِطَاعَةٌ مصدر

يَسْتَطِيْعُوْنَ : وہ طاقت رکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ کر سکتے ہیں اِسْتِطَاعَةٌ مصدر

